ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | بدھ 27 جمادی الاول 1447ھ 19 نومبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 135

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

باجوڑ اور بنوں میں فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے 23 دہشتگرد ہلاک

باجوڑ ضلع میں فورسز نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کی، فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو مؤثر طریقے سے نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں 11 خارجی دہشتگرد بشمول سرغنہ سجاد عرف ابوذر ہلاک ہوگیا

بھارتی حمایت یافتہ خارجیوں کو ختم کرنے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری، انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں کے مقابلے فتنہ الخوارج کی کم ہوتی صلاحیت اور بڑھتی ہوئی جھنجلاہٹ کی نشاندہی ہے

باجوڑ میں خوارج کے سرغنہ سمیت متعدد دہشت گردوں کا مارا جانا امن دشمن عناصر کے لیے ایک واضح پیغام ہے کہ پاکستان اپنی سرزمین پر دہشت گردی کی کسی بھی کوشش کو ناکام بنا دے گا، صدر، وزیر اعظم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) خیبر پختونخوا میں سیکورٹی فورسز نے دو الگ الگ آپریشن کے دوران بھارت کی پراکسی فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 23 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق 16-17 نومبر 2025 کو خوارج کی موجودگی کی مصدقہ اطلاع پر باجوڑ ضلع میں سکیورٹی فورسز نے ایک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو مؤثر طریقے سے نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں 11 خارجی دہشتگرد بشمول سرغنہ سجاد عرف ابوذر ہلاک ہو گئے۔ آئی ایس پی آر جانب سے جاری اطلاعات کے مطابق ایک اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن بنوں ضلع میں کیا گیا، جہاں سکیورٹی فورسز نے مزید 12 خوارج کو کامیابی سے ٹھکانے لگا دیا۔ پاک فوج کے ترجمان ادارے کے مطابق علاقے میں موجود کسی بھی دیگر بھارتی سرپرستی یافتہ خارجی کی تلاش اور خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشنز جاری ہیں۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے عزم استحکام کے وژن (جسے نیشنل ایکشن پلان کی فیڈرل ایپکس کمیٹی نے منظور کیا) کے تحت غیر ملکی امداد یافتہ اور سرپرستی شدہ دہشت گردی کے ناسور کو ملک سے مٹانے کے لیے اپنی انسداد دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رکھیں گے۔ دریں اثنا، خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والا ایک دہشتگرد بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانے کیلئے بارودی مواد نصب کرتے ...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

مذاکرات اور دہشتگردانہ حملے ایک ساتھ نہیں چل سکتے، وزیر داخلہ

محسن نقوی سے قائم مقام امریکی سفیر کی ملاقات، نیٹلی بیکر کی اسلام آباد دھماکے کی مذمت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے قائم مقام امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے ملاقات کی۔ قائم مقام امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے اسلام آباد کچہری کے قریب خودکش دھماکے کی مذمت کی اور دھماکے کے باعث جاں بحق افراد کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کیا۔ قائم مقام امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قائم مقام امریکی سفیر نیٹلی بیکر...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل سے روزنامہ مشرق کے چیف ایڈیٹر کامران ممتاز ملاقات کر رہے ہیں

شفاف طرز حکمرانی اور عوامی مسائل حل کرنے کیلئے کوشاں ہیں، وزیر اعلیٰ

اراکین اسمبلی عوام کے حقیقی نمائندے ہیں، ان کی تجاویز اور آراء صوبائی پالیسیوں کی بہتری میں اہم کردار ادا کرتی ہیں

سرمایہ کاری کے فروغ، نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اور انفراسٹرکچر کی مضبوطی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے منگل کے روز لیڈر آف اپوزیشن میر یونس عزیز زہری، اراکین صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی، سید ظفر آغا، حاجی طور خان اتمانخیل اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں صوبے کی سیاسی صورتحال، جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح و بہبود اور باہمی دلچسپی کے...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اپوزیشن لیڈر میر محمد یونس عزیز زہری ملاقات کر رہے ہیں

بھارتی آرمی چیف کا بیان نظر انداز نہیں کر سکتے، سرحدی حملے کا خدشہ موجود ہے، وزیر دفاع

افغانستان دہشت گردوں کی پناہ گاہ بن چکا، پاکستان کو غزہ پر بین الاقوامی فورسز کا حصہ بننا چاہیے، خواجہ آصف

فیملی پلاننگ اہم مسئلہ، آبادی بڑھنا بم کی طرح ہے، فیض حمید کے ٹرائل کے حوالے سے مجھے کوئی علم نہیں، انٹرویو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ بھارتی آرمی چیف کے بیان کو نظر انداز نہیں کر سکتے، سرحدی حملے کا خدشہ موجود ہے۔ افغانستان دہشت گردوں کی پناہ گاہ بن چکا ہے، پاکستان کو غزہ پر بین الاقوامی فورسز کا حصہ بننا چاہیے ایک انٹرویو میں خواجہ آصف نے کہا کہ افغانستان دراندازی کر رہا ہے، اس میں بھارت کا ہاتھ ہے، سعودی عرب، یو اے ای، ایران اور چین سمیت دیگر...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی کی قیادت میں اپوزیشن رہنما شاہراہ دستور پر احتجاج کر رہے ہیں

غزہ میں بورڈ آف پیس کے نام سے عبوری حکومت کے قیام کی منظوری، بین الاقوامی استحکام فورس کا قیام بھی قرارداد میں شامل، پاکستان کی حمایت

سلامتی کونسل نے غزہ میں کثیر الملکی فوج تعینات کرنے کی منظوری دیدی

روس اور چین نے رائے شماری میں حصہ نہیں لیا

امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے سلامتی کونسل میں پیش کردہ قرارداد کے حق میں برطانیہ اور فرانس سمیت 13 ممالک نے ووٹ دیا، قرارداد جنگ بندی کو برقرار رکھنے کی جانب ایک اہم قدم، انتونیو گوتریس

ٹرمپ منصوبے میں غزہ کی غیر عسکریت اور انتہا پسندی کے خاتمے پر زور ہے، ٹرمپ وژن کے مطابق منصوبہ اسرائیل اور پڑوسیوں میں انضمام امن اور خوشحالی کا باعث بنے گا، اسرائیلی وزیر اعظم کا خیر مقدم

امریکی منصوبہ غزہ میں مستقل اور جامع جنگ بندی انسانی امداد کی بلاتعطل فراہمی کی توثیق کرتا ہے، یہ منصوبہ فلسطینیوں کے حق خود ارادیت اور آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کی بھی توثیق ہے، فلسطینی اتھارٹی

غزہ سے اسرائیلی فورسز کا مکمل انخلاء چاہتے ہیں 1967 سے پہلے کی سرحدوں کے مطابق فلسطینی ریاست کا قیام ہمارا مقصد ہے، فلسطینی ریاست کا دارالحکومت القدس ہونا چاہیے، پاکستانی مندوب عاصم افتخار

نیویارک (م ڈ) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے غزہ میں قیام امن کے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے پیش کردہ 20 نکاتی منصوبے کے حق میں قرارداد...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں تمام سرکاری جامعات کی رینکنگ بڑھ چکی ہے، گورنر

گڈ گورننس کے ذریعے ہی جامعات کے بروقت اجلاسوں کا انعقاد، اداروں کی کارکردگی اور ترقی کو یقینی بنایا جا سکتا ہے

رواں سال میں ہی تمام سرکاری جامعات میں سینیٹ اور سنڈیکیٹ اجلاسوں کے انعقاد کو عملی طور پر ممکن بنایا، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبے کی تمام پبلک یونیورسٹیوں کی تاریخ میں ایک اور سنگ میل عبور کیا گیا ہے۔ اس سال کے آغاز میں ہر سرکاری یونیورسٹی کیلئے چھ ماہ کی مدت کے اندر سینیٹ کے اجلاسوں کو لازمی قرار دے دیا تھا جس کے نتیجے میں الحمدللہ رواں...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعظم شہباز شریف سے امریکی سکھ تنظیم کے صدر کی ملاقات

ہم پاکستان آنے والی سکھ برادری کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہیں، وزیر اعظم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان میں سکھ برادری کے مقدس مقامات اور گردواروں کی دیکھ بھال اور ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امریکہ میں مقیم سکھ برادری کی تنظیم...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

بنوں، پل کو اڑانے کی کوشش ناکام، بم پھٹنے سے دہشتگرد ہلاک

آئی ای ڈی وقت سے پہلے ہی پھٹ گیا جس سے دہشت گرد موقع پر ہی ہلاک ہوگیا

بنوں (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں دہشت گردوں کی جانب سے پل کو دھماکے سے اڑانے کی کوشش اس وقت ناکام ہوگئی جب ایک آئی ای...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا۔ اجلاس میں چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے حوالے سے آڈٹ رپورٹ پر پی اے سی کی رپورٹ پیش کریں گے...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

بشریٰ بی بی کیخلاف ٹرولنگ اور مہم چلانا افسوسناک ہے، بیرسٹر گوہر

27 ویں ترمیم سے توجہ ہٹانے کیلئے حکومت 28 ویں ترمیم کی بازگشت کر رہی ہے

خود کو قانون سے بالاتر سمجھنے والے لوگوں کی نظروں میں گر چکے ہیں، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بشریٰ بی بی کیخلاف ٹرولنگ اور مہم چلانا افسوسناک ہے، دی اکانومسٹ کی رپورٹ الزامات پر مبنی ہے، 27 ویں ترمیم سے توجہ ہٹانے کیلئے حکومت 28 ویں ترمیم کی بازگشت کر رہی ہے، خود کو قانون سے بالاتر سمجھنے والے لوگوں کی نظروں میں گر چکے ہیں۔ راولپنڈی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بشریٰ بی بی اور بانی پی ٹی آئی جیل میں ہیں، اس وقت اس مضمون کا آنا افسوسناک ہے، ہم اس مضمون کی مذمت کرتے ہیں، بالکل بے بنیاد الزامات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک تحفظ آئین کا شاہراہ دستور پر احتجاج، 27 ویں ترمیم کیخلاف یوم سیاہ کا اعلان

ہم ایسے دستور کو نہیں مانتے نہیں جانتے، 27 ویں آئینی ترمیم بنیادی حقوق پر ڈرون حملہ ہے، محمود خان اچکزئی

آنے والا جمعہ کو پورے ملک میں یوم سیاہ منایا جائے گا، ہر کوئی سیاہ پٹیاں باندھے گا، علامہ راجہ ناصر عباس

ہمارا آئین کہتا ہے کہ یہاں اسلام کے خلاف کوئی قانون نہیں بنے گا، رہنماؤں کی میڈیا نمائندوں سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک تحفظ آئین پاکستان نے جمعہ 21 نومبر کو 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف ملک بھر میں یوم سیاہ منانے کا اعلان کر دیا۔ سپریم کورٹ کے سامنے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اپوزیشن...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

ملک بھر میں آئینی عدالت کا بائیکاٹ کیا جائے، وکلا ایکشن کمیٹی

پاکستان وکلا ایکشن کمیٹی وفاقی آئینی عدالت کو مسترد کرتی ہے، اعلامیہ

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام آل پاکستان وکلا ایکشن کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق آل...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ارے بھائی ہمارے پاس اب کھونے کو کچھ نہیں بچا، جج سپریم کورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے جج جسٹس ہاشم کاکڑ کا ایک کیس کی سماعت کے دوران ڈی آئی جی ہیڈکوارٹر ملک جمیل ظفر سے اہم مکالمہ ہوا، جب کہ جسٹس ہاشم کاکڑ کے ہلکے پھلکے انداز میں دیے گئے ریمارکس پر کمرہ عدالت میں قہقہے لگ گئے۔ سپریم...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: اہم شاہراہوں سے رکاوٹیں ہٹا دی گئیں، ٹریفک روانی بحال

طویل عرصے سے سڑکوں کی بندش سے شہریوں کو شدید مشکلات درپیش تھیں

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں فوری ایکشن میں آ گئے۔ سیکورٹی وجوہات کے نام پر طویل عرصے سے بند کی گئی متعدد...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

آزاد کشمیر کا انتقال اقتدار جمہوری انداز میں ہوا، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آزاد جموں و کشمیر کے نومنتخب وزیر اعظم فیصل ممتاز راٹھور کو عہدہ سنبھالنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے تہنیتی بیان میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ فیصل ممتاز راٹھور کا منصب سنبھالنا آزاد کشمیر کے لیے ایک نئے سیاسی...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی ولی عہد کا امریکا میں ایک کھرب ڈالر سرمایہ کاری کا اعلان، دفاعی معاہدے پر پہنچ چکے ہیں، ٹرمپ

شہزادہ محمد بن سلمان کی ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات، امریکی صدر نے سعودی ولی عہد کے استقبال کے لیے وائٹ ہاؤس سے باہر آ کر مصافحہ کیا

سعودی عرب ایف 35 لڑاکا طیارے خریدے گا، اسرائیل اور سعودی عرب کو ایف 35 طیاروں کی لائن میں آگے ہونا چاہیے، صدر ٹرمپ

واشنگٹن (خواجہ فاروق سے) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات میں امریکا میں ایک کھرب ڈالر تک سرمایہ کاری بڑھانے...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری کی زیر صدارت اجلاس، افسران کی ترقی کی سفارش

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبائی سلیکشن بورڈ کا اجلاس ہوا جس میں مختلف محکموں کے 112 ایجنڈے اور 1018 کیسز تھے۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے افسران کی مختلف گریڈز میں ترقی کی سفارش کی گئی۔ اجلاس...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان پولیس اور پی آئی ٹی بی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

معاہدہ سمارٹ پولیسنگ اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر نفاذ کا سبب بنے گا، آئی جی محمد طاہر

کوئٹہ (آن لائن) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر کی زیر صدارت بلوچستان پولیس اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے درمیان جدید ٹیکنالوجی کے...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ: تحصیل ہیڈکوارٹر کے قریب دستی بم دھماکہ

مستونگ (یو این اے) مستونگ میں نامعلوم مسلح افراد نے تحصیل ہیڈکوارٹر کے قریب دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے۔ دستی بم زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کی آواز دور دور تک سنی گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق اس حملے میں خوش قسمتی سے کسی کو جانی یا مالی نقصان نہیں...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی جانب سے اے پی این ایس کی ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران کے اعزاز میں دیے گئے عشائیہ کے شرکاء

ایران نے بھارتی شہریوں کیلئے ویزا فری انٹری ختم کر دی

تہران (م ڈ) ایران نے بھارتی شہریوں کو دی گئی ویزا فری انٹری کی سہولت واپس لے لی، نئی دہلی میں ایرانی سفارتخانہ نے ایڈوائزری جاری کر دی۔ تفصیلات کے مطابق ایرانی سفارتخانے نے ایڈوائزری میں کہا ہے کہ بھارتی شہریوں کیلئے ایران میں ویزہ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد ہائیکورٹ کی منتقلی کے معاملے پر بارز آمنے سامنے آگئیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ کی شاہراہ دستور سے منتقلی کے معاملے پر بارز آمنے سامنے آگئیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ بار کے سیکریٹری نے عدالت کی سیکٹر جی 10 منتقلی کرنے کی مخالفت کر دی جبکہ اسلام آباد ڈسٹرکٹ بار نے ہائیکورٹ کی...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

بی آر اے نے ٹیکس چوروں کے خلاف مہم کا آغاز کر دیا

ٹیکس کی عدم ادائیگی پر کوئٹہ کے مختلف ریسٹورنٹس سیل کر دیئے گئے

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے ٹیکس چوروں کے خلاف مہم کا آغاز کر دیا۔ بلوچستان...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

اسموگ سے سانس کی بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ہے، قومی ادارہ صحت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قومی ادارہ صحت نے کہا ہے کہ اسموگ سے سانس کی بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ہے۔ اسلام آباد سے قومی ادارہ صحت نے اسموگ کے حوالے سے انتباہ جاری کرتے ہوئے اس سے بچاؤ کیلئے ایڈوائزری جاری کر دی۔ ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

نومنتخب وزیر اعظم آزاد جموں و کشمیر راجا فیصل ممتاز راٹھور نے حلف اٹھالیا

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) راجا فیصل ممتاز راٹھور نے منگل کو آزاد جموں و کشمیر کے 16 ویں وزیر اعظم کے طور پر حلف اٹھا لیا۔ حلف برداری کی تقریب ایوان صدر مظفر آباد میں منعقد کی گئی، اسپیکر آزاد جموں و کشمیر اسمبلی چوہدری لطیف اکبر نے حلف لیا۔ پاکستان پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے راجا فیصل ممتاز راٹھور...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

بند کمروں میں بیٹھ کر آزاد کشمیر کی حکومت نہیں چلائیں گے، بلاول بھٹو

شہید بینظیر بھٹو نے کہا تھا جہاں کشمیریوں کا پسینہ گرے گا وہاں ہمارا خون بہے گا، چیئرمین پیپلز پارٹی

مودی اپنا منہ دنیا سے چھپا رہا ہے، بتانا چاہتا ہوں کہ آپ جنگیں بھی ہارے اور اب سازش بھی ہارو گے

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا کہنا ہے کہ ہم بند کمروں میں بیٹھ کر آزاد کشمیر کی حکومت نہیں چلائیں گے۔ وزیر اعظم آزاد کشمیر کی حلف برداری کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کشمیر کے عوام کو مبارکباد دیتا ہوں، اب کہہ سکتا ہوں کہ ہم نے کشمیر میں سیاست کو بحال کیا۔ بلاول بھٹو زرداری...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

امن کیلئے پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرنے کا خواہاں، روسی سفیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں روس کے سفیر البرٹ پی خوریف نے کہا ہے کہ روس خطے میں امن کے قیام کے لیے پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرنے کا خواہاں ہے اور پاکستان اور بھارت کے درمیان حالیہ کشیدگی کے بعد ثالثی کے لیے بھی سرگرم ہے۔ افغانستان کے حالات بہتر بنانے میں بھی روس...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کی بہنوں کا دھرنا، پولیس نے گرفتاریاں شروع کر دیں

مظاہرین سے مذاکرات کر کے انہیں منتشر کرنے کی کوشش کی جو ناکام رہی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان سے ملاقات نہ کروانے پر اڈیالہ جیل...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور ہائیکورٹ کا پولیس کو خاتون نور بی بی کو ہراساں نہ کرنے کا حکم

پولیس حکام کے پاس درخواست گزار کے گھر چھاپہ مارنے کا اختیار نہیں، عدالت عالیہ

لاہور (م ڈ) لاہور ہائیکورٹ نے اسلام قبول کرنے کے بعد شیخوپورہ کے رہائشی ناصر حسین سے نکاح کرنے والی...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

دبئی ایئر شو، بھارتی طیارے سے فیول لیک ہونے کی ویڈیو وائرل

دبئی (م ڈ) دبئی ایئر شو میں بھارتی طیارے کے آئل لیک ہونے کی ویڈیو وائرل ہونے کے باعث سوشل میڈیا پر مذاق بن گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت کے مقامی طور پر تیار کردہ لڑاکا طیارے تیجس...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی، پولیس نے علیمہ خان سے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل کروا دی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پولیس نے بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان سے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل کروا دی۔ منگل کو ڈی ایس پی اظہر شاہ نے فیکٹری ناکے پہنچ کر وارنٹ کی تعمیل کروائی۔ بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی بیٹیاں بہادری اور حب الوطنی کی علامت ہیں، کمانڈر 12 کور

ایف سی میں خواتین کی شمولیت سے پیشہ ورانہ استعداد میں اضافہ اور سولجر خواتین دیگر کیلئے باعث فخر ہونگی، لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم خان

ایف سی نارتھ کی 68 ویں لیڈیز بیچ کی پاسنگ آؤٹ پریڈ، بلوچستان کی 89 خواتین سخت اور اعلیٰ معیار کی تربیت مکمل کر کے فورس میں شامل

کوئٹہ (یو این اے) فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کی 68 ویں لیڈیز بیچ کی شاندار پاسنگ آؤٹ پریڈ کوئٹہ میں ہوئی، جس میں بلوچستان کی 89 خواتین نے سخت اور اعلیٰ معیار کی تربیت مکمل کرنے کے بعد باقاعدہ طور پر ایف سی میں شمولیت اختیار کر لی۔ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر



کوئٹہ شہر کو 4 اضلاع میں تقسیم کرکے آبادی کے لحاظ سے وسائل فراہم کیے جائیں

ضلع کوئٹہ کی آبادی 50 لاکھ کے قریب ہے 2022 میں 27 لاکھ کی آبادی کو نوٹیفکیشن ہوا اور آج تک فنڈز اسی آبادی کے حساب سے مل رہے ہیں

بلوچستان اس جدید دور میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہے، عبدالستار شاہ چشتی

معین الدین قریش بلوچستان بھر کے ٹراما سینٹرز کے فوکل پرسن مقرر

محکمہ صحت بلوچستان کے سیکرٹری داؤد خان خلجی نے تمام ایمرجنسی اور ٹراما سینٹرز کے ذمہ داران کو ہدایت کی ہے کہ فوکل پرسن معین الدین قریش کے ساتھ مکمل تعاون کریں یاد رہے کہ معین الدین قریش اس وقت محکمہ صحت بلوچستان میں آر ایم سی سیکشن میں بطور سیکشن آفیسر خدمات انجام دے رہے ہیں۔

سردار یار محمد رند، سیاست، قبائل اور اصولوں کی پہچان

تحریر: وحتی بخش گچکی

دیرپا اور سنجیدہ فیصلے کیے یہی وجہ ہے کہ انہیں نہ صرف سندھ و بلوچستان بلکہ ملک بھر میں قدر و اہمیت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ سردار یار محمد رند جس بھی سیاسی جماعت میں رہے اپنے اصولی موقف سچائی اور قابلیت کے باعث منفرد اور ممتاز نظر آئے انہوں نے اپنے شخصیت کے بل بوتے پر ہمیشہ قومی و صوبائی اسمبلیوں کے معرکے سر کیے گو کہ سردار رند کو سیاسی میدان میں ہمیشہ بے پناہ مخالفت کا سامنا کرنا پڑا تاہم سخت مخالفت بھی ان کے پایہ استحکام میں لرزش پیدا نہ کرسکی اور انہوں نے رواداری کا دامن ہاتھ سے جانے نہ دیا اور ان روایتوں کے امین رہے سردار یار محمد رند کا شمار ان سینئر سیاستدانوں میں کیا جاتا ہے جو ہر بات بیانگ دہل کہنے کے عادی ہیں اور وہ وفاق اور صوبوں پر یقین رکھنے والے سیاستدان ہیں۔ بلوچستان کی سیاست میں اگر کسی نام کو اصول، وقار اور روایتی قبائلی دانش کی علامت کہا

بلوچستان میں صحافت کے کردار کو بھی خراج تحسین پیش کیا گفتگو کے دوران سردار یار محمد رند نے کہا کہ میں ہمیشہ اُن صحافیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں جو دیانت داری، قلم اور زبان کی پختگی کے ساتھ اپنی ذمہ داری ادا کرتے ہیں۔ میں وحتی بخش گچکی اور شیخ عبدالرزاق جیسے اہل قلم کی طرز تحریر اور صحافتی مہارت کا قائل ہوں یہ الفاظ دراصل اس عہد کی جھلک ہیں جہاں سیاسی رہنما اور صحافی ایک دوسرے کے مخالف نہیں بلکہ قومی شعور کے شریک سفر ہوا کرتے تھے۔ سردار یار محمد رند جیسے رہنما آج بھی اُس روایت کو زندہ رکھے ہوئے ہیں جہاں بات صرف سیاست کی نہیں بلکہ معاشرتی استحکام، رواداری اور باہمی احترام کی ہوتی ہے ان کی گفتگو میں وہی بلوچ وقار، نرمی اور تجربے کی گہرائی جھلکتی ہے۔ جس نے انہیں ایک ایسی شخصیت بنایا جو نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کی قومی سیاست کا اہم حصہ ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل ربانی کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

کیسکو اپنے تمام صارفین کو بجلی فراہمی کیلئے کوشاں ہے

صارفین کو بہتر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے مزید اقدامات کررہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) اپنے زیرانتظام صوبہ کے تمام علاقوں میں صارفین کو بجلی فراہمی کیلئے کوشاں ہے اور تمام صارفین کو بہتر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے مزید اقدامات کررہی ہے۔ اس سلسلے میں وفاقی وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی خصوصی احکامات کی روشنی میں صارفین کی سہولت اور عوامی مطالبہ کے پیش نظر لوڈشیڈنگ فری منصوبہ پر بھی کام جاری ہے۔ جس کیلئے کیسکو ٹیموں کی جانب سے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی کے ڈسٹری بیوشن لائنوں (یعنی 11kv فیڈروں) کو مرحلہ وار بجلی چوری سے پاک کرنے پر کام شروع کیا گیا اور سب ڈویژن کی سطح پر کوئٹہ شہر میں کچھ فیڈروں کا انتخاب کرکے اینٹی کامنگ یعنی میٹروں کی نمایاں جگہ پر دوبارہ تنصیب یقینی بنادیا گیا۔ ان اقدامات سے بجلی چوری کی روک تھام میں خاطر خواہ مدد ملنے کے علاوہ صارفین کو بلاتعطل بجلی فراہمی کی صورت میں براہ راست فائدہ حاصل ہوچکا ہے اور کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں نصب بجلی کے ڈائریکٹ کنڈے اور غیر قانونی کنکشنز کا خاتمہ کرنے کے بعد ان 11kv فیڈروں سے لوڈشیڈنگ بھی ختم کردی گئی ہے۔ لہٰذا تمام صارفین اپنے بجلی بلوں کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ اپنے بقایاجات بھی جمع کرائیں تاکہ اُن کی بجلی فراہمی کے اوقات کار میں اضافہ کیا جاسکے۔ اسکے علاوہ کیسکو اپنے تمام صارفین کی شکایات کے بروقت ازالہ کیلئے بھی کام کررہی ہے جس کے تحت صارفین بجلی کے نئے کنکشنز حاصل کرنے میں تاخیر اور بجلی بندش سے متعلق شکایات کیلئے اپنے متعلقہ دفتر کے ایگزیکٹو انجینئر کو تحریری طور پر درخواست ارسال کرسکتے ہیں نیز کیسکو اپنے صارفین کو آن لائن سہولت کے ذریعے بھی نئے کنکشنز کی جلد فراہمی پر بھی کام شروع کردیا ہے اور صارفین کی آگاہی کیلئے یہ بات بھی ضروری ہے کہ دستاویزات کی فراہمی اور ضروری کارروائی کے بعد متعلقہ دفتر کی جانب سے کم سے کم وقت میں نیا کنکشن نصب کیا جائے

پورے پاکستان کو بلوچستان کی محرومیوں سے آگاہ کریں گے، مرتضیٰ خان کاکڑ

جماعت اسلامی کے اجتماع عام میں شرکت کیلئے بلوچستان سے قافلے آج روانہ ہوں گے

کوئٹہ (آن لائن) جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی بلوچستان مرتضیٰ خان کاکڑ نے کہا کہ جماعت اسلامی کے اجتماع عام میں شرکت کے لیے بلوچستان سے ہزاروں مرد و خواتین کل سے لاہور روانہ ہوں گے۔ اجتماع میں امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمن بلوچ بلوچستان کے مسائل، مشکلات اور مطالبات سے پاکستان کے عوام کو آگاہ اور آئندہ لائحہ عمل کا بھی اعلان کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ اجتماع عام تیاریوں کے حوالے سے مشاورتی اجلاس سے خطاب اور امرائے اضلاع سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں شاہراہیں انٹرنیٹ ریلوے بارڈر تجارت بند روزگار ناپید بنا کر اسٹیبلشمنٹ وحکمرانوں نے ناقابل معافی جرم کیا ہے۔ جماعت اسلامی ان مظالم کے خلاف حق دو بلوچستان مہم چلارہے ہیں۔ ہم مینار پاکستان پر "بلوچستان کا درد اور مطالبات" لے کر جائیں گے اور پورے پاکستان کو بلوچستان کی محرومیوں سے آگاہ کریں گے۔ "اور یہ اجتماع ملک اور بلوچستان میں تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہوگا۔ اس موقع پر انہوں نے تمام امرائے اضلاع، ذمہ داران اور کارکنان کو اپنی تیاریاں مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی۔ مرتضیٰ خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام وفاق کی زیادتیوں ناانصافیوں بدامنی وبدعنوانی کی وجہ سے نہ ختم ہونے والے مسائل ومشکلات کا شکار ہیں عوام مایوس و پریشان اور نوجوان بے روزگار ہیں۔ لاہور اجتماع عام میں بلوچستان کے تمام اضلاع سے ہزاروں مرد وخواتین شرکت کریں گے۔

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کو میرج گرانٹ جاری

کوئٹہ (آئی این پی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عظمیٰ بیگم کو میرج گرانٹ کی مد میں 50000 روپے کا چیک دلوا دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق درخواست گزار عظمیٰ بیگم نے بتایا کہ انہوں نے متعلقہ محکمے کو متعدد بار میرج گرانٹ فنڈ کی ادائیگی کے لیے درخواست دی لیکن ان کی جانب سے کوئی تعاون نہیں کیا گیا۔ اور نہ ہی ان کی کوئی شنوائی ہوئی۔ لہٰذا درخواست گزار نے متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو میرج گرانٹ فنڈ کی مد میں پچاس ہزار کا چیک جلد دیا جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو میرج گرانٹ کی مد میں پچاس ہزار کا چیک جاری کیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

پارٹی کی انتخابی مہم کو موثر بنانے کے لیے رابطہ مہم تیز کی جائے، لعل محمد جنگ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی حلقہ پی بی 44 کا ایک اہم اور مشاورتی اجلاس زیرصدارت میر حاجی لعل محمد جنگ منعقد ہوا، جس میں پارٹی رہنماؤں، معزز قبائلی شخصیات اور کارکنان نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس میں شریک اہم شخصیات میں میر ثناء اللہ جنگ، میر ابرار جعفر، میر اکرم ہنگورگی، میر صوبیدار جنگ، شیر احمد ہنگورگی، طارق سرپرہ، میر طارق سرپرہ، میر حبیب ہنگورگی، ڈاکٹر عبدالغنی، حاکم بوہڑ، عبدالغنی سمالانی سمیت بڑی تعداد میں پارٹی کارکنان شامل تھے۔ اجلاس میں کوئٹہ میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے تفصیلی غور و فکر کیا گیا۔ شرکا نے حلقے میں موجود سیاسی صورتحال، عوامی توقعات، تنظیمی چیلنجز اور انتخابی تقاضوں پر جامع تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر بلدیاتی امیدواروں کے ناموں اور ان کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے مکمل شفاف اور مشاورت پر مبنی طریقہ کار کے تحت حتمی سفارشات مرتب کی گئیں۔ اجلاس میں اتفاق رائے سے فیصلہ کیا گیا کہ پارٹی کی انتخابی مہم کو مؤثر بنانے کے لیے رابطہ مہم، گھر گھر تبلیغ، ووٹر لسٹوں کی چھان بین، عوامی رابطہ دفاتر کے قیام اور میڈیا کوآرڈی نیشن کے لیے متعدد ذیلی کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی۔ کمیٹیوں کو جلد اپنی سفارشات پیش کرنے کی ہدایت بھی کی گئی تاکہ انتخابی مہم کا اگلا مرحلہ بروقت شروع کیا جاسکے۔ اس موقع پر شرکا نے حلقہ پی بی 44 سے منتخب رکن بلوچستان اسمبلی میر عبید گورگیج کی بہترین کارکردگی، علاقے میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کرنے، عوامی مسائل کے حل کے لیے ان کی سنجیدہ کوششوں اور ہر فورم پر عوامی نمائندگی کو بھرپور انداز میں اجاگر کرنے پر انہیں خصوصی خراج تحسین پیش کیا۔ اجلاس کے شرکا نے کہا کہ میر عبید گورگیج نے خدمت کی سیاست کا عملی مظاہرہ کیا ہے، جو پورے حلقے کے لیے باعث فخر ہے۔ شرکا نے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی منظم، متحد اور بھرپور سیاسی حکمت عملی کے ساتھ بلدیاتی انتخابات میں میدان میں اترے گی، اور عوام کی حمایت سے کامیابی حاصل کرے گی۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے نجی ادارے کی سربراہ وحیدہ علی ہزارہ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی قواعد کی خلاف ورزیوں پر کارروائیاں

لائسنس کے بغیر کاروبار، صفائی ستھرائی کی ابتر صورتحال اور ایکسپائرڈ مصنوعات کی فروخت پر جرمانے

ایک مینوفیکچرنگ یونٹ، ایک ٹریڈر اور ایک جنرل اسٹور کو مختلف خلاف ورزیوں پر جرمانہ کیا گیا، ترجمان

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے صوبے کے مختلف اضلاع میں اشیائے خورد و نوش کے مراکز کے خلاف کارروائیاں، جن میں لائسنس کے بغیر کاروبار، صفائی ستھرائی کی ابتر صورتحال اور ایکسپائرڈ مصنوعات کی فروخت پر متعدد فوڈ سینٹرز کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے جرمانے اور اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق کوئٹہ کے مسجد روڈ اور سورج گنج بازار میں بھی انسپکشن کے دوران ایک مینوفیکچرنگ یونٹ، ایک ٹریڈر اور ایک جنرل اسٹور کو مختلف خلاف ورزیوں پر جرمانہ کیا گیا۔ مینوفیکچرنگ یونٹ میں صفائی کے ناقص انتظامات، کھلے کوڑے دان، ورکرز کی غیر معیاری صفائی اور نامناسب اسٹوریج جبکہ ٹریڈرز اور جنرل اسٹور سے ایکسپائرڈ اسنیکس، چائنیز نمک اور نان فوڈ گریڈ کلرز برآمد ہوئے۔ ڈیرہ اللہ یار میں بی ایف اے زونل انسپکشن ٹیم نے مختلف مضافات میں کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد کریانہ اسٹورز اور بیکری اینڈ بیکنگ یونٹس کے مالکان کو جرمانہ کیا جبکہ 7 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ حکام کے مطابق زائد المیعاد مصنوعات، مینوفیکچرنگ و ایکسپائری تاریخ نہ ہونے، ورکرز کی غیر معیاری ذاتی صفائی، کھلے کوڑے دان اور پابندی عائد چائنیز نمک سمیت نان فوڈ گریڈ کلرز کی مقدار برآمد ہوئی۔ تربت میں مکران زون کی ڈویژنل انسپکشن ٹیم نے گرد و نواح میں اشیائے خورد و نوش مراکز کا معائنہ کیا جہاں صفائی کے انتہائی خراب حالات، مضر صحت رنگوں کے استعمال، زنگ آلود برتنوں اور ایکسپائرڈ مصنوعات کی فروخت پر 1 ہوٹل، 1 ڈیپارٹمنٹل اسٹور اور 2 جنرل اسٹورز کو جرمانہ جبکہ 5 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ خاران کے مین بازار میں کارروائی کرتے ہوئے بی ایف اے ٹیم نے ایک بیکنگ یونٹ اور دو مصالحہ شاپس کو جرمانہ کیا اور 7 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے۔ بیکنگ یونٹ میں صفائی کی ابتر صورتحال، کیمیکل پرنٹڈ اخبار کے استعمال، گندا فرش، اشیا کی تاریخ نہ ظاہر کرنے اور کھلے کوڑے دان پائے گئے، جبکہ مصالحہ شاپس سے چائنیز نمک اور نان فوڈ گریڈ کلرز برآمد ہوئے۔ کوئٹہ کے سریاب روڈ اور گوہار چوک میں بھی 2 بیکنگ یونٹس اور 2 ہول سیلر ٹریڈرز کو جرمانہ کیا گیا۔ غیر معیاری صفائی، ایکسپائرڈ کو یا کی موجودگی، مضر صحت رنگوں کی ملاوٹ اور لائسنس نہ ہونے پر کارروائی کی گئی۔ مزید برآں، کوئٹہ کے زمان روڈ اور نصراللہ خان چوک پشتون آباد میں 2 بیکنگ یونٹس، 1 پکوڑا اینڈ سموسہ شاپ اور 2 جنرل اسٹورز کو لائسنس کی عدم دستیابی، صفائی کے ناقص انتظامات، ایکسپائرڈ مصنوعات، ممنوعہ چائنیز نمک اور گٹکا کی موجودگی پر جرمانہ کیا گیا۔

کوئٹہ، بلوچستان سول سیکرٹریٹ آفیسر ویلفیئر ایسوسی ایشن کے انتخابات میں انصاف پینل کی کامیابی کے بعد نومنتخب صدر امیر حمزہ شبی کیساتھ شکیل بلوچ، کلیم بازئی ودیگر کیساتھ گروپ فوٹو

بلوچستان کو اقتصادی، انتظامی اور سماجی مسائل کا سامنا ہے، زرک مندوخیل

ان چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سنجیدہ سیاسی قیادت اور عملی پالیسیاں ناگزیر ہیں

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان اس وقت اقتصادی، انتظامی اور سماجی مسائل کا سامنا کر رہا ہے، اور ان چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سنجیدہ سیاسی قیادت اور عملی پالیسیاں ناگزیر ہیں مسلم لیگ (ن) صوبے میں ترقی، روزگار، امن و امان اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ٹھوس منصوبہ بندی کر رہی ہے یہ بات انہوں نے حلقے کے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے حلقے کے عوامی مسائل، ترقیاتی منصوبوں، بجٹ ترجیحات اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پر تفصیلی غور کیا شیخ زرک مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان کی محرومیوں کے ازالے کے لیے مرکز اور صوبے میں مضبوط رابطہ ضروری ہے مسلم لیگ (ن) بلوچستان کی تعلیم، صحت، سڑکوں کی تعمیر اور صاف پانی کے اہم منصوبوں پر خصوصی ترجیح دے رہی ہے نوجوانوں کے لیے ہنر مندی پروگرام، اسکالرشپس اور چھوٹے کاروبار کے لیے خصوصی فنڈ قائم کیا جائے گا امن و امان کی بہتری کے لیے انتظامیہ، پولیس اور مقامی بزرگوں کے ساتھ مشترکہ حکمت عملی تیار کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ چند سیاسی مخالفین عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں، مگر مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت، ترقی اور شفاف سیاست پر یقین رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی روایتی نعروں سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے ہوگی، اور مسلم لیگ (ن) اس راستے پر پہلے سے زیادہ مضبوطی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے شیخ زرک مندوخیل نے کہا کہ وہ اپنے حلقے کے لوگوں کے مسائل اسمبلی میں بھرپور انداز میں اٹھا رہے ہیں اور ترقیاتی کاموں کی رفتار میں مزید اضافہ کیا جائے گا۔ انہوں نے عوام کو یقین دلایا کہ مسائل کا حل ان کی دہلیز تک پہنچایا جائے گا۔

اسپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ سب ڈویژن (سریاب) مختلف علاقوں میں پرائس کنٹرول کارروائیاں کر رہے ہیں

کوئٹہ میں غازی عبداللہ خان علمی مرکز کے ہاسٹل کا افتتاح 29 نومبر کو ہوگا

184 ویں یوم شہادت پر تاریخی سیمینار منعقد ہوگا، طلبا کی تعلیم پر خصوصی توجہ دی جائیگی

تعلیمی ادارے کے معیار اور معیاری ہاسٹل سے غریب ویتیم طلبا کی تعلیم میں بہتری آئیگی

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں 29 نومبر کو غازی عبداللہ خان علمی مرکز کے ہاسٹل کی افتتاحی تقریب منعقد ہوگی، جسے ادارہ کے زیرنگرانی ترتیب دیا گیا ہے۔ اس موقع پر ملی اتل غازی عبداللہ خان شہید کی 184 ویں یوم شہادت پر ان کے کارہائے نمایاں پر تاریخی سیمینار بھی منعقد کیا جائے گا، جس میں پشتون افغان وطن کے سیاسی، قبائلی، ادبی و شعری رہنماؤں کو مدعو کیا جائے گا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ادارہ تعلیم کے ذریعے نئی نسل کو قوم کے روشن مستقبل کیلئے تیار کرنے کی شعوری سرگرمیاں انجام دے رہا ہے۔ علمی مرکز سے فارغ طلبا بی آر سی اور کیڈٹ کالجز میں داخلہ حاصل کرکے اعلیٰ عہدوں پر فائز ہورہے ہیں۔ ادارے میں طلبا کے لیے صبح سے شام تک خصوصی کلاسز، معیاری ہاسٹل سہولیات، سکیورٹی کیمروں سے نگرانی، اور دینی و اخلاقی تربیت فراہم کی جاتی ہے، جس سے طلبا کی ذہنی قابلیت میں نمایاں بہتری آتی ہے۔ ادارے نے غریب ویتیم بچوں کو رعایتی بنیادوں پر معیاری تعلیم فراہم کرتے ہوئے ہزاروں خاندانوں کے بچوں کو کامیابی کے راستے پر گامزن کیا ہے۔ ادارے کے ماہر اساتذہ اور ٹرینرز کی زیرنگرانی طلبا کو BRC اور کیڈٹ کالجز کے انٹری ٹیسٹس کی تیاری اور امتحانات تک مکمل رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔ عوام اور مخیر حضرات سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ ادارے کی مالی معاونت کریں تاکہ غازی عبداللہ خان علمی مرکز بلوچستان کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں شمار ہو سکے اور نئی نسل کی تعلیم و تربیت میں مزید بہتری لائی جاسکے۔

جیالوں نے پی بی 41 کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کیلئے کمر کس لی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدواروں نے کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے کیلئے پی بی 41 کے مختلف یونین کونسل اور وارڈز سے کاغذات نامزدگی جمع کروا دیے جس کے مطابق یونین کونسل 35 وارڈ 4 سے نورالدین کاکڑ اور نصراللہ خان اچکزئی، یونین کونسل 35 وارڈ 1 سے لالا روزی خان کاکڑ کے بیٹے جہانزیب خان کاکڑ، یونین کونسل 24 وارڈ 2 سے ملک شازیب کاسی، یونین کونسل 35 وارڈ 3 سے عزیز الرحمن خان، یونین کونسل 35 وارڈ 2 سے ظہور احمد خان، یونین کونسل 36 وارڈ 2 سے حاجی رشید انور کھوکھر اور جاوید سراج نے اپنے کاغذات نامزدگی ریٹرننگ افسر کے پاس جمع کروائے اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما اختر بلوچ، شاہ جہان گجر، حاجی عزیز لانگو، اکرم گل، اسرار شاہوانی، بشیر احمد لانگو و دیگر رہنما بھی انکے ہمراہ تھے۔

پی ایم اے انتخابات، پولنگ 22 نومبر کو 9 بجے سے شام 5 تک ہوگی، چیئرمین

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ کا اجلاس چیئرمین الیکشن کمیشن پروفیسر ڈاکٹر عابد کی زیرصدارت بدھ کو کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس میں الیکشن کمیشن کے اراکین ڈاکٹر عبدالرشید جمالی اور ڈاکٹر محمد جاوید خان نے شرکت کی۔ اجلاس میں تفصیلی مشاورت کے بعد الیکشن کمیشن نے پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) کوئٹہ کے انتخابات کا شیڈول کا باقاعدہ طور پر اعلان کیا جس کے مطابق پی ایم اے کوئٹہ کے انتخابات ہفتہ 22 نومبر 2025 کو بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال (بی۔ایم۔سی۔ایچ) کانفرنس ہال کوئٹہ میں منعقد ہوں گے۔ انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی 6 سے 15 نومبر تک جمع کروائے جائیں گے امیدواروں کی ابتدائی فہرست 17 نومبر کو جاری کی جائیگی کاغذات نامزدگی پر اعتراضات 17 اور 18 نومبر کو جمع کرائے جاسکیں گے امیدواروں کی حتمی فہرست 19 نومبر کو جاری کی جائے گی جبکہ پولنگ 22 نومبر کو صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک ہوگی۔ الیکشن کمیشن نے پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) کوئٹہ کی رکنیت حاصل کرنا ووٹ ڈالنے کے لیے لازمی قرار دی ہے رکنیت فارم چیئرمین اور اراکین الیکشن کمیشن سے حاصل کیے جاسکتے ہیں مزید ایسے ڈاکٹروں کے ناموں کا اعلان بھی کیا جائے گا جن سے رکنیت حاصل کی جاسکتی ہے۔

پی کے میپ ضلع کوئٹہ کے ضلع ایگزیکٹیوز کا اجلاس 20 نومبر کو منعقد ہوگا

اجلاس بروز جمعرات پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوگا، اراکین بروقت شرکت یقینی بنائیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع ایگزیکٹیوز کا اجلاس 20 نومبر بروز جمعرات پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوگا۔ ضلع ایگزیکٹیوز کے تمام اراکین کو بروقت اجلاس میں شرکت کی ہدایت کی گئی ہے۔ اجلاس میں خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 52 ویں برسی کے جلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ لیا جائیگا اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی کی جانب سے 21 نومبر بروز جمعہ کو یوم سیاہ کے اعلان کے حوالے تیاری کی جائیگی۔

چمن بارڈر پر ٹرک ڈرائیورز کو رشوت کیلئے ہراساں کیا جاتا ہے، حاجی نور محمد شاہوانی

بارڈر کا عملہ گاڑیوں کی چیکنگ کی آڑ میں تنگ کرکے ڈرائیوروں سے پیسے طلب کرتا ہے، حاجی معصوم اچکزئی

افغان مہاجرین کو لے جانے والے یونٹ ٹرکوں کے ایک دن کا سفر 14 دنوں میں بھی پورا نہیں ہو پاتا، جعفر کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی ڈسٹرکٹ چمن کے صدر حاجی معصوم خان اچکزئی، مرکزی سیکرٹری جعفر خان کاکڑ، حاجی روزی خان مندوخیل، سہیل خان کاکڑ، حاجی محمد امین سمالانی، حاجی عبدالمجید ہنگورگی، حاجی عبدالمجید حاجی مراد خان کاکڑ حاجی عمر شاہ آفریدی، حاجی اسماعیل لہڑی، ابراہیم پیرکوانی، حیات کرد، مزدور یونین کے صوبائی چیئرمین بابو جان رئیسانی اور دیگر ٹرانسپورٹرز نے مشترکہ بیان جاری میں کہا ہے کہ فیلڈ مارشل، کور کمانڈر بلوچستان صوبائی حکومت بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ ہے کہ افغان مہاجرین کو لے جانے والے یونٹ ٹرکوں مزدہ ٹرالر گاڑیوں کو چمن بارڈر کا عملہ گاڑیوں کی چیکنگ کی آڑ میں تنگ کیا جارہا ہے اور ڈرائیوروں سے پیسے طلب کررہے ہیں رشوت اور بھتہ خوری کا بازار گرم کررکھا ہے جس کی وجہ سے بڑی گاڑیوں کے آنے جانے میں ایک دن کا سفر 14 دنوں میں بھی پورا نہیں ہو پاتا اس وجہ سے گاڑیوں کا کرایہ بھی بڑھتا جارہا ہے جو کہ یہ غریب مہاجرین کے لیے بہت بڑا ظلم ہے اور انسانیت کے لیے بہت خطرناک عمل ہے لہٰذا اعلیٰ حکمران اور دیگر متعلقہ ادارے اس کا فوری نوٹس لے اور چمن بارڈر پر کڑی نظر رکھیں۔

خلیل احمد پانیزئی ایڈووکیٹ، میر عطاء اللہ لانگو، اورنگزیب کاکڑ، ولی بڑیچ، عامر لہڑی، اسعد اچکزئی، جہانزیب، تیمور شاہ، فرزانہ خلجی، جمیرہ منیر و دیگر انڈیپنڈنٹ پینل کے رہنما خلیل کی جانب سے وکلاء کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ سے خطاب کر رہے ہیں

منشیات سے پاک کوئٹہ سٹی، کامیابی کے ساتھ جاری ہے، علی احمد ابابکی

وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے منشیات کے عادی افراد کا علاج مفت جاری ہے

کوئٹہ (پ ر) فوکل پرسن میر علی احمد ابابکی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان، میر سرفراز بگٹی کا وژن، "منشیات سے پاک کوئٹہ سٹی"، کامیابی کے ساتھ جاری ہے اور اس پروگرام کی کامیابی میں مقامی حکومتی اداروں اور سماجی تنظیموں کا کردار قابل ذکر ہے وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے منشیات کے عادی افراد کی علاج و معالجہ حکومتی سطح پر مفت کروانا ایک نعمت سے کم نہیں ایسے خاندان تھے جو علاج معالجہ نہیں کراسکتے تھے اب وہ بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کے اس فیصلہ کے تحت اپنے مریضوں کا مفت علاج کروارہے ہیں پہلے بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے کافی منشیات کے عادی افراد کا علاج و معالجہ مفت کیا گیا ابھی بھی علاج و معالجہ کا سلسلہ مفت جاری ہے۔ صوبائی مشیر ولی محمد نورزئی، سیکرٹری سوشل ویلفیئر، عصمت اللہ قریش اور ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر، حنیف رند، کی ذاتی دلچسپی اور کوششیں اس سلسلے میں قابل تعریف ہیں۔ ان کی کوششوں نے منشیات کے عادی افراد کے لیے علاج، تربیت اور معاشرتی انضمام کے اقدامات کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کی ہے۔ اس کے علاوہ، معاشرتی بیداری اور آگاہی مہمات کے ذریعے لوگوں میں منشیات سے بچاؤ کے حوالے سے شعور بیدار کیا جارہا ہے، جو کہ اس مہم کی کامیابی کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کا وژن، جس کا مقصد کوئٹہ کو منشیات سے پاک شہر بنانا ہے، نہ صرف ایک خواب ہے بلکہ اس کا عملی مظاہرہ بھی دکھائی دے رہا ہے۔ اس وژن کی کامیابی کے پیچھے حکومتی عزم، عوامی تعاون اور سماجی تنظیموں کی کوششیں شامل ہیں۔ یہ پروگرام منشیات کے عادی افراد کو معاشرے کا کارآمد اور فعال شہری بنانے کے لیے ایک اہم قدم ہے، تاکہ وہ دوبارہ اپنی زندگی کو بہتر اور مثبت سمت میں لے آئیں۔ "منشیات سے پاک کوئٹہ سٹی" کے اس پروگرام کی کامیابی کا معیار صرف علاج تک محدود نہیں بلکہ یہ ایک مکمل معاشرتی تبدیلی کا عزم بھی ہے۔ حکومت اور سماجی تنظیمیں مل کر منشیات کے خلاف ایک مربوط اور مربوط حکمت عملی پر عمل پیرا ہیں۔ اس سے نہ صرف منشیات کے عادی افراد کو معاشرے میں واپس لانے کا عمل تیز ہوگا۔

کوئٹہ، ن لیگ کے مرکزی کونسل کے رکن عبدالقدیر بلوچ کی جانب سے پارٹی میں نئے شامل ہونے والے سیاسی کارکنوں کو دیئے گئے استقبالیہ کے شرکاء

عوام کے حقوق پر کبھی بھی سودا بازی نہیں کی، اشراف آغا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پشتونخوا میپ نے عوام کے حقوق کی دفاع کی ہے اور کبھی بھی اس پر سودا بازی نہیں کی، عوام کے حقوق کو مال غنیمت سمجھ کر غصب کرنیوالوں کا احتساب عوام ضرور کرینگے۔ ملک کی سیاسی، جمہوری جماعتیں و قوتیں اور جمہوری عوام خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی محمود خان اچکزئی اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کا بیانیہ اپنا رہے ہیں جو کہ ہماری درست سیاست و پالیسیوں پر مہر تصدیق ہے۔ قومی، سیاسی، جمہوری موقف پر ڈٹ کر ہر قسم کے حالات کا مقابلہ کرتے ہوئے پشتونخوا میپ اپنے سیاسی جمہوری پروگرام کو جاری رکھے ہوئے ہیں، آج ملک کی جمہوری پارٹیوں اور قوتوں میں پشتونخوا میپ کو جو مقام حاصل ہے اس کے پیچھے تاریخ ساز جدوجہد اور قربانیاں شامل ہیں۔ پارٹی کارکنان خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 52 ویں برسی کے جلسہ عام کی بھرپور تیاری کریں۔

اظہار تشکر

کوئٹہ (پ ر) محمد حسن کاکڑ، محمد یوسف کاکڑ، محمد ظفر کاکڑ اور زرک کاکڑ نے اپنے خاندان کی جانب سے شہید حماد خان کاکڑ کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی پر آنیوالے سیاسی، سماجی، قبائلی رہنماؤں، سیاسی کارکنوں سمیت زندگی کے ہر مکتبہ فکر کے عوام کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے غم کی اس گھڑی میں ساتھ دیا اور بذریعہ فون، اخباری بیانات، سوشل میڈیا تعزیت کا اظہار کیا۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو اجر عظیم اور ہمیں صبر جمیل عطاء فرمائے۔

دلاور خان کے قاتلوں کو فوری گرفتار کیا جائے، پی کے میپ

جرائم پیشہ عناصر اور بھتہ خور قاتلوں کو بلاتاخیر کٹہرے میں کھڑا کیا جائے، صوبائی بیان

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی خاندان کے غم میں شریک اور انصاف کے حصول کیلئے ساتھ ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں توبہ کراس کے مقام پر بھتہ خوروں کی فائرنگ سے دلاور خان کے قتل کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پارٹی کے بزرگ رکن دوست محمد خان کے بھتیجے اور ندا محمد کے فرزند دلاور خان اپنی زمینداری توبہ اچکزئی سے آرہے تھے کہ توبہ کراس ضلع قلعہ عبداللہ کے حدود میں موجود جرائم پیشہ عناصر، بھتہ خوروں کی جانب سے انہیں انتہائی بیدردی سے شہید کردیا گیا۔ اس سے پہلے بھی اس طرح کے کئی واقعات میں بے گناہ انسانی جانیں ضائع ہوئی ہیں لیکن آج تک انتظامیہ، حکومت نے کسی بھی ملزم کو قانون کے کٹہرے میں نہیں پہنچایا اور نہ ہی مقتولین کو انصاف فراہم کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ جرائم پیشہ، بھتہ خور مافیا نے اپنے اپنے اڈے قائم کر رکھے ہیں اور ہر آنے جانیوالے شہری کو روک کر ان سے بھتہ لیا جاتا ہے، چوری، ڈکیتی کی وارداتوں میں بھی یہی عناصر ملوث ہوکر عام شہریوں کا خون ناحق بہانے سے دریغ نہیں کرتے اور یہ سب کچھ ضلعی انتظامیہ کے ناک کے نیچے ہورہا ہے۔ جس پر انتظامیہ کی مجرمانہ خاموشی اور بے بسی عوام کے لیے سوالیہ نشان ہے۔ بیان میں وزیراعلیٰ، آئی جی ایف سی، آئی جی پولیس، کمشنر کوئٹہ ڈویژن، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ ان جرائم پیشہ، بھتہ خوروں کے قائم کمین گاہوں، اڈوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے معاشرے سے جرائم پیشہ عناصر کو پاک کرکے عوام کے سرومال کی تحفظ کو یقینی بنائیں۔

بلوچستان کے سرد علاقوں میں اسکولوں کی موسم سرما کی تعطیلات کا اعلان

چھٹیاں 16 دسمبر 2025 سے 28 فروری 2026 تک ہوں گی، 18 اضلاع میں اطلاق ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے سرد علاقوں میں واقع اسکولوں کے لیے موسم سرما کی تعطیلات کا باقاعدہ اعلان کردیا گیا ہے۔ تعلیم کے محکمے کی جانب سے جاری بیان کے مطابق یہ تعطیلات 16 دسمبر 2025 سے شروع ہوکر 28 فروری 2026 تک جاری رہیں گی، یعنی طلبا کو مجموعی طور پر تقریباً 2.5 ماہ کی چھٹی ہوگی۔ یہ فیصلہ صوبے کے 18 اضلاع بشمول کوئٹہ میں تمام سرکاری اور نجی اسکولوں پر لاگو ہوگا۔ محکمہ تعلیم نے کہا ہے کہ یہ اقدام طلبا کی صحت اور سرد موسم میں تعلیمی سرگرمیوں کے دوران ممکنہ مشکلات کے پیش نظر کیا گیا ہے تاکہ بچوں کی سلامتی اور سہولت کو یقینی بنایا جاسکے۔ محکمے نے والدین اور اساتذہ سے بھی درخواست کی ہے کہ وہ تعطیلات کے دوران بچوں کی تعلیمی سرگرمیوں پر توجہ دیں اور انہیں نصابی مطالعے اور تیاری کے مواقع فراہم کریں۔ اسکولوں کی بندش کے دوران امتحانات اور نصابی سرگرمیوں کے حوالے سے رہنمائی متعلقہ تعلیمی حکام فراہم کریں گے۔

میر عبید گورگیج کی میر رحمت صالح بلوچ سے بھائی کی شہادت پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) رکن بلوچستان اسمبلی حلقہ پی بی-44 اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میر عبید گورگیج نے نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اور رکن بلوچستان اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کے چھوٹے بھائی ولید صالح بلوچ کی شہادت پر ان کے گھر جاکر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو بھی ان کے ہمراہ تھے۔ میر عبید گورگیج نے شہید کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس دکھ کی گھڑی میں میر رحمت صالح بلوچ اور ان کے خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

سردار علی شاہ کی زوجہ انتقال کر گئیں

کوئٹہ (پ ر) سردار علی شاہ کی زوجہ اور سمیع اللہ (سابقہ چیف انجینئر کیسکو)، پروفیسر ڈاکٹر بشیر اللہ (پرنسپل لورالائی میڈیکل کالج)، زاہد عثمان مرحوم، عبیداللہ (سپرنٹنڈنٹ بی اینڈ آر)، شفیق اللہ (ڈپٹی ڈائریکٹر اسٹیبلشمنٹ ڈویژن)، اسعد خان (موٹر وے پولیس) کی والدہ اور علی عثمان (جونیئر کلرک، S&GAD) کی دادی انتقال کر گئیں ہیں۔ ان کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی جمعرات، جمعہ اور ہفتہ کے روز مسجد تقوی چلتن ہاؤسنگ اسکیم، ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ میں ہوگی۔

کوئٹہ: پرائس کنٹرول قوانین کی خلاف ورزی پر انتظامیہ کی کارروائیاں

پلاسٹک بیگز فروخت کرنے والے، تجاوزات اور غیرقانونی منی پٹرول پمپس بھی زد میں

76 دکانوں اور مارکیٹوں کا معائنہ 22 افراد موقع پر گرفتار اور 13 افراد کو جیل بھجوا دیا گیا

کوئٹہ (اے پی پی) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے پرائس کنٹرول قوانین کی خلاف ورزی، پلاسٹک بیگز کے استعمال، تجاوزات اور غیر قانونی منی پٹرول پمپس کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں ان کارروائیوں کے دوران 76 دکانوں اور مارکیٹوں کا معائنہ کیا گیا جبکہ 22 افراد کو موقع پر گرفتار اور 13 افراد کو جیل بھجوا دیا گیا۔ اس کے علاوہ 05 غیر قانونی منی پٹرول پمپس اور 06 دکانوں کو سیل کردیا گیا، جبکہ 40 کلوگرام ممنوعہ پلاسٹک بیگز بھی ضبط کیے گئے۔ مختلف خلاف ورزیوں پر مجموعی طور پر 50 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ یہ تمام کارروائیاں سب ڈویژن سریاب، سٹی اور صدر میں اسپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ، ڈاکٹر عمران زیب اور حسیب سردار کی نگرانی میں عمل میں لائی گئیں۔ ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ شہر میں پرائس کنٹرول، پلاسٹک بیگز اور غیر قانونی پٹرول پمپس کے خلاف کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

قلعہ عبداللہ میں خسرہ، روبیلا اور پولیو مہمات کامیاب بنائے جائیں گے، انعام الحق

مہمات کو موثر اور شفاف انداز میں مکمل کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، منور حسین مگسی

کوئٹہ (اے پی پی) ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (ای او سی) بلوچستان کے کوآرڈینیٹر انعام الحق اور ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی زیرصدارت خسرہ، روبیلا اور پولیو مہم کے حوالے سے اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں 17 نومبر سے جاری انسدادی مہم کی کارکردگی، پیش رفت اور درپیش چیلنجز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مہم کی کامیابی یقینی بنانے کے لیے فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی، عوامی آگاہی، ویکسین کی فراہمی، دور دراز علاقوں تک رسائی اور مانیٹرنگ کے دیگر پہلوؤں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ مہم کو موثر اور شفاف انداز میں مکمل کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

تعمیر نو ٹرسٹ کے زیراہتمام انٹرنیشنل علامہ اقبال کانفرنس سے مہمان خصوصی ندیم احمد خان خطاب کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی مہم، 22 لاکھ سے زائد بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگائے جائینگے

پیپلز پارٹی صوبے کی ترقی اور محروم طبقات کے حقوق کے تحفظ کے لیے عملی جدوجہد کر رہی ہے، بخت محمد کاکڑ

خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی 12 روزہ مہم میں ٹیموں سے تعاون کیا جائے اور بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگائے جائیں، گفتگو

گورنر جعفر خان مندوخیل سے سابق صوبائی سیکرٹری شہباز خان مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان کا سیکرٹری سینیٹ سے اظہار تعزیت

قیام امن و شہریوں کو سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے، آئی جی اسلام آباد

جدید ٹیکنالوجی اور اصلاحات سے عوامی خدمت کا معیار بلند کیا جائے، افسران کو ہدایات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس میں آن لائن نظام اور انتظامی امور کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا، جس میں ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز ملک جمیل ظفر سمیت لاجسٹک اور سیف سٹی ڈویژن کے افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے افسران سے رپورٹ طلب کی، شہریوں کو سہولیات کی فراہمی کیلئے آن لائن نظام کو مزید بہتر کرنے، پولیس افسران کی فلاح و بہبود اور شہریوں کی سیکورٹی کے اقدامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے خصوصی احکامات جاری کیے۔ انہوں نے پولیس فورس کی استعداد کار میں اضافے، دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال، لاجسٹک سپورٹ کے بہتر انتظامات اور جاری خصوصی منصوبہ جات کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ آئی جی اسلام آباد نے پولیس اہلکاروں کو درکار سہولیات کی بروقت فراہمی کیلئے بھی خصوصی ہدایات جاری کیں تاکہ افسران اپنی پیشہ وارانہ ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی اور اصلاحات کے ذریعے عوامی خدمت کے معیار کو مزید بلند کیا جائے، جبکہ جدید تکنیک کے استعمال کو یقینی بناتے ہوئے شہریوں کو ہر فورم پر زیادہ سے زیادہ سہولیات مہیا کی جائیں۔ وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کا قیام اور جرائم کے تدارک سمیت شہریوں کو ہر ممکن سہولیات مہیا کرنا اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔

بی آئی ایس پی کی جانب سے مستحق خواتین کیلئے مفت سمز جاری

بورڈ پروگرام سوشل پروٹیکشن والٹ کے پائلٹ مرحلے کے آغاز کر دیا گیا

اقدام کا مقصد خواتین کیلئے باوقار اور براہ راست مالی رسائی کو یقینی بنانا ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) بورڈ پروگرام سوشل پروٹیکشن والٹ کے پائلٹ مرحلے کے آغاز کے پہلے 24 گھنٹوں میں ملک بھر کے 30 سے زائد اضلاع میں مستحق خواتین میں 5,747 مفت موبائل سمز جاری کر چکا ہے۔ اس اقدام کا مقصد خواتین کے لیے شفاف، باوقار اور براہ راست مالی رسائی کو یقینی بنانا ہے۔ اس ضمن میں پہلے مرحلے کا آغاز 17 نومبر سے 41 اضلاع میں ہو چکا ہے جس کے تحت بی آئی ایس پی ڈائنامک رجسٹری سینٹرز پر مستحق خواتین کو ان کے سوشل پروٹیکشن والٹس فعال کرنے کے لیے مفت سمز جاری کی جا رہی ہیں۔ مستقبل میں تمام ادائیگیاں انہی سمز کے ذریعے کی جائیں گی۔ مستحق خواتین کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ان سمز کی اسی طرح حفاظت کریں جس طرح وہ اپنے ذاتی سامان کی حفاظت کرتی ہیں۔ دوسرے مرحلے کا آغاز 24 نومبر سے 53 اضلاع میں ہوگا، جس میں کیمپ سائٹ ماڈل کے تحت فی تحصیل کم از کم ایک کیمپ سائٹ قائم کی جائے گی۔ تیسرا مرحلہ یکم دسمبر سے 52 اضلاع میں ہوگا، جہاں ہر تحصیل میں کم از کم دو کیمپ سائٹس قائم کی جائیں گی تاکہ مستحق خواتین کو مؤثر طریقے سے سہولت فراہم کی جا سکے۔ سمز کا اجراء ہفتے میں چھ دن کیا جا رہا ہے۔ خواتین کو اپنا اصل شناختی کارڈ اور موبائل فون ساتھ لانا ضروری ہے اور صرف بائیومیٹرک تصدیق کے بعد ہی سم فراہم کی جائے گی۔ تمام مستحق خواتین کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ 31 دسمبر تک BISP دفاتر یا نامزد کیمپ سائٹس سے اپنی مفت سمیں حاصل کر لیں۔ ایک بار سم جاری ہونے کے بعد BISP اس سم پر سوشل پروٹیکشن والٹ کو فعال کرے گا، جس سے کسی بھی قسم کی دھوکہ دہی یا انسانی مداخلت کے خدشات میں کمی آئے گی۔

مولانا ہدایت الرحمٰن کی صادق عمرانی و مختلف سیکرٹریز سے ملاقاتیں

ہسپتالوں، پانی، سوشل سیکٹر کی فعالی سمیت مختلف مسائل پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے سیکرٹری ہیلتھ، سیکرٹری سوشل ویلفیئر اور وزیر و سیکرٹری اریگیشن سے ملاقات کی، گوادر ہسپتالوں میں سہولیات کی فراہمی، سوشل سیکٹر کی فعالیت اور آنکاڑہ ڈیم کی رائزنگ سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان داؤد خان خلجی سے گوادر کے ہسپتال کے مسائل، نرسنگ کالج کے آغاز، بی ایچ یوز میں ادویات کی فراہمی سمیت صحت سے متعلق مختلف امور پر بات چیت کی۔ بعد ازاں ایم پی اے گوادر نے سیکرٹری سوشل ویلفیئر بلوچستان عصمت اللہ قریشی سے ملاقات کی جس میں گوادر میں اسپیشل اسکول کے قیام، تدارک منشیات سنٹر کی فعالیت، سوشل ویلفیئر کے زیر نگرانی چلنے والے تربیتی سنٹرز کی بحالی سمیت سوشل سیکٹر کے مختلف امور پر گفتگو کی۔ ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے وزیر آبپاشی صادق عمرانی اور سیکرٹری اریگیشن سہیل الرحمان سے بھی ملاقات کی۔ ملاقات میں آنکاڑہ ڈیم کی رائزنگ سمیت مختلف زیر تعمیر ڈیمز سے متعلق معاملات سمیت مختلف دیہی علاقوں میں پانی کے ذخائر سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

ڈگری کالج گوادر کی تعمیر میں تاخیر کا نوٹس لیا جائے، قبائلی عمائدین

سریاب: بجلی و گیس کی لوڈشیڈنگ عوام پر ظلم ہے، بی این پی

مارکیٹ کمیٹی ایسوسی ایشن کی نو منتخب کابینہ نے حلف اٹھالیا

ڈپٹی کمشنر صحبت پور میڈم فریدہ ترین ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں بات چیت کر رہی ہیں

نصیر آباد: پولیس نے غیر قانونی سگریٹ و پان پراگ برآمد کیا، مطلوب ملزم گرفتار

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد ڈویژن کے علاقہ میر حسن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کے مقدمے میں مطلوب ملزم کو گرفتار کر لیا، جبکہ ایک اور کارروائی میں پولیس نے خفیہ اطلاع پر ایک کار روک کر ڈگی اور بیک سیٹ سے 900 ڈنڈے غیر قانونی سگریٹ اور 150 پیکٹ مضر صحت پان پراگ برآمد کر لئے، جبکہ ملوث ملزم عامر خان کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔

غیر حاضر اساتذہ کیخلاف کارروائی عمل میں لائی جائیگی، ڈی سی کیچ

ایس بی کے کے تحت بھرتی اساتذہ کو دسمبر میں ٹریننگ فراہم کی جائے گی، بشیر احمد

تربت (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بزنجو کی صدارت میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا اہم اجلاس ڈی سی آفس تربت میں ہوا۔ جس میں تعلیمی سرگرمیوں، ترقیاتی منصوبوں اور اساتذہ کی حاضری کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اجلاس میں ڈی او ای تربت اصغر بلوچ، ضلع کیچ کے تمام تحصیلوں کے ڈی ڈی ای اوز، آر ٹی ایس ایم کے نمائندہ حلیم بلوچ، یونیسف کے نمائندے فیض الرحمن، سی پی ڈی کے نذیر احمد سمیت دیگر متعلقہ افسران شریک تھے۔ اجلاس میں آر ٹی ایس ایم کے حلیم بلوچ نے ضلع بھر میں غیر حاضر اساتذہ کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کیچ کو بریفنگ دی۔ بعد ازاں ڈی او ای اصغر بلوچ نے محکمہ تعلیم میں جاری ترقیاتی کاموں، غیر حاضر اساتذہ اور دیگر انتظامی امور پر تفصیلی بریفنگ پیش کی۔ اس موقع پر یونیسف کے نمائندہ فیض الرحمن نے اپنے ادارے سے متعلق جاری سرگرمیوں اور تعاون کے حوالے سے بھی بریفنگ دی جبکہ سی پی ڈی کے نذیر احمد نے اپنے شعبے سے متعلق رپورٹ پیش کی۔ آخر میں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بزنجو نے کہا کہ محکمہ تعلیم میں جتنے بھی ترقیاتی کام پلاننگ کے مرحلے میں ہیں، ان کے پی سی ون فوری طور پر تیار کئے جائیں تاکہ انہیں بھی پی ایس ڈی پی پروگرام میں شامل کیا جا سکے۔ ڈی سی کیچ نے مزید ہدایت دی کہ ایس بی کے کے تحت بھرتی ہونے والے تمام اساتذہ کو دسمبر کے مہینے میں ٹریننگ فراہم کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ محکمہ تعلیم میں غیر حاضر اساتذہ کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور ان کی تنخواہوں میں کٹوتیاں کی جائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر کیچ نے تمام متعلقہ افسران کو سرکاری پالیسیوں کی عملدرآمد یقینی بنانے کی تاکید کی۔

استا محمد: طالب علم سے موٹر سائیکل چھین لی گئی

استا محمد (آن لائن) استا محمد میں طالب علم سے مسلح افراد نے موٹر سائیکل چھین لی۔ سٹی تھانہ کی حدود میں غریب آباد ہائی اسکول کے طالب علم احمد علی اسکول سے واپس گھر جا رہا تھا کہ رہزنوں نے اسلحہ کے زور پر ان سے موٹر سائیکل چھین لی اور فرار ہو گئے۔

ڈیرہ مراد جمالی: پولیس موبائل اور ٹریکٹر ٹرالی میں تصادم

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس موبائل اور ٹریکٹر ٹرالی کے درمیان تصادم۔ پولیس کے مطابق منگل کو ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ایس ایچ او میر حسن پولیس تھانہ حامد بمعہ گشت پر تھے کہ تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نے انکی گاڑی کو ٹکر مار دی جس سے گاڑی کو نقصان پہنچا تاہم ایس ایچ او اور گاڑی میں سوار پولیس اہلکار محفوظ رہے۔ پولیس نے ڈرائیور کو گرفتار کر کے مزید کارروائی شروع کر دی۔

سردارزادہ جاوید عزیز لہڑی کی نواب رئیسانی سے ملاقات

بلوچستان میں قبائلی ہم آہنگی اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے سراوان ہاؤس میں سردارزادہ جاوید عزیز لہڑی کی چیف آف ساراوان سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم خان رئیسانی سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات کے دوران خطے کی سیاسی فضا، قبائلی روایات، باہمی تعلقات، امان، ترقیاتی منصوبوں اور قبائلی ہم آہنگی کے فروغ سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ قبائلی سطح پر مضبوط اتحاد اور باہمی رابطے صوبے میں استحکام، امن اور ترقی کے لیے ناگزیر ہیں۔ ملاقات کے ...

جرمنی 24 نومبر سے اسرائیل کو ہتھیاروں کی برآمد دوبارہ شروع کرے گا

برلن (این این آئی) گزشتہ ماہ طے پانے والے جنگ بندی معاہدے کے بعد جرمن حکومت اگلے ہفتے سے اسرائیل کو بعض ہتھیاروں کی فروخت کی معطلی کا حکم واپس لے لے گی، ایک حکومتی ترجمان نے کہا۔ انہوں نے کہا کہ جرمنی کا فیصلہ اکتوبر میں ... فراہم کی جائے اور یہ کسی تسلسل کے سے جاری رہے جیسا کہ اتفاق کیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا۔ ترجمان نے کہا، حکومت ایک عمومی اصول کے طور پر ہتھیاروں کی برآمدات سے متعلق فیصلوں میں ہر معاملے کے الگ الگ جائزے پر واپس آئے گی اور مزید پیش رفت کا جواب دے گی۔



ڈپٹی کمشنر بارکھان عبداللہ کھوسہ بستی میانی میں منعقدہ کھلی کچہری میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

پیپلز پارٹی کوئٹہ کے بلدیاتی الیکشن میں بھرپور کامیابی حاصل کریگی، اقبال شاہ

ہمیشہ خدمت خلق، مساوات، عوامی بہبود کی سیاست کو پروان چڑھایا، یہ تسلسل جاری رہے گا، انچارج پارٹی سیکرٹریٹ

بلدیاتی انتخابات میں کامیابی کے بعد عوامی مسائل اور انتظامی امور کو نچلی سطح پر فوری طور پر حل کیا جائے گا، بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن و پیپلز پارٹی سول سیکرٹریٹ کے انچارج سید اقبال احمد شاہ نے پارٹی عہدیداران و جیالوں کے مسائل سننے کے موقع پر میڈیا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں بھرپور عوامی پذیرائی اور حمایت کے باعث واضح اور فیصلہ کن کامیابی حاصل کرے گی پیپلز پارٹی بلوچستان کی عوام کی امیدوں کا محور و مرکز بن چکی ہے جس نے ہمیشہ خدمت خلق، مساوات اور عوامی بہبود کی سیاست کو پروان چڑھایا ہے جس کا تسلسل مستقبل قریب و بعید دونوں میں جاری رہے گا انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی محرومیوں کو ختم کرے گی عوام کو ان کا حق دلائے گی اور بلدیاتی انتخابات میں کامیابی کے بعد عوامی مسائل اور انتظامی امور کو نچلی سطح پر فوری طور پر حل کیا جائے گا تاکہ عوام کو براہ راست سہولیات فراہم کی جا سکیں انہوں نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی نے ماضی میں بھی عوام کو بنیادی سہولیات، ریلیف اور ترقیاتی منصوبے فراہم کیے ہیں اور آئندہ بھی یہی سلسلہ پوری مضبوطی کے ساتھ جاری رہے گا عوام کی امیدیں پیپلز پارٹی کے ساتھ وابستہ ہیں اور اس بار کے بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کوئٹہ میں نئی سیاسی تاریخ رقم کرنے جا رہی ہے۔

لسبیلہ پولیس کے 42 اہلکاروں کی ترقی، رینک لگا دیئے گئے

ترقی پانے والوں میں ، ایس آئی ، اے ایس آئی اور ہیڈ کانسٹیبلز شامل

اوتھل (یو این اے) اوتھل میں ضلعی ہیڈکوارٹر ایس ایس پی آفس میں لسبیلہ پولیس کے 42 اہلکاروں کی ترقی کے سلسلے میں پروقار رینک لگانے کی تقریب منعقد کی گئی، جس میں سب انسپکٹرز، اسسٹنٹ سب انسپکٹرز اور ہیڈ کانسٹیبل شامل تھے۔ تقریب کے دوران ترقی پانے والے اہلکاروں کو ان کے نئے عہدوں کے رینک باضابطہ ... بڑھ گئی ہیں، لہٰذا امید ہے کہ وہ محنت و لگن کے ساتھ عوام کی جان و مال کے تحفظ اور انصاف کی فراہمی میں بہترین کردار ادا کریں گے۔ تقریب میں ڈی ایس پی لسبیلہ حاصل خان قمبرانی، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹرز لسبیلہ نور مصطفیٰ گمشی، سردار عبدالرشید ڈسٹرکٹ چیئرمین لسبیلہ اور دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے۔

بیلا: مچھروں کی بہتات، ملیریا اور ڈینگی کے پھیلاؤ کا خطرہ

بیلا (یو این اے) بیلا شہر اور اس کے مضافاتی علاقوں میں کافی عرصے سے مچھر مار اسپرے نہ ہونے کے سبب مچھروں کی بہتات بڑھ گئی ہے، جس کے نتیجے میں ملیریا اور ڈینگی بخار کے پھیلاؤ کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ شہری حلقوں نے اس صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ ذمہ داران کی مبینہ غفلت شہریوں کے لیے شدید مشکلات اور صحت کے خطرات کا سبب بن رہی ہے ... اقدامات کے حوالے سے آگاہی فراہم کی جائے۔ شہریوں نے چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلا سید شاہجہان شاہ ایمازی اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ سے مطالبہ کیا ہے کہ بیلا شہر اور مضافات میں فوری طور پر مچھر مار اسپرے کیا جائے تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات سے نجات حاصل ہو۔ علاوہ ازیں، شہریوں نے زور دیا کہ ملیریا اور ڈینگی کے مزید پھیلاؤ کو روکنے کے لیے عملی اقدامات بھی کیے جائیں۔

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ، ابوبکر زہیر و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

عدالتوں سے منشیات فروشوں کو سزائیں اور جرمانے کا حکم جاری

مجرمان کو مجموعی طور پر 57 سال 6 ماہ قید اور 23 لاکھ 95 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی

احترام خان کو 10 سال قید، 10 لاکھ روپے، مجرم ولید سجاد کو 10 سال قید، 1 لاکھ 25 ہزار جرمانے

راولپنڈی (زاہد احمد خان) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ، معزز عدالتوں نے چھ منشیات سپلائرز کو سزائیں سنا دیں، مجرمان کو مجموعی طور پر 57 سال 6 ماہ قید اور 23 لاکھ 95 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق مجرم علی جان کو 10 سال قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 2 کلو 50 گرام آئس برآمد ہونے پر تھانہ روات پولیس نے جولائی 2025 میں گرفتار کیا تھا، مجرم احترام خان کو 10 سال قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 2 کلو 100 گرام آئس برآمد ہونے پر تھانہ روات پولیس نے جولائی 2025 میں گرفتار کیا تھا، مجرم ولید سجاد کو 10 سال قید اور 1 لاکھ 25 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 2 کلو 350 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ پیرودھائی پولیس نے نومبر 2024 میں گرفتار کیا تھا، مجرم ظاہر شاہ کو 09 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 2 کلو 500 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ رتہ امرال پولیس نے مارچ 2025 میں گرفتار کیا تھا، مجرم زرنوش خان کو 09 سال 6 ماہ قید اور 90 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 450 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ گنجمنڈی پولیس نے جون 2024 میں گرفتار کیا تھا، مجرم محمد قیوم کو 09 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 350 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ پیرودھائی پولیس نے جنوری 2023 میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس شواہد اور موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالتوں نے مجرمان کو قرار واقعی سزائیں سنائیں، سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس ایس پی انوسٹی گیشن اور تفتیشی و لیگل ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

اعتزاز احسن سینئر سیاستدان اور پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں، پرویز صالح

بین الاقوامی ممالک میں ایسے لوگوں کی قدر کی جاتی ہے، ہمارے ملک میں ایسے شخصیات کی کوئی قدر نہیں کی جاتی

ملک میں وسائل کی کمی نہیں، لوگ محنتی ہیں لیڈرشپ اعتزاز احسن جیسے لوگوں کے پاس آجائے تو تقدیر بدل جائے گی

چوہدری اعتزاز میں صلاحیت ہے کہ وہ پاکستان کو دنیا کے بہترین ملکوں کی فہرست میں کھڑا کر سکتے ہیں، تقریب سے خطاب

لاہور (رپورٹ، منشا حاکم علی) سینئر سیاستدان اعتزاز احسن لیجنڈ آف پاکستان ہیں، سابق وزیر اعظم بے نظیر بھٹو شہید، سابق سپیشل اسسٹنٹ، سابق ممبر قومی فنانس کمیشن اور کو چیئر ایم آر ڈی پرویز صالح کا شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش تفصیلات کے مطابق گزشتہ دنوں چوہدری اعتزاز احسن کی 80 ویں سالگرہ منائی گئی دوستوں کے ساتھ ملکر کیک بھی کاٹا گیا، نجی تقریب میں سابق صدر سپریم کورٹ بار اعتزاز احسن کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا، تقریب میں بات کرتے ہوئے سابق وزیر اعظم بے نظیر بھٹو شہید کے سابق سپیشل اسسٹنٹ، سابق ممبر قومی فنانس کمیشن اور کو چیئر ایم آر ڈی پرویز صالح نے کہا کہ اعتزاز احسن پاکستان کو ایشیا کا ٹائیگر بنانے کی صلاحیت رکھتے ہیں، چوہدری اعتزاز جیسے انسان مجھے ایشیا میں تو کم از کم نظر نہیں آئے، ان جیسے لوگ ہمارے ملک کا سرمایہ ہیں ان کو گنوانا نہیں چاہیے، پاکستان میں ایسے لوگوں کا ملنا خوش قسمتی ہے، آپ ان کو کیوں سائیڈ لائن کر رہے ہیں؟ پرویز صالح کا کہنا تھا کہ ہمیشہ چوہدری صاحب ایک بات کرتے ہیں کہ مولے نوں مولا نہ مارے تو مولا نئیں مردا، میری وہ حالت ہے، مولے کو لوں اے لوگ خوفزدہ نے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی ممالک میں ایسے لوگوں کی قدر کی جاتی ہے ان سے کام لیا جاتا ہے جب کہ ہمارے ملک میں ایسے لوگوں کو کھڑے لائن لگا دیا جاتا ہے، ہمیں چاہئے کہ ہم ان سے کام لیں تاکہ ہمارا ملک ترقی کے راستے پر گامزن ہو، قدرتی ہونے کی وجہ سے لوگ پاکستان سے باہر بھاگ رہے ہیں، حکمرانوں کے پاس پالیسیز ہیں لیکن ان کی نیت خراب ہے، لیڈرشپ کی کمی کی وجہ سے اتنے بڑے ملک کا بیڑا غرق کر دیا گیا ہے، چوہدری اعتزاز میں صلاحیت ہے کہ وہ پاکستان کو دنیا کے بہترین ملکوں کی فہرست میں لا کھڑا کر سکتے ہیں، ہمارے پاس وسائل ہیں، ٹیلنٹ ہے اور محنتی لوگ ہیں اگر لیڈرشپ اعتزاز احسن جیسے لوگوں کے ہاتھ میں آ جائے تو اس ملک کی تقدیر بدل سکتی ہے، یہ لوگ ہمارے ملک کے لیونگ لیجنڈ ہیں، پرویز صالح نے کہا کہ اعتزاز احسن زندگی کی مزید بہاریں دیکھیں، ابھی 80 ویں سالگرہ منائی ہے ہم ملکر 100 ویں سالگرہ بھی منائیں گے۔

کلی چلتن رئیسانی بنیادی سہولیات سے بھی محروم ہے، جمعیت

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام نجم المدارس یونٹ کلی چلتن رئیسانی ہزار گنجی کا اجلاس جامعہ امام الاعظم ابوحنیفہ میں ہوا، جس کی صدارت یونٹ کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی نے کی۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت مولانا حافظ ہدایت اللہ بھائی نے حاصل کی۔ اجلاس میں بلدیاتی انتخابات کے لیے امیدواروں کے نامزدگی پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ یونین کونسل 46 شاہ زیزی میں وارڈ نمبر 3 پر مولانا محمد طاہر توحیدی اور وارڈ نمبر 4 پر ڈاکٹر ظفر اللہ جتک کو نامزد کیا جائے۔ اجلاس میں یہ عزم بھی کیا گیا کہ جمعیت علماء اسلام کے نامزد امیدواروں کی کامیابی کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علماء اسلام کے قائدین اور اہم رہنماؤں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 28 دسمبر کو ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کے نامزد امیدواروں کو اپنا قیمتی ووٹ دے کر کامیاب بنائیں۔ مقررین نے کہا کہ کلی چلتن رئیسانی ہزار گنجی کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، اور جمعیت علماء اسلام عوام کے مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے پارٹی کارکنان سے کہا کہ وہ دن رات محنت کر کے گھر گھر جا کر عوام کو امیدواروں کے حق میں تیار کریں، کیونکہ عوام کی نظریں جمعیت علماء اسلام کے نامزد امیدواروں پر جمی ہوئی ہیں۔ مقررین نے یقین دلایا کہ کامیابی کی صورت میں عوام کو کسی بھی طرح مایوس نہیں کیا جائے گا۔

کوئٹہ، اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے محمد اسحاق ملاقات کر رہے ہیں

حب: بی ایچ یوز میں ادویات کے استعمال کا آڈٹ کرانے کا حکم

سی ای او پی پی ایچ آئی کا مختلف بی ایچ یوز کا دورہ، سہولیات کا جائزہ لیا

اسٹاک رجسٹر کی عدم دیکھ بھال پر اظہار برہمی، اے سی و دیگر بھی ہمراہ تھے

کوئٹہ (آن لائن) پی پی ایچ آئی کے سی ای او بلوچستان ڈاکٹر ایم بی راجا دھاریجو نے اسسٹنٹ کمشنر حب سیف علی مغل، ڈی ایچ او حب ڈاکٹر نور بخش بزنجو اور ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی حاجی خان بلوچ کے ہمراہ بنیادی مراکز صحت پنیاں اور پھوٹا گوٹھ، گڈانی کا دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے طبی سہولیات کا تفصیلی سے جائزہ لیا، متعلقہ دفتری ریکارڈ اور سروس ڈیلیوری کے انتظامات کا معائنہ کیا اور ادویات سمیت ضروری آلات کی دستیابی کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر دھاریجو نے علاقے میں زچگی کی بہتر طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے نئے قائم کردہ لیبر روم کا بھی افتتاح کیا۔ انہوں نے بی ایچ یوز میں ادویات کے 6 ماہ کے استعمال کا کلینیکل آڈٹ کرانے کا حکم بھی جاری کیا۔ انہوں نے اسٹاک رجسٹر کی عدم دیکھ بھال پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے لسبیلہ اور حب میں گزشتہ چھ ماہ کی لوکل پرچیز ادویات کے آڈٹ کی بھی ہدایت کی۔ مزید برآں، انہوں نے گزشتہ چھ ماہ کی او پی ڈی کی اوسط کو مدنظر رکھتے ہوئے سرکاری اور پی پی ایچ آئی کے تحت دستیاب افرادی قوت کی جائزہ رپورٹ مرتب کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے شام اور رات کی شفٹس میں دائی کی عدم موجودگی کے باعث ماں اور بچوں کی خدمات میں سست روی پر تشویش کا اظہار کیا۔

ملازمین دن رات ایمانداری سے ڈیوٹی سرانجام دیں گے، واسا یونین قائدین

محکمہ کو درپیش مسائل کے حل کے لیے انتظامیہ اور مزدوروں کو مل کر جدوجہد اور محنت کرنی ہوگی، ایم ڈی واسا سے بات چیت

واسا ایمپلائز یونین کے قائدین کی ایم ڈی واسا مجیب الرحمن کاکڑ سے ملاقات، ملازمین کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) واسا ایمپلائز یونین کے قائدین کی قیادت میں ایم ڈی واسا نے مسائل کو ان کے فوری حل اور عملدرآمد کا یقین دلایا اور مزدوروں کے حقوق کے حصول کے لیے ہر طرح کے تعاون کرنے کی بھی یقین دلایا انہوں نے کہا کہ محکمہ ہذا کو درپیش مسائل کے حل کے لیے انتظامیہ اور مزدوروں کو مل کر جدوجہد اور محنت کرنی ہوگی مزدوروں کو اپنے فرائض ٹھیک طریقے سے نبھانے ہونگے جس پر قائدین نے اس بات کا عزم کیا کہ ملازمین دن رات ایمانداری سے ڈیوٹی سرانجام دیں گے اور آپ کے شانہ بشانہ رہیں گے اور اپنے فرائض میں کوئی غفلت و کوتاہی نہیں کرینگے یونین کے قائدین نے ایم ڈی صاحب کو یہ یقین دلایا کہ محکمہ کی بقاء محنت کشوں کے حقوق کے حصول کے لیے اور ان کی عزت نفس کی بحالی کے لیے یونین ہذا ہر قربانی دینے کو تیار ہیں ملازمین نے اس سے پہلے بھی محکمہ ہذا کے لیے ایمانداری کے ساتھ دن رات محنت کرتے ہوئے عوام کو پانی کے سپلائی کو جاری رکھے ہوئے ہیں اور مزید محنت کر کے عوام کو بہتر سے بہتر انداز میں پانی کی سپلائی جاری رکھیں گے

تعلیم کیساتھ اچھی تربیت کا ہونا بھی ناگزیر ہے، مولانا عمران عطاری

کوئٹہ (یو این اے) شعبہ مدرس المدینہ کے زیر اہتمام عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ کراچی میں عظیم الشان سنتوں بھرے اجتماع کا انعقاد ہوا جس میں کراچی سٹی، صحرائے مدینہ اور بلوچستان کے مدرسۃ المدینہ کے مدرسین و ناظمین شریک ہوئے نگران شوریٰ مولانا محمد عمران عطاری نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قرآن کریم کی تلاوت غور و فکر کے ساتھ کی جائے تلاوت، ترجمہ اور تفسیر کے ساتھ پڑھنا بہت مفید ہے روزمرہ مصروفیات کے بعد تلاوت قرآن کو معمول بنا لینا چاہیے یاد رکھیں اعمال عادتوں پر منحصر ہوتے ہیں اچھی عادات انسان کو اچھائی کی طرف اور بری عادات انسان کو برائی کی طرف مائل کرتی ہیں ... کے ساتھ ہونا چاہیے معلمین کو چاہیے کہ ہر نیک عمل کے دوران دل میں یہ بات دہراتے رہیں کہ یہ کام اللہ کی رضا کیلئے کیا جا رہا ہے

پاکستان کیلئے فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، جے پی این

ملکی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت اپنے خون سے کریں گے، ڈاکٹر احسان و دیگر

کوئٹہ (اے این این) جوانان پاکستان نظریاتی بلوچستان کے صدر ڈاکٹر احسان اللہ خان کاکڑ سندھ کے صدر محمد ابراہیم خان منگل خیبر پختونخوا کے صدر عاشق علی خان پنجاب کے آرگنائزر علی رحمان بٹ پشین کے صدر عبدالجبار پشتون چمن کے صدر محمد حنیف خان اچکزئی قلعہ سیف اللہ کے صدر عبداللہ کاکڑ زیارت کے صدر اجمل خان ومنز ژوب ڈویژن نوشکی، چاغی، گوادر، تربت، پنجگور، آواران، دالبندین، مستونگ، حب، موسیٰ خیل، شیرانی اور دیگر ضلعی رہنماؤں نے کہا ہے کہ ہم فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر ... طرح بھارت اور انکے سہولت کاروں کو ناک رگڑنے پر مجبور کیا اس کیلئے انہیں فیلڈ مارشل ڈیفنس فورسز کی سربراہی دینا بھی کم ہے مگر ہمارے نام نہاد قوم پرست اور مفاد پرست سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں سے یہ کامیابیاں اور ملکی عزت و وقار ہضم نہیں ہو رہا انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی جان پاک فوج اور انٹیلی جنس اداروں پر نچھاور کرتی ہے جوانان پاکستان نظریاتی پاک فورسز اور انٹیلی جنس اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم ملکی نظریاتی و جغرافیائی سرحدوں کا تحفظ اپنے خون ... سالار کی تعریف کرتی ہے یہ تعریف پوری قوم کے لئے اعزاز سے کم نہیں سپہ سالار نے جس ... بہت سی قربانیاں دی ہیں ہم انکی قربانیوں کو فراموش نہیں کر سکتے۔

ڈی ایم جمالی: قتل کے مقدمے میں مطلوب دو اشتہاری گرفتار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی سی آئی اے پولیس کی کارروائی قتل کے مقدمے میں مطلوب دو اشتہاری ملزمان کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق سی آئی اے پولیس نصیر آباد نے خفیہ اطلاع پر چھاپہ مار کر منگولی پولیس کو قتل کے مقدمے میں مطلوب دو اشتہاری ملزمان نبی بخش اور لیاقت علی کو گرفتار کر کے منگولی پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔

اسپیشل مجسٹریٹ سب ڈویژن ڈاکٹر عمران زیب جوائنٹ روڈ پر اس کنٹرول کارروائیاں کر رہے ہیں

حب کے صنعتی علاقے میں منرلز پروسیسنگ پلانٹ جلد قائم ہوگا، بلال کاکڑ

بلوچستان کی معدنی دولت پوری دنیا میں اپنی اہمیت رکھتی ہے، چینی کمپنی 100 ایکڑ رقبے پر پلانٹ لگائے گی

صوبے کی صنعتی ترقی میں اضافہ ہوگا بلکہ علاقے میں روزگار کے وسیع مواقع بھی پیدا ہوں گے، وی سی سرمایہ کاری

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے چینی کمپنی China Zhonkhai Investment CompanyHujiye Mining Company Pvt Ltd کے وائس چیئرمین راما علی قیصر خان نے ان کے دفتر میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں حب کے صنعتی علاقے میں منرلز پروسیسنگ پلانٹ کے مجوزہ قیام سے متعلق امور پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ واضح رہے کہ چینی کمپنی حب میں جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ ایک وسیع پروسیسنگ پلانٹ قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جو 100 ایکڑ رقبے پر محیط ہوگا۔ اس یونٹ میں تانبے سمیت مختلف اہم معدنیات کی مقامی سطح پر پروسیسنگ کی جائے گی جو بلوچستان کے معدنی وسائل کو عالمی معیار کے مطابق صنعتی شکل دینے میں ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔ وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے چینی کمپنی کی جانب سے کیے جانے والے اس بڑے سرمایہ کاری منصوبے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی معدنی دولت پوری دنیا میں اپنی اہمیت رکھتی ہے، اور اس کی مقامی پروسیسنگ سے نہ صرف صوبے کی صنعتی ترقی میں اضافہ ہوگا بلکہ علاقے میں روزگار کے وسیع مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ میگا پروجیکٹ بلوچستان کی معاشی ترقی میں نئی جہت متعارف کرائے گا۔ معدنیات کی صوبے میں ہی پروسیسنگ سے ویلیو ایڈیشن بڑھے گی، صنعتوں کو فروغ ملے گا اور ہزاروں افراد کے لیے روزگار کے امکانات پیدا ہوں گے۔ بلال خان کاکڑ نے چینی وفد کو یقین دلایا کہ سرمایہ کاری بورڈ کی جانب سے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا، جس میں زمین کی فراہمی، این او سیز، ریگولیٹری امور اور متعلقہ محکموں کے ساتھ رابطہ کاری شامل ہے۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر، پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

بدھ 19 نومبر 2025ء

آسمان کو چھوتے فضائی کرائے اور بلوچستان اسمبلی کی اہم قرارداد !!

بلوچستان اسمبلی نے گزشتہ روز منعقدہ اجلاس میں کوئٹہ و صوبے کے دیگر ہوائی اڈوں سے چلنے والی پروازوں کے کرایوں کو ملک کے دیگر شہروں کے مساوی کرنے سے متعلق قرارداد متفقہ طور پر منظور کی ہے قرارداد جمعیت کی رکن شاہدہ روف نے پیش کی اور کہا کہ کوئٹہ سے ملک کے دیگر شہروں کے لئے پی آئی اے اور دیگر نجی ایئر لائنز کی جانب سے کرایوں میں غیر معمولی اضافہ نہایت زیادتی اور امتیازی سلوک ہے اس وقت کوئٹہ سے کراچی کا یکطرفہ کرایہ 43 ہزار سے 45 ہزار بلکہ بعض اوقات تو 60 ہزار روپے تک کرائے وصول کئے جارہے ہیں جب کہ کوئٹہ سے اسلام آباد تک کرایہ 70 ہزار روپے سے تجاوز کر چکا ہے، اس کے برعکس کراچی سے لاہور یا اسلام آباد تک کرائے صرف 15 ہزار 20 ہزار کے درمیان ہیں یہ اعداد و شمار اس امر کی واضح عکاسی کرتے ہیں کہ بلوچستان کے عوام کے ساتھ فضائی سفر کے معاملے میں امتیازی رویہ اختیار کیا گیا ہے ہر چند کہ قرارداد کی حیثیت ایک سفارش کی ہوتی ہے اور وفاق اس پر عملدرآمد کا پابند نہیں تاہم پھر بھی اس حقیقت کا اظہار ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ بلوچستان اسمبلی سے فوری اور خالصتاً عوامی نوعیت کی جو قراردادیں اور تحاریک آتی رہی ہیں ان میں متذکرہ بالا قرارداد نمایاں اہمیت کی حامل ہے کیونکہ بلوچستان مختلف وجوہات کی بناء پر عرصہ دراز سے مسائل میں گھرا چلا آیا ہے خصوصاً آمد و رفت کے ذرائع، زمینی شاہراہیں اور فضائی سفر وہ شعبے ہیں جہاں صوبے کے عوام ہمیشہ سے مشکلات کا شکار رہے ہیں بلوچستان ایک وسیع و عریض صوبہ ہے جہاں آبادی دور دور بستی ہے، شہروں کے درمیان سینکڑوں کلومیٹر کے فاصلے ہیں۔ لوگ علاج، کاروبار، سرکاری معاملات، نجی ذمہ داریوں، ایمپلائمنٹ، تعلیمی سرگرمیوں اور دیگر اہم کاموں کے سلسلے میں آئے روز کراچی، لاہور، اسلام آباد اور ملک کے دیگر شہروں کا سفر کرتے ہیں۔ چونکہ زمینی راستے دشوار گزار اور غیر محفوظ ہیں، اس لئے فضائی سفر بلوچستان کے عوام کے لئے ایک ضرورت بن چکا ہے، عیاشی نہیں۔ مگر افسوسناک امر یہ ہے کہ اندرون ملک دیگر صوبوں کے مقابلے میں بلوچستان کے مسافروں کو نہ صرف کرایوں کے معاملے میں زیادتی کا سامنا ہے بلکہ فلائٹس کی کمی، شیڈول کی بے قاعدگی، فضائی میزبانی کے مسائل اور پرانے اور کھٹارہ قسم کے جہازوں کے استعمال جیسے مسائل بھی درپیش ہیں۔ یوں لگتا ہے جیسے پورا ایوی ایشن نظام بلوچستان کو ترجیحی بنیادوں پر نہیں دیکھ رہا۔ بلوچستان کا ایک انتہائی اہم مسئلہ اس کی زمینی شاہراہوں کی ناگفتہ بہ حالت ہے۔ پورے ملک میں جہاں موٹرویز اور اعلیٰ معیار کی دورویہ شاہراہیں موجود ہیں، وہاں بلوچستان کے عوام آج بھی گزشتہ صدی کی ٹوٹی پھوٹی سڑکوں پر سفر کرنے پر مجبور ہیں۔ کتنے افسوس کا مقام ہے کہ بلوچستان میں آج تک ایک بھی موٹروے نہیں بن سکی، کوئی بڑی دورویہ قومی شاہراہ موجود نہیں، کئی سڑکیں خستہ حالی کا شکار ہیں جن پر سفر کرنا عوام کی جان کو خطرے میں ڈالنے کے مترادف ہے۔ ہر سال سینکڑوں قیمتی جانیں کوئٹہ کراچی، کوئٹہ سبی، کوئٹہ ڈیرہ غازی خان اور کوئٹہ ڈی آئی خان شاہراہوں پر لقمہ اجل بن جاتی ہیں اس کے ساتھ ساتھ مختلف علاقوں میں بدامنی کے واقعات نے بھی زمینی سفر کو مزید مشکل اور غیر محفوظ بنا دیا ہے۔ ایسے حالات میں فضائی سفر بلوچستان کے عوام کے لئے ایک محفوظ، تیز اور ضروری ذریعہ ہونا چاہئے تھا۔ لیکن بدقسمتی سے فلائٹس کی کمی اور مہنگے کرایوں نے اس سہولت کو بھی محدود کر دیا ہے۔ اگر کرایوں میں کمی ہو اور فلائٹس بڑھائی جائیں تو عوام کی مشکلات میں نمایاں کمی آسکتی ہے۔ بلوچستان اسمبلی میں پیش کی گئی قرارداد نہایت بروقت اور اہم تھی۔ اس قرارداد نے وزارت ہوابازی، سول ایوی ایشن اتھارٹی، پی آئی اے اور نجی ایئر لائنز کی پالیسی پر سوالات کھڑے کئے ہیں یہ قرارداد صوبے کی عوامی آواز کی حقیقی نمائندگی کرتی ہے، کیونکہ برسوں سے بلوچستان کے شہر خصوصاً کوئٹہ فضائی لاگت کے بحران سے گزر رہے ہیں۔ ایوان میں اس قرارداد کی بھرپور تائید کی گئی اور اراکین نے واضح الفاظ میں کہا کہ بلوچستان کے عوام کے ساتھ یہ امتیازی رویہ ناقابل برداشت ہے۔ خاردار پہاڑوں، طویل فاصلے، خراب سڑکیں، کم آبادی اور جغرافیائی مجبوریوں کے باوجود فضائی سفر کو اس قدر مہنگا رکھنا ایک طرح سے صوبے کے لوگوں کو ملک کے بڑے شہروں سے کاٹنے کے مترادف ہے۔ یہاں اس بات کا ذکر بھی ضروری اور برمحل ہے کہ بلوچستان اسمبلی میں اس نوعیت کی قراردادیں پہلے بھی منظور ہوتی رہی ہیں۔ وقتاً فوقتاً ایوان نے پی آئی اے سے کرایوں میں کمی کی درخواست کی، نجی ایئر لائنز سے کوئٹہ کی فلائٹس بڑھانے کا مطالبہ کیا مگر عملی طور پر صورتحال آج بھی جوں کی توں ہے۔ نہ تو قومی ایئر لائن اس پر سنجیدگی دکھاتی ہے، نہ نجی ایئر لائنز بلوچستان کو بطور ترجیح دے رہی ہیں اب وقت آگیا ہے کہ صوبائی حکومت براہ راست وفاقی حکومت سے بات کرے، وزیراعلیٰ بلوچستان خصوصی طور پر وزیراعظم اور وزیر ہوابازی سے ملاقات کریں اور اس مسئلے کو صرف صوبائی نہیں بلکہ قومی سطح پر اٹھایا جائے۔ بلوچستان کے عوام نہ صرف کراچی اور اسلام آباد بلکہ دیگر شہروں جیسے ملتان، فیصل آباد، پشاور اور سیالکوٹ کا سفر بھی کرتے ہیں۔ حیرت کی بات ہے کہ کوئٹہ سے ملتان تک کوئی باقاعدہ فضائی سروس موجود نہیں لہٰذا لازمی ہے کہ کوئٹہ سے ملتان، فیصل آباد، پشاور کی فلائٹس فوری طور پر شروع کی جائیں، نئے روٹس متعارف کرائے جائیں، موجودہ روٹس پر کم از کم روزانہ کی بنیاد پر ایک سے زیادہ فلائٹس چلائی جائیں بلوچستان کے مسافروں کے ساتھ محض کرایوں کے معاملے میں ہی نہیں بلکہ فضائی خدمات میں بھی امتیازی سلوک کی شکایات موجود ہیں۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ کوئٹہ کے لئے بھیجے جانے والے طیارے پرانے ہوتے ہیں، فلائٹس بار بار تاخیر کا شکار رہتی ہیں، مسافروں کے ساتھ ایئرپورٹ اور جہاز میں رویے کے مسائل رپورٹ ہوتے ہیں بیشتر اوقات فلائٹس بغیر پیشگی اطلاع کے منسوخ کر دی جاتی ہیں۔ دیگر صوبوں کے مقابلے میں بلوچستان سے سفر کرنے والوں کو بہتر نہیں تو کم از کم مساوی خدمات تو ضرور ملنی چاہئیں۔ وفاقی حکومت کو چاہئے کہ بلوچستان کے لئے خصوصی سفری پیکج کا اعلان کرے بلوچستان کے طلبہ، مریضوں، خواتین اور بزرگ شہریوں کو خصوصی رعایتیں دی جائیں ۔ضرورت اس امر کی ہے کہ وفاقی حکومت پی آئی اے اور نجی ایئر لائنز اس مسئلے کو فوری طور پر حل کریں اگر فضائی کرایوں میں کمی کی جائے، فلائٹس بڑھائی جائیں اور خدمات بہتر بنائی جائیں تو یہ نہ صرف بلوچستان کے عوام کی مشکلات حل کرے گا بلکہ صوبے کو معاشی، سماجی اور تعلیمی شعبے میں بھی انقلاب آفریں تبدیلیوں کا باعث بنے گا۔

معاشرے میں اصلاحی کوششیں نتیجہ خیز کیوں نہیں؟



روبرو — شاہنواز فاروقی

نیا آئین، پرانا نظام

اظہار خیال — عاصمہ شیرازی

جیو اکنامکس کا قومی وژن

وفاق نامہ — رشید صافی

یورپ نے نوآبادیاتی نظام کے ذریعے کیسے دنیا کو محکوم بنایا؟

تاریخ کی شہادت — ڈاکٹر مبارک علی

پاکستانی سیاست اور مڈل کلاس

تلخ نوائی — محمد اظہارالحق

izhar@izharulhaq.net

حسینہ شیخ کی سزائے موت

تاثرات — سید مجاہد علی

بنگلہ دیش کے ایک خصوصی ٹریبونل نے سابق وزیر اعظم حسینہ شیخ اور وزیر داخلہ اسد الزمان خان کمال کو موت کی سزا سنائی ہے۔ اس کے علاوہ ان کی جائیدادیں ضبط کرنے کا حکم بھی دیا گیا ہے۔

کیا بہار انتخابات میں مودی کی کامیابی کے بعد پاک۔بھارت تناؤ میں کمی واقع ہوگی؟

منظر نامہ

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر تحقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔ ادوار دانتنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا حقدار و تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی لوکل سرٹیفکیٹ

میرا لوکل ڈومیسائل بنام عطاء اللہ ولد غوث بخش قوم ہنگوئی سکنہ سیاہ پشت تحصیل دشت ضلع مستونگ کہیں گر کر گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03337814922 پر مطلع کریں۔
..............STAFF

اوتھل، آرٹیفیشل انٹیلیجنس کی تربیتی ورکشاپ، طلباء وطالبات کی شرکت

مقصد نوجوانوں کو اردو زبان میں جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرانا اور سکھانا تھا

اردو زبان میں ٹیکنالوجی سیکھنے کا یہ سفر ایک نئی سوچ کا آغاز ہے، آفتاب رونجھو

اوتھل (نامہ نگار) لسبیلہ یونیورسٹی میں وانگ کے زیر اہتمام آرٹیفیشل انٹیلیجنس کی تربیتی ورکشاپ، طلباء و طالبات کی بھرپور شرکت، تفصیلات کے مطابق، لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز میں وانگ کی طرف سے اردو اے آئی پروگرام کے ذریعے آرٹیفیشل انٹیلیجنس سے متعلق ایک روزہ تربیتی ورکشاپ منعقد کی گئی، جس میں طلباء وطالبات نے بھرپور شرکت کی۔ ورکشاپ کا مقصد نوجوانوں کو اردو زبان میں جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرانا اور انہیں یہ سکھانا تھا کہ اے آئی کس طرح تعلیم، تحقیق اور کاروباری میدانوں میں ان کی مدد کر سکتی ہے۔ وانگ لیب آف انوویشن وی کیڈائریکٹر آفتاب رونجھو نے اپنے خطاب میں کہا کہ: "اردو زبان میں ٹیکنالوجی سیکھنے کا یہ سفر ایک نئی سوچ کا آغاز ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ ہر طالب علم اپنی زبان میں جدید مہارتیں حاصل کر کے عالمی سطح پر اپنا کردار ادا کرے، ماہر ٹرینرز سلمان خان، اسد علی، منصہ قادر اور سعید انور نے شرکاء کو اے آئی کے عملی استعمالات، تعلیمی تحقیق، ڈیٹا تجزیے اور کاروباری منصوبہ بندی میں اس کے کردار پر مفصل لیکچرز دیے (ORIC) کے ڈائریکٹر ڈاکٹر جاوید میراج نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ طلباء کو جدید ٹیکنالوجی کے میدان میں آگے بڑھنے کے لیے اے آئی جیسی مہارتوں پر عبور حاصل کرنا ضروری ہے، تاکہ وہ مستقبل کے چیلنجز کا کامیابی سے مقابلہ کر سکیں۔ یاد رہے کہ وانگ یونیورسٹی کے ساتھ ایک یادداشت پر دستخط کے تحت طلباء واساتذہ کو اردو والے آئی کی تربیت فراہم کی جا رہی ہے۔

ڈیرہ بگٹی، خسرہ وروبیلا مہم مختلف اسکولوں میں بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگائے گئے

ڈیرہ بگٹی (اے این این) ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی ذوہیب الحق صاحب کی ہدایات پر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈیرہ بگٹی ڈاکٹر اعظم جان مسوری بگٹی کی سربراہی میں ضلع بھر میں خسرہ وروبیلا سے بچاؤ کی بارہ روزہ ویکسینیشن مہم مؤثر انداز میں جاری ہے۔ آج تحصیل قادر آباد کے علاقے پیلاوانغ میں مختلف اسکولوں، خصوصاً گورنمنٹ بائی اسکول شم خیران سمیت دیگر تعلیمی اداروں میں محکمہ صحت کی ٹیموں نے بچوں اور بچیوں کو خسرہ وروبیلا کے حفاظتی ٹیکے لگائے۔ محکمہ صحت کے مطابق، ٹیمیں گھر گھر، اسکولوں اور مختلف مراکز میں جا کر بچوں کی ویکسینیشن یقینی بنا رہی ہیں، تاکہ خسرہ اور روبیلا جیسی خطرناک بیماریوں کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔ والدین سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو لازمی ویکسینیشن کے لیے پیش کریں، تاکہ ہر بچہ مکمل حفاظت کو حاصل کر سکے اور ضلع بھر میں بیماریوں کا خطرہ کم سے کم ہو سکے۔

سبی، کمشنر اسد اللہ فیض ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر کا معائنہ کر رہے ہیں

ژوب وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز احمد خان بگٹی کے اہم اقدامات

دو تربیتی سیشنز کا کامیاب انعقاد، 237 سے زائد طلبہ نے بھرپور شرکت کی

ژوب (اے پی پی) وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز احمد خان بگٹی کے اہم اقدامات اور محکمہ امور نوجوانان حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام بلوچستان یوتھ سوشو اکنامک ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ژوب میں قیادت سازی (لیڈرشپ ڈیولپمنٹ) کے دو تربیتی سیشنز کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔ ان سیشنز میں 237 سے زائد طلبہ نے بھرپور شرکت کی۔ ٹرینرز نے کی جنہوں نے نوجوانوں میں کردار سازی، خود اعتمادی، فیصلہ سازی اور ٹیم ورک کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے مختلف سرگرمیاں اور عملی مشقیں کروائیں۔ یہ پروگرام صوبے کے نوجوانوں کی فکری، تعلیمی اور قائدانہ ترقی کے لیے وزیراعلی میر سرفراز احمد خان بگٹی کے ان تاریخی اقدامات کا تسلسل ہے جن کے تحت بلوچستان بھر کے 11 ہزار سے زائد نوجوانوں کو جدید تربیت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ وہ مستقبل کے مؤثر رہنما بن سکیں۔

نصیر آباد میں صاف پانی، صحت و تعلیم اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر

گڈ گورننس سے عوامی مشکلات کم کریں گے، ادارے کارکردگی بہتر بنائیں

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) گڈ گورننس سے عوامی مشکلات کم کریں گے، ادارے کارکردگی بہتر بنائیں: ڈی سی نصیر آباد "ڈپٹی کمشنر نصیر آباد نے کہا ہے کہ شہر میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی صحت کی بہتر سہولیات اور اچھی تعلیم کا فروغ ہماری ترجیحات میں شامل ہیں۔ ضلع میں گڈ گورننس قائم کر کے لوگوں کی مشکلات میں کمی لائیں گے۔ تمام ادارے اپنی کارکردگی بہتر بنائیں۔ آج کے دور میں میڈیا کا کردار اہم ہے۔ میڈیا مسائل کی نشاندہی کرے انشاء اللہ ان مسائل کے حل کے لیے بھرپور اقدامات کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے آفس میں صدر پریس کلب ڈیرہ مراد جمالی عبدالرزاق ہنگلزئی کی قیادت میں ملنے والے صحافیوں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر حق اداد عمرانی سمیت دیگر معززین موجود تھے۔ صحافیوں کے وفد نے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کو شہر کے مسائل جن میں صحت تعلیم نکاسی آب پینے کے صاف پانی کی قلت اور امن وامان کے متعلق آگاہ کیا ڈپٹی کمشنر نے یقین دہانی کرائی کہ میڈیا، اسٹیک ہولڈرز کے تعاون سے انشاء اللہ جلد ان مسائل کو حل کریں گے۔

تعلیمی اصلاحات کا سلسلہ، ڈی ای او قلعہ عبداللہ کی قابل ستائش خدمات



تحریر: نجیب اللہ

تعلیم کسی بھی معاشرے کی تعمیرو ترقی کا بنیادی ستون ہے۔ جب معاشرہ تعلیمی زوال کا شکار ہو جائے تو اس کے اثرات براہ راست آنے والی نسلوں کی سوچ، صلاحیتوں اور مستقبل پر پڑتے ہیں۔ بدقسمتی سے بلوچستان کے کئی اضلاع میں ایسے تعلیمی مسائل عرصے سے موجود رہے جنہیں حل کرنے کے لیے سنجیدہ، مخلص اور فرض شناس قیادت کی ضرورت تھی۔ اسی تناظر میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر قلعہ عبداللہ یوسف زرکون کی تعیناتی نہ صرف ایک انتظامی تبدیلی تھی بلکہ تعلیمی میدان میں امید کی نئی کرن بھی ثابت ہوئی۔ یوسف زرکون نے جب سے ضلع قلعہ عبداللہ میں اپنا چارج سنبھالا ہے، پورا ضلع قلعہ عبداللہ ان کی عملی کارکردگی کا گواہ بن چکا ہے۔ وہ صرف دفتر میں بیٹھ کر احکامات جاری کرنے والے افسر نہیں بلکہ میدان عمل میں جا کر مسئلے کی جڑ تک پہنچنے کا عزم رکھنے والے منتظم ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے دور قیادت میں وہ تعلیمی ادارے بھی دوبارہ آباد ہوئے جو طویل عرصہ سے بند پڑے تھے۔ کئی دیہات اور پسماندہ علاقوں کے وہ اسکول، جہاں کبھی بچوں کی آوازیں سنائی نہیں دیتی تھیں، آج دوبارہ علم کی روشنی سے جگمگا رہے ہیں۔ ایسے اسکولوں کا دوبارہ فعال ہونا صرف ایک انتظامی فیصلہ نہیں بلکہ سینکڑوں گھروں کی امیدوں کا دوبارہ زندہ ہونا ہے۔ یوسف زرکون نے نہ صرف بند اسکول کھلوائے بلکہ فعال اسکولوں کی حالت زار کو بہتر بنانے کے لیے بھی موثر اقدامات کیے۔ انہوں نے اساتذہ کی حاضری کے نظام کو مؤثر بنایا، عمارتوں کی مرمت، فرنیچر کی فراہمی، پینے کے پانی، واش رومز اور دیگر بنیادی سہولیات کی کمی کو پورا کرنے کے لیے بھی عملی کردار ادا کیا۔ ان کی کوششوں کا نتیجہ یہ نکلا کہ جہاں پہلے سہولیات کی کمی کی شکایات عام تھیں، وہاں آج ماحول بہتر ہونے سے بچوں کا رجحان اسکول کی جانب بڑھ رہا ہے۔ والدین بھی اس مثبت تبدیلی پر خوش اور مطمئن نظر آتے ہیں۔ یوسف زرکون نے جس انداز میں اپنی ذمہ داریاں نبھائی ہیں، وہ انہیں ایک بہترین اور باصلاحیت افسر کے طور پر نمایاں کرتی ہیں۔ ان کی ترجیح ہمیشہ یہ رہی ہے کہ ہر بچہ تعلیم کا حق پا سکے، ہر اسکول فعال ہو، اور ہر استاد جائز مقام پر اپنی ذمہ داری ادا کرے۔ اس عزم اور محنت نے انہیں نہ صرف عوام میں احترام دلایا بلکہ محکمہ تعلیم میں بھی ایک مثالی افسر کی پہچان عطا کی۔ تعلیمی ترقی کا یہ سفر ابھی جاری ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت اور متعلقہ ادارے یوسف زرکون جیسے مخلص افسران کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ وہ اسی جذبے اور توانائی کے ساتھ اپنا مشن جاری رکھ سکیں۔ اگر اسی طرح کے اقدامات مستقل بنیادوں پر جاری رہے تو وہ دن دور نہیں جب ضلع کے ہر بچے کے ہاتھ میں کتاب اور ہر اسکول میں علم کی شمع روشن ہوگی۔ یوسف زرکون کی خدمات اس بات کا ثبوت ہیں کہ ایک دیانتدار، مخلص اور وژن رکھنے والا افسر پورے نظام کو بدل سکتا ہے۔ بشرطیکہ اس کے پاس ارادہ، نیت اور عوام کی خدمت کا خلوص ہو۔

لوکل ڈومیسائل کا اجراء اور میرٹ کی بنیاد پر ہوگا، اسسٹنٹ کمشنر بارکھان

ہر شہری کو اس کا جائز قانونی حق ملنا چاہیے اور اس عمل میں کسی قسم کی کوتاہی یا سفارش برداشت نہیں کی جائے گی

ہر شہری کو اس کا جائز قانونی حق ملنا چاہیے، اس عمل میں کوتاہی یا سفارش برداشت نہیں کی جائے گی، خادم حسین

بارکھان (خ ن) ضلعی ہیڈکوارٹر بارکھان میں اسسٹنٹ کمشنر خادم حسین بھنگر کی زیر صدارت لوکل ڈومیسائل کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف درخواست گزاروں نے ذاتی طور پر شرکت کی اور اپنی متعلقہ دستاویزات کمیٹی کے سامنے پیش کیں۔ اجلاس میں کمیٹی کے ارکان نے تمام درخواستوں کا تفصیلی اور باریک بینی سے جائزہ لیا، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ لوکل ڈومیسائل کا اجرا خالصتاً قواعد و ضوابط، شفافیت اور میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہر شہری کو اس کا جائز قانونی حق ملنا چاہیے اور اس عمل میں کسی قسم کی کوتاہی یا سفارش برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر خادم حسین بھنگر نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی سہولت، شفاف گورننس اور مؤثر سروس ڈیلیوری کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہے۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو تاکید کی کہ عوامی درخواستوں کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے تاکہ شہریوں کو بلا تاخیر ان کا حق ملے۔ ضلعی انتظامیہ کے اس عمل کو شہریوں کی جانب سے سراہا گیا ہے، جو کہ شفاف اور فعال انتظامی عمل کی جانب ایک مثبت قدم تصور کیا جا رہا ہے۔

ڈپٹی کمشنر محمد زیارت کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

زیارت (آن لائن) ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایف سی کیپٹن حارث علی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سردار محمد حنیف کاکڑ، ایس ڈی او پی اینڈ آر تقسیم الرحمان، ایس ڈی او ایس اینڈ ڈبلیو صفیر احمد اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ محمد صدیق دمڑ، ایس ڈی او پی ایچ ای رفیع اللہ، ایریگیشن کے نصیر احمد نے شرکت کی اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کو بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹیو کے حوالے سے جاری ترقیاتی کاموں کے بارے جائزہ رپورٹ پیش کی گئی میں بریفنگ دی گئی ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ نے کہا ڈسٹرکٹ زیارت میں تمام ترقیاتی کاموں کو بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹیو کے تحت مکمل کیا جائے ترقیاتی کاموں جو بروقت اور کوالٹی کے مطابق مکمل کیا جائے ترقیاتی کاموں کی تکمیل سے عوام کی مشکلات کا خاتمہ ہوگا اور مسائل میں کمی آئے گی انہوں نے افسران کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو تعلیم صحت، پانی اور دیگر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے عوام کی خدمت کو اپنا فریضہ بنا کر کام کیا جائے اس سلسلے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

ضلع خضدار کی تعمیر وترقی بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ڈی سی

اوپن کچہری باقاعدگی سے منعقد کرانا ان کے وژن میں شامل ہے، ڈپٹی کمشنر خضدار

خضدار (آن لائن) خضدار کے نو تعینات ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی نے عہدہ سنبھالتے ہی ترقیاتی ایجنڈے کا واضح خاکہ پیش کر دیا۔ آج خضدار پریس کلب کے عہدیداران وممبران کے وفد نے ڈپٹی کمشنر خضدار سے تعارفی ملاقات کی جس میں علاقائی مسائل، عوامی فلاح کے منصوبے اور باہمی تعاون پر کھل کر بات چیت ہوئی۔ ملاقات کے دوران ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے اپنے وژن پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ خضدار ضلع کی تعمیر وترقی، عوام کی خوشحالی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے بتایا کہ چارج سنبھالتے ہی سب سے پہلا سرکاری دورہ شہید سکندر زہری یونیورسٹی کا کیا، جو ضلع میں اعلی تعلیم کا سب سے بڑا ادارہ بننے جا رہا ہے۔ شہید سکندر زہری یونیورسٹی کو مکمل فعال بنانے کے لیے اقدامات اور جھالاوان میڈیکل کالج کی تعمیر کو ترجیحی بنیادوں پر شروع کروانا، صحت کے شعبے میں بڑی اصلاحات، ہسپتالوں اور بنیادی صحت یونٹس تعلیمی اداروں کو سہولیات سے آراستہ کرنا اور فعال بنانا، پینے کے صاف پانی، بجلی، سڑکوں اور دیگر بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کو تیزی سے مکمل کرنا، نیوٹریشن، بے نظیر انکم سپورٹ سمیت دیگر شعبوں میں عوام کی فلاحی اقدامات کا احاطہ کرنا عوام کو براہ راست ریلیف پہنچانا، اوپن کچہری "باقاعدگی سے منعقد کرانا ان کے وژن میں شامل ہے۔ جب کہ دفتری نظام کو مضبوط و مربوط بنایا جائے گا جہاں سے عوام الناس اور سائلین کے جائز مسائل بروقت اور بغیر کسی دقت کے حل ہو سکیں ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے خضدار پریس کلب کے اراکین کو یقین دلایا کہ میڈیا ضلع کی ترقی میں اہم پارٹنر ہے اور ہر اچھے تجویز کو خوشدلی سے سنا اور نافذ کیا جائے گا۔ خضدار پریس کلب کے صدر عبداللہ شاہوانی چیئرمین ایوب بلوچ سینئر نائب صدر منیر احمد زہری سابق صدر ندیم گرگناڑی عبدالواحد رند اور دیگر عہدیداران نے ڈپٹی کمشنر کے مثبت اور عملدرآمد پر مبنی وژن کو سراہا اور کہا کہ عبدالرزاق ساسولی کی تعیناتی سے ضلع میں ترقی کے نئے دور کا آغاز ہوگا۔

ماچھی پور، نئی غلام سرور کنبار اور چیئرمین زین العابدین کنبار گورنمنٹ سکول سہراب خان میں بچوں کو سامان دے رہے ہیں

شہید بابو محمد اکرم کے ورثہ نے شاہوانی برادری کو خون معاف کر دیا

دو گاڑیوں کے تصادم کے نتیجے میں بابو محمد اکرم بہرانی شہید ہو گئے تھے

نصیر آباد (نامہ نگار) شہید بابو محمد اکرم بہرانی کے ورثہ نے عظیم مثال قائم کر دی، شاہوانی برادری کو خون معاف کوئٹہ کے نواحی علاقے میں چند روز قبل پیش آنے والے افسوسناک ٹریفک حادثے میں شہید ہونے والے بابو محمد اکرم بہرانی کے ورثہ نے روایتی قبائلی اقدار، بھائی چارے اور برداشت کی اعلی مثال قائم کرتے ہوئے شاہوانی برادری کو خون معاف کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق حادثہ پندرہ تا بیس روز قبل دشت کے علاقے میں پیش آیا تھا، جہاں دو گاڑیوں کے خوفناک تصادم کے نتیجے میں بابو محمد اکرم بہرانی موقع پر ہی شہید ہو گئے تھے اس المناک واقعے کے سلسلے میں شاہوانی برادری اور ڈیرہ مراد جمالی کے معززین میترہ لے کر شہید کے گھر پہنچے قیادت وفد میں سید ذوالفقار علی شاہ، حق اداد عمرانی، محمد اعظم دھرپالی، میر عبدالکریم شاہوانی، رئیس جمعہ خان دھرپالی سمیت دیگر معتبر شخصیات شامل تھیں۔ معززین نے روایتی رسم ورواج کے تحت میترہ پیش کی اور لواحقین سے معافی کے لیے التجا کی۔ اس موقع پر شہید کے بھائیوں محمد اعظم بہرانی، محمد افضل بہرانی ان کے فرزند ریاض اکرم بہرانی، دیگر رشتہ دار مختیار احمد سلیم احمد نے قبائلی روایات کی پاسداری کرتے ہوئے میترہ کو عزت بخشی اور شہید بابو محمد اکرم بہرانی کا خون معاف کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ قدرتی حادثہ تھا آخر میں دعائے خیر کی گئی اور شہید کے درجات کی بلندی، اہل خانہ کے صبر و حوصلے عطا فرمائے

چیف آفیسر میونسپل کمیٹی کی نگرانی میں شہر میں صفائی مہم جاری ہے

مہم کا مقصد صحت مند، خوشنما اور شہریوں کے لیے قابل فخر ماحول پیدا کرنا ہے

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی خصوصی ہدایت پر اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی حبیب اللہ بلوچ کی فعال نگرانی میں لورالائی شہر میں صفائی مہم پوری توانائی سے جاری ہے۔ مہم کا مقصد شہر کو نہ صرف صاف ستھرا رکھنا ہے بلکہ ایک صحت مند، خوشنما اور شہریوں کے لیے قابل فخر ماحول پیدا کرنا ہے۔ صفائی مہم میں تحصیل روڈ، بھاگی بازار، عاشقہ گلی، دوبی گھاٹ محلہ، ٹب کی صفائی، سلیم داد زون، تعلیم فاؤنڈیشن اسکول اور عجب زون سرکاری باغ، باچا خان چوک کے نزدیک مین بند نالی کو کھول کر کچرا کی اٹھان اور اطراف میں نالیوں کی صفائی، سڑکوں پر جھاڑو اور کچرا اٹھانے جیسے اقدامات کیے گئے۔ صفائی کا عمل صبح سویرے شروع اور شام تک جاری رہتا ہے، جس میں صفائی عملے نے اپنی بھرپور محنت سے شہر کے کئی حصوں کی حالت بدل دی۔ شہریوں نے صفائی مہم پر اطمینان اور خوشی کا اظہار کرتے ہوئے میونسپل کمیٹی کی کارکردگی کو خوب سراہا اور امید ظاہر کی کہ یہ تسلسل مستقبل میں بھی برقرار رہے گا چیف آفیسر حبیب اللہ بلوچ نے کہا کہ یہ مہم ایک دن یا ایک ہفتے کی نہیں بلکہ ایک مسلسل سفر ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ لورالائی کو بلوچستان کا صاف ترین شہر بنایا جائے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ اس مہم کو صرف سرکاری ذمہ داری نہ سمجھیں

یونیورسٹی آف تربت کے شعبہ کامرس کے چیئرمین ڈاکٹر مشتاق محمد بادینی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تربت یونیورسٹی تربت شعبہ کامرس کے بورڈ آف اسٹڈیز کا اجلاس

اجلاس میں متعدد اہم تعلیمی معاملات پر تفصیلی غور و خوض، اور اہم فیصلے کیے گئے

تربت (آن لائن) یونیورسٹی آف تربت کے شعبہ کامرس کے بورڈ آف اسٹڈیز کا پانچواں اجلاس شعبہ کامرس کے چیئرمین ڈاکٹر مشتاق محمد بادینی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں متعدد اہم تعلیمی معاملات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا اور اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں ایم ایس کامرس پروگرام کے اجراء، بی ایس کامرس پروگرام کو ایچ ای سی کے نئے نظر ثانی شدہ نصاب کے مطابق ہم آہنگ کرنا اور بی ایس) ای کامرس (میں ایک نئی اسپیشلائزیشن پروگرام شروع کرانے کی منظوری کے علاوہ تین نئے ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز، اے ڈی کامرس، اے ڈی اکاؤنٹنگ اینڈ فنانس اور اے ڈی اسلامی بینکنگ شروع کرانے کی منظوری دی گئی۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق ہیلی کالج آف کامرس یونیورسٹی آف دی پنجاب کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر شیخ عثمان یوسف اور NAVTTC کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر حسین بخش کلمتی نے بطور ایکسٹرنل ممبر ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ تربت یونیورسٹی کے ساتھ الحاق شدہ کالجوں کے اساتذہ کرام گورنمنٹ عطا شاد ڈگری کالج کے لیکچرر عبدالصمد اور گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج تربت کی لیکچرر فائزہ عزیز کے علاوہ یونیورسٹی آف تربت کے فیکلٹی ممبران ڈاکٹر عبدالماجد ناصر، رحمت اللہ اور ریاض احمد نے بھی اجلاس میں شرکت کی اور مختلف تعلیمی امور پر اپنی تجاویز پیش کیں۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی قیادت میں یونیورسٹی آف تربت نے اس بات کا تہیہ کر رکھا ہے کہ یونیورسٹی میں جاری اور نئے تمام تعلیمی پروگراموں کے نصاب کو جدید مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ڈھالنے کے علاوہ مصنوعی ذہانت میں تیز رفتار پیش رفت اور ابھرتے ہوئے تکنیکی رجحانات کو پیش نظر رکھ کر تمام تعلیمی پروگرامز کو اپ ڈیٹ کرنے کا عمل جاری رکھا جائے گا تاکہ طلبہ کو جدید ڈیجیٹل مہارتوں اور عصری تقاضوں کے مطابق ٹیکنالوجیکل علم سے مکمل طور پر لیس کیا جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر شعبہ کامرس کے چیئرمین ڈاکٹر مشتاق محمد بادینی نے شعبہ کامرس سمیت پوری یونیورسٹی کی ترقی اور بہتری کے لیے غیر معمولی دلچسپی لینے پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اجلاس میں شریک تمام معزز اراکین کی فعال شرکت، قیمتی تجاویز اور تعمیری آراء کو سراہتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی کی مجموعی ترقی فیکلٹی ممبران، انتظامی عملے اور یونیورسٹی کے آئینی اداروں کے سربراہان، ممبرز اور ماہرین کی مشترکہ کاوشوں اور باہمی تعاون ہی سے ممکن ہے۔

اچانک ہوٹل کے مقام پر مشترکہ چیک پوسٹ کا قیام ناگزیر ہو چکا ہے، ڈی سی نصیر آباد

اریگیشن حکام غیر قانونی واٹر کنکشنز کی تفصیلات پولیس، ایف سی کو فراہم کریں تاکہ کارروائی کی جا سکے

نئے تھانوں اور چیک پوستوں کا قیام وقت کی ضرورت ہے، ذوالفقار علی کرار کا اجلاس سے خطاب

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں لیفٹیننٹ کرنل رضوان طیب سمیت تمام ضلعی محکموں کے سربراہان اور ایجنسیز اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشیٹو (BSDI) اسکیموں پر پیشرفت، این 65 پر اچانک ہوٹل کے مقام پر مشترکہ چیک پوسٹ کی تعمیر، غیر قانونی زرعی کنکشنز کے خاتمے، شہر کے مرکزی بازار اور اسٹریٹجک مقامات پر سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب، حساس مقامات پر نئے پولیس تھانوں اور پولیس چیک پوسٹوں کے قیام، غیر قانونی ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائی، انسداد اسمگلنگ اور انسداد تجاوزات آپریشن سمیت صحت و تعلیم کی صورتحال اور مدارس کی رجسٹریشن جیسے اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار نے کہا کہ ضلع میں بڑھتی ہوئی جرائم کی وارداتوں کی روک تھام کے لیے پولیس عملی اقدامات تیز کرے۔ موٹر سائیکل چوری اور چھینے کی وارداتوں میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، جبکہ اچانک ہوٹل کے مقام پر مشترکہ چیک پوسٹ کا قیام ناگزیر ہو چکا ہے تاکہ قومی شاہراہ، ریلوے ٹریک اور پبلک ٹرانسپورٹ پر امن و امان کو مضبوط بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع میں نئے تھانوں اور چیک پوسٹوں کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے۔ BSDI اسکیموں کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر ذوالفقار علی کرار نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، پی سی ون کے مطابق بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے، جبکہ بعض محکموں کی جانب سے ترقیاتی عمل کا آغاز نہ کرنا غیر سنجیدگی کا واضح ثبوت ہے۔

کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض نے ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر کا دورہ

تربیتی سہولیات میں بہتری اور جدید ٹیکنیکل اسکلز کی فراہمی وقت کی ضرورت

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض نے ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر کا دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر سینٹر کے پرنسپل اور متعلقہ افسران ان کے ہمراہ تھے۔ کمشنر نے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور تربیتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ کمشنر اسد اللہ فیض نے طلبہ سے فراہم کی جانے والی تکنیکی مہارتوں کے متعلق سوالات پوچھے اور ان کے جوابات سنے۔ انہوں نے تربیتی سہولیات میں بہتری اور جدید ٹیکنیکل اسکلز کی فراہمی کو وقت کی ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو معیاری ہنر سکھانا روزگار کے بہتر مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع میں ٹیکنیکل سینٹر میں تعلیم کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا تاکہ نوجوان جدید دور کے تقاضوں کے مطابق اپنی صلاحیتوں کو استعمال میں لا سکیں۔

ڈویژن میں ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی کا نظام بنایا گیا ہے، کمشنر نصیر آباد

ناقص اور غیر معیاری منصوبوں کے ذمہ داران کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا، صلاح الدین نور زئی

بلوچستان حکومت عوام کے معیار زندگی میں بہتری لانے کیلئے میرٹ کو فوقیت دی جا رہی شہری مستفید ہو سکیں گے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے کہا ہے کہ ڈویژن بھر میں ترقیاتی منصوبوں کی موثر نگرانی کا نظام بنایا گیا ہے ناقص اور غیر معیاری منصوبوں کے ذمہ داران کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا صحت وتعلیم کے اداروں کی جدید خطوط پر نگرانی سے اداروں میں تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں بلوچستان حکومت عوام کے معیار زندگی میں بہتری لانے کیلئے میرٹ کو فوقیت دی جا رہی جس کے ثمرات سے شہری جلد مستفید ہو سکیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ پریس کلب کے صدر عبدالرزاق ہنگلزئی و دیگر قبائلی عمائدین سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سیٹھ تارا چند سابق صدر ولی محمد زہری سابق جنرل سیکرٹری عبدالکریم مینگل بنک اسلامی کے منیجر جاوید احمد جمالی اور طیب لاشاری بھی موجود تھے صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ نصیر آباد ایک زرخیز وزرعی علاقہ ہے جس کے باعث نصیر آباد میں کوئٹہ کے بعد آبادی زیادہ ہے تاہم نصیر آباد ڈویژن میں ہم صوبائی حکومت کے احکامات کے تحت گرین اسٹیٹیو کے تحت تمام ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت لائی جا رہی ہے اور تمام ترقیاتی منصوبوں کی موثر مانیٹرنگ کا نظام وضع کیا گیا ہے اب ناقص تعمیراتی منصوبوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا اور متعلقہ ٹھیکیدار کے خلاف بھی ایکشن لیا جائے گا انہوں نے بتایا کہ ڈویژن بھر میں محکمہ صحت اور تعلیم کے اداروں کی بھی موثر نگرانی کی جا رہی ہے اور متعلقہ آفیسران ان اداروں کے باقاعدگی سے وزٹ بھی کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ نصیر آباد بھر میں میرٹ کو اولیت دی جا رہی ہے سفارش کلچر کا خاتمہ موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے جسے ہر سطح پر لاگو کیا جائے گا۔

بارکھان، ترقیاتی منصوبے عوامی سہولتوں میں اضافہ کریں گے، عبداللہ کھوسہ

علاقے کی مجموعی ترقی، بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے میں سنگ میل ثابت ہوں گے

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان عبداللہ کھوسہ نے ونگ کمانڈر ایف سی بارکھان اور ایس ڈی او ایریگیشن کے ہمراہ بی ایس ڈی آئی پروگرام کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران افسران کو فلڈ پروٹیکشن وال ابراہیم قاسمانی اور فلڈ پروٹیکشن وال ایف سی قلعہ پر جاری تعمیراتی کام کے متعلق بریفنگ دی گئی۔ ان منصوبوں کا مقصد سیلابی ریلوں سے آبادی اور سرکاری تنصیبات کو محفوظ بنانا ہے، تاکہ مستقبل میں قدرتی آفات کے اثرات کو کم سے کم کیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر بارکھان نے جاری ترقیاتی کام کی رفتار، معیار اور شفافیت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ تمام منصوبے عوامی مفاد، معیار اور مقررہ وقت کو اولین ترجیح دیتے ہوئے مکمل کیے جائیں، تاکہ عوام جلد از جلد ان سہولیات سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بارکھان میں ترقیاتی منصوبے نہ صرف عوامی سہولتوں میں اضافہ کریں گے

ماچھی پور، مظفر علی کھوسہ کے والد کی وفات پر ایم پی اے ڈاکٹر سہراب خان سرکی دوران خان کھوسہ، نثار خان کھوسہ و دیگر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

مشکول اور قبولہ میں پانی کی شدید قلت باعث تشویش ہے، امام دین عمرانی

پانی کی عدم فراہمی کے باعث، زمینداروں کی فصلات بری طرح متاثر ہو رہی ہیں

اوستہ محمد (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی رہنما و خیرخواہ نصیر آباد و جنرل کونسلر میر امام دین خان عمرانی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کوٹ پلیانی، بابا کوٹ، گڑھی رحمان، مشکول اور قبولہ میں پانی کی شدید قلت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان علاقوں میں نہری پانی کی عدم فراہمی کے باعث، زمینداروں کی فصلات بری طرح متاثر ہو رہی ہیں، جس سے کاشتکاروں کو بھاری مالی نقصان کا سامنا ہے۔ میر امام دین خان عمرانی نے کہا کہ گڑھی رحمان قبولہ اور بابا کوٹ زرعی حوالے سے نہایت اہم علاقے ہیں اور موجودہ سیزن میں ان علاقوں میں گندم کی کاشت شروع ہو چکی ہے۔ مگر پانی کی قلت کے باعث زمیندار اور کسان سخت مشکلات کا شکار ہیں میر امام دین خان عمرانی نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ تحصیل بابا کوٹ، گڑھی رحمان قبولہ میں فوری طور پر پانی کی فراہمی بحال کی جائے تاکہ کسان مزید مالی نقصانات سے بچ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ بابا کوٹ اور گڑھی رحمان قبولہ کے کسانوں کے ساتھ ہر سطح پر کھڑے ہیں، اور ان کے مسائل کو حل کرانے کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کی جائے گی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ زراعت پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، اور کسان کی خوشحالی ملک کی خوشحالی سے جڑی ہے۔ میر امام دین خان عمرانی نے صوبائی مشیر برائے لیبر اینڈ مین پاور پیر سٹر چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی اور صوبائی وزیر ایریگیشن بلوچستان میر محمد صادق عمرانی ایکسین ایریگیشن سے پرزور اپیل کی کہ وہ اس اہم مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کروائیں

تحصیل نال کی بچیاں میٹرک سے آگے تعلیم سے محروم

خضدار (آن لائن) ضلع خضدار کے تحصیل نال کی 90% بچیاں ہائیر سیکنڈری اسکول نہ ہونے کی وجہ سے میٹرک سے آگے تعلیم سے محروم ہو رہی ہیں نال گرلز ہائی اسکول بزار گنجی ہائی اسکول در نیلی ہائی اسکول کو ہائیر کا درجہ دیا جائے قبائلی علاقہ ہونے کی وجہ سے اکثر بچیاں بوائز کالج میں تعلیم جاری نہیں رکھ سکتی اور خضدار شہر نال سے 45 سے 50 کلو میٹر دور ہونے کی وجہ سے وہاں تک جا نہیں سکتی جس کی وجہ سے ان کی تعلیم ادھوری رہ جاتی ہے لہذا یہ ضروری ہے کہ بچیاں اپنی اپنی علاقوں میں ہی وہ ہائیر کی تعلیم جاری رکھ سکیں۔ اہلیان نال نے وزیراعلی بلوچستان کمشنر قلات ڈویژن ڈپٹی کمشنر خضدار ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر خضدار سے پرزور اپیل ہے

ڈی سی بارکھان کی زیر صدارت بستی پیر بخش میانی میں کھلی کچہری کا انعقاد

دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں، بزرگوں نوجوانوں کی بڑی تعداد میں شرکت

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان عبداللہ کھوسو نے بستی پیر بخش میانی میں منعقدہ کھلی کچہری کے موقع پر عوام کے مسائل پر غور سے سنے۔ کھلی کچہری میں مختلف دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں، بزرگوں اور نوجوانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنی شکایات، تجاویز اور مسائل براہ راست ضلعی انتظامیہ کے سامنے پیش کیے۔ ڈپٹی کمشنر عبداللہ کھوسو نے عوام کی شکایات پر ہمدردانہ رویہ اپناتے ہوئے موقع پر ہی متعلقہ محکموں کے افسران کو فوری اقدامات کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد عوام کو درپیش مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے، تاکہ لوگوں کو دفتروں کے چکر نہ لگانا پڑیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی خدمت کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر سطح پر بہتر حکمت عملی اختیار کی جا رہی ہے۔

میر امان اللہ خان جنگوانی کھوسہ کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ

ماچھی پور (نامہ نگار) یونین کونسل کوٹ جنگو کے چیئرمین میر ظفر علی کھوسہ کے والد معروف سیاسی سماجی اور قبائلی رہنما میر امان اللہ خان جنگوانی کھوسہ کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ ان کی رہائش گاہ گوٹھ صوبدار خان کھوسہ میں جاری ہے دریں اثناء، چیئرمین میونسپل کارپوریشن جیکب آباد میر عباس خان جکھرانی، سردارزادہ عبدالرزاق خان کھوسہ، کھوسہ قومی اتحاد کے مرکزی چیئرمین میر نثار خان کھوسہ، پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی رہنما میر دوران خان کھوسہ، پاکستان پیپلز پارٹی صوبائی کونسل کے رکن میر احمد نواز خان کھوسہ، سابق صوبائی وزیر میر اظہار حسین کھوسہ، صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم احمد کھوسہ کے بھتیجے میر فیاض احمد کھوسہ، وائس چیئرمین ضلع صحبت پور میر فہد خان چھبو، ایم پی اے تھل ڈاکٹر سہراب خان سرکی، جناح پریس کلب صحبت پور کے صدر رضوان الزمان منگی، سرپرست اعلی محمد زمان منگی، چیئرمین انتیار احمد عباسی سینئر صحافی میر صفدر علی کھوسہ، احمد خان کھوسہ اور دیگر معززین کے علاوہ کھوسہ اقوام کی بہت بڑی تعداد نے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے فاتحہ خوانی کی اس موقع پر انہوں نے دعا کی کی اللہ کریم مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلی مقام جبکہ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائیں آمین۔

بعدالت جناب سنیئر سول جج V کوئٹہ

بیوٹمز بنام عطاء اللہ وغیرہ

دعوی ریکوی

آئندہ پیشی: 21-11-2025

عنوان: اشتہار بنام: عبدالقدوس ولد میر دوست قوم محمد حسنی سکنہ قلعہ محمد حسنی بروری روڈ کوئٹہ۔

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 21-11-2025 کے لئے مقرر ہو چکی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار آپکو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ پیشی پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

اشتہار روزنامہ مشرق کوئٹہ میں مشتہر ہو۔

آج بتاریخ 20-10-2025 کو میرے بدستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب سنیئر سول جج V کوئٹہ

PID (Q) No: 225/25

REQUEST FOR PROPOSAL

1. Pakistan Water and Power Development Authority (WAPDA), an autonomous and statutory body which is mandated for development of Water and Hydropower resources under the administrative control of Federal Government of Pakistan, invites proposals from the Consultants for **"Consulting Services for Conduct of 7th Periodic Inspection of Tarbela Dam Project"**.
2. All participating firms should be registered with Pakistan Engineering Council (PEC) and be on Active Tax Payer List of Federal Bureau of Revenue (FBR) and respective sales Tax Departments of Pakistan.
3. Method of selection will be Quality and Cost Based Selection (80:20) following Single Stage - Two Envelope procedure.
4. Request for Proposal (RFP) documents (containing detailed terms and conditions and other necessary information) are available on E-PADS at www.eprocure.gov.pk. RFP documents can also be downloaded, free of cost, from WAPDA (www.wapda.gov.pk) and PPRA website (www.ppra.gov.pk).
5. The Request for Proposal, prepared in accordance with instructions in the RFP documents, must be submitted through E-PADS and hard copies should be reached in the office of **General Manager (Hydro Resource Management) Water WAPDA, 228-Wapda House, Lahore** on or before **1100 Hrs.** on **05.01.2026**. Technical Proposals will be opened on the same date and same venue at **1130 Hrs.**

PRD(L)/WAPDA/072(2025-26)

General Manager & Project Director
(Tarbela Dam Project)
Tehsil Ghazi District Haripur KPK
Telephone: 0995-350085 Exch: 0995-350018-19 (3180)

PID(L)1334/25

ٹینڈرز نوٹس

1۔ ملٹری فارم کوئٹہ کینٹ کو برائے سال 2025/26 کے لئے اعلی کوالٹی کے فیڈ انگریڈینٹ (Feed Ingredient) کی سپلائی کے لئے مالی مستحکم Firms سے Technical Specifications کے مطابق ٹینڈرز درکار ہیں۔ ٹینڈر مورخہ 9 دسمبر 2025، بروز منگل دن 11:00 بجے سے 12:00 بجے تک زیر دستخطی کے دفتر میں جمع کرائے جاسکتے ہیں اور اسی دن 12:30 بجے بورڈ آف آفیسرز کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ تفصیل اور شرائط کا درج ذیل ہیں۔

Ser	Items	Qty (Tons)	Ser	Items	Qty (Tons)
a.	Sodium B: Carbonate	13	c.	Min Vit Pri Mix (Heifer)	7
b.	Commen Salt	9	d.	Min Vit Pri Mix (Lactating)	13

2۔ **شرائط** - تمام فرم / ٹھیکیداران پر لازم ہوگا کہ وہ نیچے دیئے گئے پروفارمہ (Proforma) کے تحت معلومات مورخہ 9 دسمبر 2025 تک سیل بند لفافے میں دفتری اوقات کار کے دوران ہیڈ کوارٹر لاگ 12 کور کوئٹہ کینٹ کو جمع کروائیں۔ معلومات کے ہمراہ مندرجہ ذیل اشیاء کا ہونا لازمی ہے۔
ا) 2 فیصد زر ضمانت کال ڈیپازٹ رسید (CDR) بنام DG RV&F جی ایچ کیو، راولپنڈی (پچھلے سال کے ٹھیکے کے ریٹ / ٹھیکے کی کل Value کے مطابق) ب) ہر فیڈ آئٹم (Feed Ingredient) کا نمونہ اور Source of Supply دینا لازمی ہے۔ پ) فرم کی تین سال کی بینک سٹیٹمنٹ (Rank Statement)۔ ت) فرم کا امپورٹر مینوفیکچرز یا مینوفیکچرز / امپورٹر کے ساتھ رجسٹرڈ سپلائیر ہونا لازم ہے۔ امپورٹر اور مینوفیکچرز کیساتھ رجسٹریشن کے تین سال کے کاغذات مہیا کرنا ضروری ہیں۔ ٹ) وہ تمام آئٹمز کا Toxin لیول Permissible Limits میں ہونا لازم ہے۔ ث) سپلائی کئے گئے آئٹمز کا معائنہ گورنمنٹ / پرائیویٹ سیکٹر کی معروف لیبارٹریز سے کسی بھی وقت کروایا جا سکتا ہے اور اسی بنیاد پر Accept / Reject کیا جائیگا۔ ج) Reject آئٹمز کی Replacement ٹھیکیدار کے ذمہ ہوگی۔
3۔ مندرجہ بالا چیزوں / معلومات کی جانچ پڑتال کی جائے گی اور ٹینڈر دستاویزات صرف ایسی فرمز کو جاری کئے جائیں گے جو متعلقہ ٹھیکے کی اہلیت رکھتے ہونگے۔ جانچ پڑتال کے دوران اگر مہیا کردہ معلومات، کال ڈیپازٹ رسید آئٹم کے نمونہ میں کسی قسم کی کی پیشی یا انہیں تسلی بخش نہ پایا گیا تو ایسی فرم کو ٹینڈر فارم جاری نہیں کیا جائیگا۔

Ser	Name of Contract etc executed during last 5 years and in hand/Proof of Manufacture	Department	Value of each Contract (Rs/M)	Time Allowed (Month)	Date of Commencement	Date of Completion	% age progress of contract in hand
a	b	c	d	e	f	g	h

4۔ نمائندہ مجاز اپنے ہمراہ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور کمپنی یا ٹھیکیدار کا اتھارٹی لیٹر ضرور لائیں۔ ٹینڈر رکھنے کے وقت شرکت کے خواہشمند کنٹریکٹرز وہاں موجود رہ سکتے ہیں۔ 5۔ کوٹیشن کی میعاد 90 دن تک ہوگی۔ 6۔ تمام ٹیکسز مروجہ قوانین کے تحت بل سے کاٹے جائینگے۔ 7۔ ڈاک کے ذریعے ارسال کی گئی کوٹیشنز قابل قبول نہ ہوگی۔ 8۔ دلچسپی کے حامل فرمز مزید تفصیلات کے لئے صبح 8:30 بجے تا 1:30 بجے (19 نومبر تا 09 دسمبر 2025 تک) متعلقہ دفتر / مجاز نمائندے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ 9۔ بل کی ادائیگی لیبارٹری رپورٹ آنے کے بعد ہوگی۔ 10۔ فیڈ انگریڈینٹ۔ طے شدہ دورانیہ / میعاد کے مطابق ملٹری فارم میں پہنچانا فرم کی ذمہ داری ہوگی۔ 11۔ مجاز آفیسر کو کسی بھی وقت کسی بھی کوٹیشنز کو مسترد کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ اس سلسلے میں تمام کاروائی PPRA رولز کے Para33(1) کے مطابق کی جائے گی۔ 12۔ مقدار میں کمی بیشی 2) / (2)/DD-1/PPA/GHQ/2010 PPRA Letter Rules-2004, no5(2) بتاریخ 05-04-2010 کے مطابق کی جاسکتی ہیں۔ 13۔ کسی بھی اعتراض کی صورت میں PPRA Rule 48 کے تحت قائم کی گئی کمیٹی شکایت جمع کروائی جاسکتی ہیں۔ 14۔ ہر آئٹم کے لئے الگ الگ کوٹیشن دینا ہوگی۔ 15۔ اگر کسی وجہ سے ٹینڈر درج بالا تاریخ پر نہ ہو سکے یا مسترد ہو گئے تو انہی شرائط پر دوبارہ مورخہ 16 دسمبر 2025 بروز منگل دن 11:00 بجے وصول کئے جائیں گے اور اسی دن 12:30 بجے بورڈ آف آفیسرز کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ اگر کسی وجہ سے ٹینڈر درج بالا تاریخ پر بھی نہ ہو سکے یا مسترد ہو گئے تو انہی شرائط پر دوبارہ مورخہ 23 دسمبر 2025 بروز منگل دن 11:00 بجے وصول کئے جائیں گے اور اسی دن 12:30 بجے بورڈ آف آفیسرز کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ اگر کسی وجہ سے ٹینڈر درج بالا تاریخ پر بھی نہ ہو سکے تو شرائط پر دوبارہ مورخہ 30 دسمبر 2025 بروز منگل دن 11:00 بجے وصول کئے جائیں گے اور اسی دن 12:30 بجے بورڈ آف آفیسرز کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ 16۔ یہ اشتہار PPRA کی ویب سائٹ (www ppra org.pk) پر دستیاب ہوگا۔

ڈی اے ڈی آر وی اینڈ ایف ہیڈکوارٹر لاگ 12 کور پس کوئٹہ کینٹ

روزنامہ مشرق کوئٹہ

ٹی ٹوئنٹی سہ ملکی سیریز: پاکستان نے زمبابوے کو 5 وکٹوں سے شکست دیدی

زمبابوے نے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 147 رنز بنائے، پاکستان نے مقررہ ہدف 5 وکٹوں کے نقصان پر پورا کرلیا

پاکستان کی جانب سے فخر زمان 45 رنز جبکہ عثمان خان 37 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے، محمد نواز نے 20 رنز اور 2 وکٹیں بھی حاصل کیں

بلے باز پویلین لوٹ چکے تھے اس موقع پر فخر زمان نے عثمان خان کے ساتھ مل کر بہترین پارٹنرشپ قائم کی اور ٹیم کی جیت میں اہم کردار ادا کیا۔ فخر زمان نے 45 رنز بنائے جبکہ عثمان خان

بنگلادیش کی کپتان نگار سلطانہ نے فاسٹ بولر جہاں آرا عالم کے الزامات مسترد کردیے

ماروں؟۔ نگار سلطانہ نے کہا کہ میں نجی زندگی میں کچھ بھی کر سکتی ہوں مجھے اس کی اجازت ہے، میں اپنے ہیلمٹ کو بیٹ سے مار سکتی ہوں لیکن میں ایسا دوسروں کے ساتھ کیوں کروں گی؟

سلطانہ پر کھلاڑیوں کو مارنے کے الزامات عائد کیے تھے۔ کپتان نگار سلطانہ نے مار پیٹ کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ میں کیوں کسی کو ماروں گی؟ میں کیوں انہیں اپنے بیٹ سے ماروں گی۔ نگار

کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی، بابر اعظم پر جرمانہ عائد

گیا ہے جبکہ بابر اعظم کے ڈسپلنری ریکارڈ میں ایک ڈی میرٹ پوائنٹ بھی شامل کیا گیا ہے۔ بابر اعظم نے 21ویں اوور میں آؤٹ ہونے کے بعد بیٹ اسٹمپس کو مارا تھا، بابر اعظم نے کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی کو تسلیم کیا ہے۔

کیون پیٹرسن کرکٹ میں پیسے کی ریل پیل پر تلملا اٹھے

بلے باز اب چھکے مارتے اور سوئچ ہٹ کھیل کر امیر ہو رہے ہیں، انٹرویو

کیون پیٹرسن نے ایک انٹرویو میں کہا کہ ٹیسٹ کا رزلٹ ماڈرن ڈے کرکٹ کا ہی نتیجہ ہے، بلے باز اب چھکے مارتے اور سوئچ ہٹ کھیل کر امیر ہو رہے ہیں، بیٹرز کو انگلش

کل کھلاڑیوں کی ترجیح کریز پر کھڑے رہنا یا اسپن کو کھیلنے کی آرٹ سیکھنا نہیں ہوتا، کرکٹ اب اونچا میوزک، لائٹس، کرکٹ بورڈز اور نجی مالکان کے مالی فائدوں کا کھیل ہے۔

بنگلادیش ویمن کرکٹ ٹیم کا دورہ بھارت ملتوی

بنگلادیش کرکٹ بورڈ نے ویمنز ٹیم کے دورہ بھارت کی ملتوی ہونے کی تصدیق کر دی

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلادیش ویمن کرکٹ ٹیم کا بھارت کا دورہ ملتوی ہوگیا۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق ترجمان بنگلادیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) نے ویمنز ٹیم کے دورہ بھارت کی ملتوی ہونے کی تصدیق کر دی ہے۔ بنگلادیش

کرکٹ بورڈ کے ترجمان کے مطابق بی سی سی آئی نے خط کے ذریعے ہمیں آگاہ کیا ہے، خط میں دورے کو ری شیڈول کرنے کا بتایا گیا ہے۔ ترجمان بی سی بی نے بتایا کہ دورے کو ملتوی کرنے کی کوئی ٹھوس وجہ نہیں بتائی گئی۔

ناروے نے اٹلی کو شکست دیکر 28 سال بعد فیفا ورلڈ کپ میں جگہ بنالی

میزبان اٹلی کو ایک کے مقابلے میں چار گول سے شکست دے کر شاندار انداز میں ٹورنامنٹ کا ٹکٹ کٹوایا، تاریخی کامیابی کے بعد ملک بھر میں شائقین نے زبردست جشن منایا

میچ کے ابتدائی لمحات میں اٹلی نے روایتی انداز میں جارحانہ کھیل پیش کیا اور ایک گول کی برتری بھی حاصل کرلی تاہم دوسرے ہاف میں ناروے نے میچ کا نقشہ یکسر بدل دیا

میلان (این این آئی) ناروے نے فٹبال کی دنیا میں تاریخ رقم کرتے ہوئے 28 برس بعد فیفا ورلڈ کپ میں کوالیفائی کرلیا۔ میلان میں ہونے والے اہم کوالیفائنگ میچ میں ناروے نے میزبان اٹلی کو ایک کے مقابلے میں چار گول سے شکست دیکر شاندار انداز میں ٹورنامنٹ کا ٹکٹ کٹوالیا۔ میچ کے ابتدائی لمحات میں اٹلی نے روایتی انداز میں جارحانہ کھیل پیش کیا اور ایک گول کی برتری بھی حاصل کرلی تاہم دوسرے ہاف میں ناروے نے میچ کا نقشہ یکسر بدل دیا۔ انتونیو نوسا اور ایرلنگ ہالینڈ نے شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے مسلسل حملے کیے جس کے نتیجے میں ناروے نے چار گول اسکور کر کے میچ پر مکمل کنٹرول حاصل کرلیا۔ ناروے کی اس تاریخی کامیابی کے بعد ملک بھر میں شائقین نے زبردست جشن منایا، جبکہ میچ کو دیکھنے کے لیے ناروے کے شہزادہ، شہزادی اور ہزاروں شائقین میلان کے اسٹیڈیم میں موجود تھے، جنہوں نے اپنی ٹیم کی غیر معمولی کارکردگی پر کھلاڑیوں کا بھرپور حوصلہ بڑھایا۔

سابق کپتان اظہر علی نے پی سی بی سے راہیں جدا کرلیں

اظہر علی پی سی بی کی بعض پالیسیوں سے ناخوش تھے مزید ذمہ داریاں نبھانے سے معذرت کرلی استعفیٰ بھیج دیا

لاہور (آن لائن) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اظہر علی نے پی سی بی سے راہیں جدا کرلیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے ذرائع کے مطابق اظہر علی نے اپنا استعفیٰ پی سی بی حکام کو بھیج دیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اظہر علی پی سی بی کی بعض پالیسیوں سے ناخوش تھے۔ جس کی بناء پر اب انہوں نے مزید ذمہ داریاں نبھانے سے معذرت کرلی ہے۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ پی سی بی کی جانب سے ابھی تک استعفیٰ منظور نہیں کیا گیا۔

اہلیہ کی سوشل میڈیا پر معنی خیز پوسٹ، سلمان آغا کا ردعمل سامنے آگیا

سلمان آغا کی اہلیہ نے انسٹاگرام اسٹوری پر سلمان اور بابر کی گلے لگے ہوئے تصویر معنی خیز کیپشن کے ساتھ شیئر کی تھی

لاہور (آن لائن) قومی ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے کپتان سلمان آغا کا گزشتہ دنوں سوشل میڈیا پر کی گئی اہلیہ کی معنی خیز پوسٹ پر ردعمل سامنے آگیا۔ سہ ملکی سیریز کے آغاز سے قبل پریس کانفرنس کے دوران ایک صحافی نے سلمان آغا سے پوسٹ سے متعلق سوال کیا کہ وہ کیا بات ہے جو صرف آپ اور بابر ہی جانتے ہیں۔ جس پر سلمان آغا نے مسکراتے ہوئے جواب دیا ابھی وقت نہیں آیا۔

بابر اعظم اور محمد رضوان نے ایک ساتھ کیک کاٹا، بورڈ کے اکاؤنٹ پر ویڈیو شیئر

پی سی بی کی جانب سے دونوں کرکٹرز کے سنگ میل عبور کرنے پر ڈریسنگ روم میں تقریب کا اہتمام کیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے اسٹار بیٹرز بابر اعظم اور محمد رضوان نے گزشتہ روز ایک ساتھ کیک کاٹا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے اپنے آفیشل ایکس اکاؤنٹ پر ایک ویڈیو شیئر کی ہے جس میں پاکستان کے سابق کپتانوں اور سری لنکا کے خلاف کلین سوئپ کے ہیروز بابر اعظم اور محمد رضوان ایک ساتھ کیک کاٹ رہے ہیں تاہم دونوں کرکٹرز نہ تو اپنی سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں اور نہ ہی وہ سری لنکا کے خلاف کلین سوئپ کی خوشی منا رہے ہیں۔ دراصل بابر اعظم نے اس سیریز میں سعید انور کی ون ڈے انٹرنیشنل 20 سنچریوں کا ریکارڈ برابر کیا۔

چھٹے اسلامی یکجہتی کھیلوں میں نام ڈرڈریگا نے 1500 میٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا

ریاض (این این آئی) ریاض میں جاری چھٹے اسلامی یکجہتی کھیلوں میں یوگنڈا کے مڈل ڈسٹنس ایتھلیٹ نام ڈرڈریگا نے 1500 میٹر مینز ریس کے فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ گزشتہ روز منعقدہ ہیٹ ون میں ڈرڈریگا نے 04:02.37 میں مقررہ فاصلہ طے کر کے چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ مراکش کے اناس عیسائی نے ہیٹ 03:59.53 کے ساتھ پہلی پوزیشن پر مکمل کی جبکہ مقابلہ پرنس فیصل بن فہد سٹیڈیم میں منعقد ہوا۔ ترکیہ کے سالیہ تیک سوزنے 03:59.85 کے ساتھ دوسری اور نور سلطان کینی شیکہ بوف نے 04:00.57 کے ساتھ چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ ہیٹ ٹو میں رفتار تیز رہی جسے مراکش کے حفیظ رزقی نے 03:51.52 میں جیتا جبکہ ترکیہ کے محمت چیلک نے 03:51.80 میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔

پرو وائس چانسلر ڈاکٹر میر سعادت نے اسپورٹس ویک کی اختتامی تقریب میں کمانڈنٹ [illegible] بریگیڈیئر [illegible] اقبال کو شیلڈ پیش کی

ناقابل شکست پاکستان شاہینز ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گیا

متحدہ عرب امارات کو 9 وکٹوں سے ہرادیا، ٹورنامنٹ میں مسلسل تیسری کامیابی، اس سے قبل اس نے عمان اور انڈیا اے کو شکست دی

پاکستانی بولرز کی عمدہ کارکردگی نے امارات کو 18 اوورز میں صرف 59 رنز پر محدود رکھا، سفیان مقیم نے 12 رنز دیکر 3 وکٹیں حاصل کیں

دوحہ (آن لائن) پاکستان شاہینز ایشیا کپ رائزنگ سٹارز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی۔ اس نے ٹورنامنٹ میں اپنے تیسرے میچ میں متحدہ امارات کو 9 وکٹوں سے ہرادیا۔ یہ اس ٹورنامنٹ میں اس کی مسلسل تیسری کامیابی ہے۔ اس سے قبل اس نے عمان اور انڈیا اے کو شکست دی تھی۔ ویسٹ اینڈ پارک انٹرنیشنل کرکٹ سٹیڈیم میں منگل کو کھیلے گئے گروپ بی کے میچ میں متحدہ عرب امارات نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کی لیکن پاکستانی بولرز کی عمدہ کارکردگی نے اسے 18 اوورز میں صرف 59 رنز پر محدود رکھا۔ پاکستان شاہینز نے 60 رنز کا ہدف صرف 5 اعشاریہ 2 اوورز میں ایک وکٹ پر حاصل کرلیا۔ متحدہ عرب امارات کی اننگز میں سید حیدر 20 رنز کے ساتھ ٹاپ سکورر رہے۔ پاکستان شاہینز کی طرف سے سفیان مقیم نے 12 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ احمد دانیال اور معاذ صداقت نے بالترتیب 7 اور 19 رنز دے کر دو دو کھلاڑی آؤٹ کیے۔ شاہد عزیز، محمد شہزاد اور عرفات منہاس نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

علی ترین کا پی ایس ایل کے معاملات پر شدید تحفظات کا اظہار

لیگ میں فرنچائزز کے ساتھ روا رکھا جانے والا طرز عمل تشویش ناک ہے، مالک ملتان سلطانز

اسلام آباد (آن لائن) پی ایس ایل فرنچائز ملتان سلطانز کے مالک علی ترین نے پی ایس ایل کے معاملات پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ لیگ میں فرنچائزز کے ساتھ روا رکھا جانے والا طرز عمل تشویش ناک ہے، یہ نہیں ہوسکتا کہ بورڈ پیسہ کمائے اور فرنچائزز مشکلات کا شکار ہوجائیں، فرنچائزز کو مہنگے داموں بیچا گیا تو وہ بھی مالی طور پر نہیں چل سکیں گی، محسن نقوی کو خط لکھا لیکن اسکا جواب نہیں ملا۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی ترین نے کہا کہ وہ ایک اسپورٹس مین ہیں۔

اسلامک سولیڈرٹی گیمز میں جیولن تھرو مقابلے آج (بدھ) کو ہونگے

قوم دعا کرے کہ میں پاکستان کے لیے میڈل جیتوں، ارشد ندیم

اسلام آباد (آن لائن) اسلامک سولیڈرٹی گیمز میں جیولن تھرو مقابلے آج (بدھ) کو ہونگے۔ اولمپک چیمپئن ارشد ندیم کا کہنا ہے کہ قوم دعا کرے کہ میں پاکستان کے لیے میڈل جیتوں۔ قوم کے نام ویڈیو پیغام میں ارشد ندیم نے کہا کہ اسلامک گیمز میں بدھ کی رات کو میرا مقابلہ ہے۔ قوم میری دعا کرے۔ چاہتا ہوں اچھا پرفارم کروں اور پاکستان کے لیے میڈل جیتوں۔

اے ایف سی ایشین کپ کوالیفائرز میں پاکستان کی ناقص کارکردگی کا سلسلہ برقرار

میچ کے آغاز سے ہی شام نے جارحانہ کھیل پیش کیا، پاکستان دفاعی لائن ناکام 0-5 سے شکست

اسلام آباد (آن لائن) اے ایف سی ایشین کپ کوالیفائرز میں پاکستان کی ناقص کارکردگی کا سلسلہ برقرار رہا، شام کے خلاف بھی گرین شرٹس کو مایوس کن کارکردگی کی بدولت صفر کے مقابلے میں پانچ گول سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ جناح اسٹیڈیم اسلام آباد میں کھیلے گئے میچ کے آغاز سے ہی شام نے جارحانہ کھیل پیش کیا جبکہ پاکستان دفاعی لائن کو مضبوط رکھنے میں مسلسل ناکام رہا۔ شام کے محمد الحلاق نے کھیل کے 33ویں اور 48ویں منٹ میں گول اسکور کر کے پاکستان کو دباؤ میں ڈال دیا۔ شام کا تیسرا گول 80ویں منٹ میں یسین آلساویا نے کیا۔ چوتھا گول 90ویں منٹ میں آلا الذبی دالی نے اسکور کیا جبکہ پانچواں اور آخری گول 94ویں منٹ میں یسین آلساویا نے کیا۔

سری لنکن ٹیم کے کپتان چارتھ اسالنکا کو کپتانی سے برطرف کیے جانے کا امکان

اسالنکا نے کھلاڑیوں کو دورہ پاکستان سے دستبردار ہونے کے لیے بھی اکسایا تھا، ٹی 20 ورلڈکپ تک دسن شانا کا کو کپتان مقرر کیا جائے گا

چارتھ اسالنکا پاکستان میں ہونے والی ٹی 20 ٹرائی سیریز سے دستبردار ہوگئے تھے بیماری کے حوالے سے بہانہ بھی بنایا گیا تھا، سری لنکن میڈیا

کولمبو (مانیٹرنگ ڈیسک) سری لنکن میڈیا کے مطابق سری لنکن کرکٹ ٹیم کے کپتان چارتھ اسالنکا کو کپتانی سے برطرف کیے جانے کا امکان ہے۔ سری لنکن میڈیا کا کہنا ہے کہ چارتھ اسالنکا پاکستان میں ہونے والی ٹی 20 ٹرائی سیریز سے دستبردار ہوگئے تھے بیماری کے حوالے سے بہانہ بھی بنایا گیا تھا۔ اسالنکا نے کھلاڑیوں کو دورہ پاکستان سے دستبردار ہونے کے لیے بھی اکسایا تھا، ٹی 20 ورلڈکپ تک دسن شانا کا کو کپتان مقرر کیا جائے گا۔

رائزنگ سٹار ایشیا کپ، بنگلہ دیش اے نے افغانستان کو 8 وکٹوں سے ہرادیا

افغان ٹیم نے 78 رنز بنائے، جواب میں بنگلہ دیشی ٹیم نے مطلوبہ ہدف 13 اعشاریہ 3 اوورز میں حاصل کرلیا

دوحہ (این این آئی) دوحہ میں جاری رائزنگ سٹار ایشیا کپ کے میچ میں بنگلہ دیش اے ٹیم نے افغانستان اے ٹیم کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی۔ افغان ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 78 رنز بنائے، درویش رسولی 27 رنز بنا کر ٹاپ سکورر رہے، اعجاز احمد اور قاسم احمد 12-12 سکور بنا سکے، بنگلہ دیش کی جانب سے مونڈول اور رقیب الحسن نے 3-3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، مہروب

اسلامی یکجہتی کھیلوں میں آذربائیجان نے ایتھلیٹکس میں پہلا تمغہ اپنے نام کرلیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں منعقدہ چھٹے اسلامی یکجہتی کھیلوں میں آذربائیجان نے ایتھلیٹکس میں پہلا تمغہ اپنے نام کیا۔ آذربائیجان کی ایتھلیٹ یکاترینا سارئیوا نے ویمنز ٹرپل جمپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔

ایس ڈی او واپڈا سے نیو باور بجلی بحالی فلاحی خدمات کمیٹی کی ملاقات

پندرہ سال بعد بجلی کی بحالی کی راہ ہموار، کمیٹی کی انتھک محنت رنگ لے آئی

لورالائی (آن لائن) کلی نیو باور ناصران میں پندرہ سال بعد بجلی کی بحالی کی راہ ہموار کمیٹی کی انتھک محنت رنگ لے آئی۔ ایس ڈی او واپڈا محمد خان مروت سے نیو باور بجلی بحالی فلاحی خدمات کمیٹی نے ملاقات کی، جس میں علاقے میں بجلی کی فراہمی کو مزید بہتر بنانے اور جمع شدہ بلوں کی پیمنٹس کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں کمیٹی کے ذمہ داران نقیب خان ناصر، حاجی مالک خان ناصر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر حاجی جہانزیب خان ناصر جلیل خان ناصر (واپڈا)، محمد رسول خان ناصر، خان حسین ناصر، عبدالرحمن ناصر، حبیب اللہ ناصر، خوشحال خان، عمرزئی ناصر سمیت دیگر افراد شریک تھے۔ کلی نیو باور ناصران میں تقریباً 15 سال سے بلوں کی عدم ادائیگی کے باعث بجلی منقطع تھی۔ کمیٹی نے دن رات محنت کر کے پورے علاقے میں بل جمع کرنے کی مہم چلائی اور صرف دو ماہ کی جدوجہد کے بعد 104 گھروں کے واجبات جمع کر کے ایس ڈی او واپڈا کے حوالے کر دیئے۔ اس کامیابی پر کمیٹی نے بجلی کے دورانیے میں 3 سے 4 گھنٹے تک ایک گھنٹہ اضافے کی درخواست بھی پیش کی۔ ایس ڈی او واپڈا نے کمیٹی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے بجلی کا دورانیہ بڑھانے کی یقین دہانی کرادی۔ کمیٹی نے کہا کہ پندرہ سال کی تاریکی کے بعد یہ پیش رفت ایک روشن امید ہے۔ یہ کامیابی ثابت کرتی ہے کہ اجتماعی کوشش، شفافیت اور خلوص نیت سے ناممکن بھی ممکن بنایا جاسکتا ہے۔ آخر میں کمیٹی نے تمام دوستوں، عزیز و اقارب اور علاقہ مکینوں کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے کمیٹی پر اعتماد کرتے ہوئے بروقت بل جمع کرائے اور اس مشن کو کامیاب بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔

خسرہ اور روبیلا مہم کو ہر صورت کامیاب بنایا جائے، بشیر بڑیچ

ضلع کا کوئی بھی بچہ ویکسین سے محروم نہیں رہنا چاہیے، ڈپٹی کمشنر کیچ

تربت (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ کی سربراہی میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا ایک اجلاس ڈی سی آفس تربت میں منعقد ہوا، اس دوران اجلاس میں ضلع کی مجموعی صحت عامہ کی صورتحال، خسرہ و روبیلا مہم اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے انتظامی امور پر تفصیلی بریفنگ اور بحث و مباحثہ کیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر عزیز دشتی، ٹیچنگ ہسپتال تربت کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر وحید بلیدی، پی پی ایچ آئی کیچ کے ڈی ایس ایم ڈاکٹر منیر احمد، ڈرگز انسپکٹر محمد اکرم بلوچ، خزانہ آفیسر صدام بلوچ اور سول سوسائٹی کے نمائندہ گلزار دوست سمیت متعلقہ محکموں کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر کیچ کو 17 نومبر سے شروع ہونے والی خسرہ اور روبیلا ویکسینیشن مہم کے تمام مراحل، حکمت عملی، ٹیموں کی تشکیل اور فیلڈ سرگرمیوں سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ ضلع بھر میں مہم کو کامیاب اور مؤثر بنانے کیلئے فیلڈ ٹیموں کو خصوصی ہدایات جاری کی جائیں گی۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ خسرہ اور روبیلا مہم کو ہر صورت کامیاب بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کا کوئی بھی بچہ ویکسین سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔ تمام ٹیمیں بھرپور محنت اور ذمہ داری سے اپنے فرائض انجام دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ والدین میں شعور اجاگر کرنے اور اعتماد بڑھانے کیلئے مہم سے متعلق ایک جامع آگاہی ویڈیو بھی جاری کی جائے، تاکہ زیادہ سے زیادہ والدین اپنے بچوں کی ویکسینیشن کو یقینی بنائیں۔ اجلاس میں ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں خالی آسامیوں، عملے کی کمی اور انتظامی معاملات پر بھی تفصیلی بحث ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ضلع میں جتنے بھی غیر حاضر ڈاکٹرز یا اہلکار موجود ہیں، ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ نے مجموعی طور پر ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کیچ بہترین انداز میں عوام کی خدمت کر رہا ہے اور موجودہ ٹیم کی محنت قابل تعریف ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع کیچ میں صحت کے شعبے میں بہتری کیلئے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔

سکول حکومتی عدم توجہی کے باعث کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے، تنی غلام سرور

بچوں کیلئے کوئی مناسب سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ نا پینے کے پانی کی سہولت میسر ہے

بھاگ پور (نامہ نگار) گورنمنٹ پرائمری سکول حاجی سہراب خان کھوسہ کے طلباء اور طالبات میں غیر سرکاری فلاحی تنظیم نوجوان کنبار اتحاد پاکستان کی جانب سے ریڈنگ، رائٹنگ اور کھیل کا سامان فراہم کیا گیا اس موقع پر چیف آف کنبار تنی غلام سرور خان کنبار اور نوجوان کنبار اتحاد کے مرکزی چیئرمین ذین العابدین کنبار نے بچوں میں سکول بیگز، جوتے، پینسلز، تختیاں، سلیٹس، سری تاپ، فٹبال اور دیگر سامان تقسیم کیا ضرورت کا سامان پاکر غربت اور احساس کمتری کے باعث غریب اور یتیم بچوں کے بجھے چہرے کھل اٹھے تھے۔ اس موقع پر سیکریٹری جنرل NKI محمد آصف کنبار، عبدالرزاق کنبار، مولاداد کنبار، ممتاز علی کنبار، استاد محمد یعقوب کنبار، محمد حسنین لانگو، محمد صلاح چانگ، محمد سکندر لانگو اور اشتیاق احمد بھی ان کے ہمراہ موجود تھے اس موقع پر چیف تنی غلام سرور کنبار اور چیئرمین ذین العابدین کنبار نے بچوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ پرائمری سکول حاجی سہراب خان کھوسہ میں سو فیصد انتہائی غریب محنت کشوں کے بچے تعلیم حاصل کرتے ہیں لیکن یہ سکول حکومتی عدم توجہی کے باعث کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے ناتو کئی سال سے اس کی عمارت کی کوئی مرمت ہوئی ہے اور نہ ہی بچوں کیلئے کوئی مناسب سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ نا پینے کے پانی کی سہولت میسر ہے، نا بجلی کی سہولت میسر ہے بلکہ عمارت بھی نہایت خستہ حال ہو چکی ہے لیکن حکومت کو کوئی پرواہ ہی نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہاں پر کئی یتیم بچے بھی تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو رہے ہیں اور کئی ایسے گھرانوں کے بچے پڑھ رہے ہیں جنہیں دو وقت کی روٹی تک میسر نہیں ہے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ نوجوان کنبار اتحاد ہر سال کئی اسکولوں کے غریب بچوں کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھیرنے کی کوشش کرتی ہے

روحانی محفلیں امن کا پیغام دیتی ہیں، سید سرفراز احمد شاہ

اوستہ محمد (آن لائن) روحانی محفلیں امن شانتی کا پیغام دیتی ہیں۔ اور پیار محبت پھیلاتی ہے۔ تحصیلاے کے مطابق گزشتہ شب گوٹھ محمد حسن چندرانی میں درگاہ فتح پور کے سجادہ نشین حضرت سید سرفراز احمد شاہ اور حضرت سید آصف علی شاہ کے اعزاز میں سالانہ روحانی دعوت کا پرشکوہ اہتمام کیا گیا۔ اس بابرکت محفل و پروگرام کا انعقاد میر پسند خان چندرانی، میر علی حسن خان چندرانی اور میر شاہ بیگ خان چندرانی کی جانب سے کیا گیا، جس میں نامور سماجی و قبائلی شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب میں حاجی عبدالخالق خان جمالی، میر محمد علی خان جمالی، میر قطب الدین خان جمالی، میر جاوید خان جمالی، میر زبیر خان جمالی، میر مرتضیٰ خان جمالی، میر ضرار ناصر خان جمالی، میر کلیم اللہ خان جمالی سمیت علاقے کے متعدد معززین شریک ہوئے۔ مہمانوں کی آمد نے محفل کی رونق میں اضافہ کر دیا۔ پروگرام میں شرکا کے اعزاز میں روایتی شاہانہ ضیافت کا اہتمام کیا گیا، جس کے بعد صوفیانہ محفل سجائی گئی۔ ثنا خوانوں اور شعرا نے عقیدت سے بھرپور صوفیانہ کلام پیش کیے۔

چیئرمین یونین کونسل پڑہ میر مہروز مری کی ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو آمد

کوہلو (نمائندہ مشرق) چیئرمین یونین کونسل پڑہ میر مہروز مری نے گزشتہ روز ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے صحافیوں سے تفصیلی ملاقات کی۔ ملاقات میں علاقے کی مجموعی صورتحال، عوامی مسائل اور بلدیاتی سطح پر درپیش چیلنجز کے حوالے سے جامع گفتگو ہوئی۔ میر مہروز مری نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پریس کلب اور مقامی صحافی ہمارے علاقے کی آواز ہیں، ان کے مثبت اور تعمیری کردار کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ عوامی مسائل کو اجاگر کرنے میں میڈیا کا کردار انتہائی اہم ہے۔

ڈسٹرکٹ کمپلیکس کی تعمیر انتظامی ضروریات پوری کرنے کیلئے اہم ہے، فریدہ ترین

ضلع کے قیام کے بعد افسران کو مناسب دفاتر کی کمی کے باعث متعدد چیلنجز کا سامنا ہے

صحبت پور (آن لائن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور میڈم فریدہ ترین نے کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ کمپلیکس کی تعمیر نئے ضلع کی انتظامی ضروریات پوری کرنے کیلئے نہایت اہم ہے، کیونکہ ضلع کے قیام کے بعد افسران کو مناسب دفاتر کی کمی کے باعث متعدد چیلنجز کا سامنا ہے۔ انہوں نے تاکید کی کہ تعمیراتی کام کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے اور معیار تعمیر کے حوالے سے کسی قسم کی کوتاہی یا سمجھوتہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا ڈپٹی کمشنر نے یہ بات زیر تعمیر ڈسٹرکٹ کمپلیکس کے دورے کے دوران مختلف تعمیراتی حصوں کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران سے گفتگو میں کہی۔ انہوں نے کام کی رفتار، استعمال ہونے والے میٹریل اور مجموعی پیش رفت کا تفصیلی معائنہ کیا اور ضروری ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ایکسین بی اینڈ آر بلڈنگز عرفان علی، ایس ڈی او، اسرار احمد، سب انجینئر محمد یونس اور متعلقہ پروجیکٹ کا ٹھیکیدار و دیگر موجود تھے ایکسین عرفان علی ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 2022 کے سیلاب کے دوران تعمیراتی سرگرمیاں عارضی طور پر معطل ہوگئی تھیں، تاہم اب منصوبے پر تسلی بخش رفتار سے کام جاری ہے۔ ان کے مطابق محکمہ پوری کوشش کر رہا ہے کہ ڈسٹرکٹ کمپلیکس کو مقرر کردہ ٹائم فریم کے اندر مکمل کیا جائے تاکہ انتظامی ڈھانچہ مزید مضبوط ہو سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے منصوبے کی نگرانی کرنے والے افسران کو سختی سے ہدایت کی کہ ڈسٹرکٹ کمپلیکس ضلع کی بنیادی ضرورت ہے، لہٰذا اس کی تعمیر میں معیار، شفافیت اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کو مقدم رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ افسران اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے منصوبے کو بہترین معیار کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچائیں تاکہ عوام کو بہتر سہولیات اور ایک فعال انتظامی نظام فراہم کیا جاسکے۔

صحبت پور، ڈی سی فریدہ ترین ڈسٹرکٹ کمپلیکس کا دورہ کر رہی ہیں

گرلز ڈگری کالج بھاگ کی زیر تعمیر عمارت کی دیواروں میں دراڑیں پڑ گئیں

عمارت میں ناقص میٹریل کا انکشاف، والدین کا متعلقہ محکمے اور تعمیراتی ادارے کی کارکردگی پر اظہار تشویش

اتنے بڑے اور اہم تعلیمی ادارے میں اس طرح کی غفلت ناقابل برداشت ہے، طالبات کا مستقبل خطرے میں

بھاگ (نمائندہ مشرق) گرلز ڈگری کالج بھاگ کی عمارت میں ناقص میٹریل کا انکشاف ہوا ہے استعمال سے پہلے ہی دیواروں میں دراڑیں، طالبات کا مستقبل خطرے میں، گرلز ڈگری کالج بھاگ کی نئی تعمیر ہونے والی عمارت میں ناقص اور غیر معیاری میٹریل کے استعمال کا سنسنی خیز انکشاف کیا جا رہا ہے کالج کی زیر تعمیر عمارت استعمال سے پہلے ہی خطرے کی گھنٹیاں بجانے لگی جبکہ دیواروں میں دراڑیں پڑ گئیں، جس سے نہ صرف عمارت کی مضبوطی بلکہ طالبات کی جانیں بھی شدید خطرے میں پڑنے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں، سماجی کارکنوں اور طالبات کے والدین نے متعلقہ محکمے اور تعمیراتی ادارے کی کارکردگی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اتنے بڑے اور اہم تعلیمی ادارے میں اس طرح کی غفلت ناقابل برداشت ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ کروڑوں روپے کی لاگت سے بننے والی عمارت میں ناقص میٹریل کا استعمال جو کہ متعلقہ افسران کی نااہلی اور غفلت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ مطالبہ کیا ہے کہ اعلیٰ حکام بالا فوری طور پر نوٹس لیکر تعمیراتی کام کی شفاف انکوائری کرائے اور کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ طالبات کا مستقبل محفوظ بنایا جاسکے

ڈاکٹرز اور دیگر ٹیکنیکل اسٹاف جائے تعیناتیوں پر حاضری یقینی بنائیں، منیر احمد

صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیئے لوگوں کا صحت مند ہونا ضروری ہے، ڈی سی

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ مینجمنٹ کمیٹی کا ماہانہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ اسسٹنٹ کمشنر خالق آباد ڈاکٹر علی گل عمرانی ڈی ایچ او ڈاکٹر انجم بلوچ ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر نصراللہ لانگو DSM پی پی ایچ آئی مجیب بلوچ ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد اقبال تورزئی انچارج آر ایچ سی منڈے حاجی ڈاکٹر منور ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر عبدالفتاح ڈسٹرکٹ میڈیسن اسٹور انچارج ڈاکٹر وسیم لانگو پرنس کریم خان ہسپتال کے انچارج نجیب اللہ مینگل ڈاکٹر سدرا سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ او آفس رضوان حیدر نے شرکت کی اجلاس میں صحت کے شعبے سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا ہسپتالوں میں ڈاکٹروں اور دیگر ٹیکنیکل اسٹاف کی حاضریاں ڈاکٹروں اور دیگر اسٹاف کی کمی ڈاکٹروں کی ٹرانسفر پوسٹنگ ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد بی ایچ یوز میں ایمبولینسز اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی عطائی ڈاکٹروں کے خلاف کارروائی اور دیگر امور سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی نے کہا کہ ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیئے لوگوں کا صحت مند ہونا ضروری ہے ڈاکٹرز اور دیگر ٹیکنیکل اسٹاف اپنے جائے تعیناتیوں پر حاضری یقینی بنائیں غفلت اور لاپروائی قابل قبول نہیں عوام کو صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی ہم سب کی ذمہ داری ہے

سوراب، عوام کو ریلیف پہنچانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، نجیب اللہ

کسی بھی قیمت پر ناجائز منافع خوری کی اجازت نہیں دی جائے گی، ڈی سی

شہید سکندر آباد سوراب (آن لائن) ڈپٹی کمشنر شہید سکندر آباد صاحب زادہ نجیب اللہ کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر سوراب شئے اکبر علی بلوچ کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مختلف محکمہ جات اور بازار کے نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی، جن میں اے ایس آئی خلیل اکبر خیابانی، وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی سوراب محمد یسین سمالانی، سپرنٹنڈنٹ ڈپٹی کمشنر فضل محمد قمبرانی، پی ایس اے ٹی فضل الہٰی سمیت مختلف شعبہ جات کے ڈیلرز، ہول سیلرز اور دکاندار شامل تھے۔ اجلاس کا بنیادی مقصد ضلع بھر میں بڑھتی ہوئی مہنگائی پر قابو پانا، عوام تک روزمرہ استعمال کی اشیا مناسب نرخوں پر پہنچانے کے لیے مؤثر حکمت عملی مرتب کرنا اور مارکیٹ میں استحکام پیدا کرنا تھا۔ انتظامیہ نے اس بات پر زور دیا کہ عوام کو ریلیف پہنچانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، اور اس مقصد کے لیے تمام ادارے مشترکہ کوششیں کریں گے۔ اجلاس کے دوران تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے اشیائے خوردونوش کی تازہ سرکاری ریٹ لسٹ مرتب کی گئی۔ اس ریٹ لسٹ میں آٹا، دالیں، چینی، گھی، سبزیاں، پھل، گوشت اور دیگر ضروری اشیا کی قیمتوں کا ازسرنو تعین کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ اس ریٹ لسٹ پر سختی سے عمل درآمد کرانا ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے اور کسی بھی قیمت پر ناجائز منافع خوری کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر شئے اکبر علی بلوچ نے دکانداروں اور ڈیلرز کو ہدایت کی کہ وہ سرکاری نرخ نامے نمایاں جگہ پر آویزاں کریں اور تمام اشیا انہی سرکاری ریٹ پر فروخت کریں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ قانونی کارروائی، بھاری جرمانے، دکانوں کی سیلنگ اور ایف آئی آر جیسے اقدامات خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری طور پر کیے جائیں گے اجلاس کے اختتام پر ضلعی انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی کے لیے پرائس کنٹرول ٹیمیں روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹوں کا دورہ کریں گی۔ ٹیمیں پرائس لسٹ کی جانچ پڑتال، دکانداروں کے نرخ چیک کرنے اور گراں فروشی کے خلاف فوری ایکشن کی پابند ہوں گی۔ انتظامیہ نے کہا کہ شہر میں اشیائے خوردونوش کی دستیابی، معیار اور قیمتوں کو یقینی بنانے کے لیے تمام سرکاری ادارے مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں گے تاکہ عوام کو حقیقی معنوں میں ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ پریم کمار سے زمینداروں کے نمائندہ وفد کی ملاقات

گنداواہ جھل مگسی (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ پریم کمار سے زمینداروں کے نمائندہ وفد نے اہم ملاقات کی، جس میں زمیندار برادری کو درپیش دیرینہ اور سنگین مسئلہ گندھا نہایت تفصیل کے ساتھ زیر بحث آیا۔ وفد نے شہری و زرعی اثرات اور عوامی مشکلات سے اسسٹنٹ کمشنر کو آگاہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر پریم کمار نے وفد کے مؤقف کو توجہ سے سنا اور متعلقہ اداروں کے ساتھ مشاورت کے ذریعے مسئلے کے مستقل حل کی بھرپور یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کے حل میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی۔ زمینداروں نے اسسٹنٹ کمشنر کے تعاون، توجہ اور مثبت رویے کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ گندھے سمیت دیگر مسائل کے حل کے لیے جلد عملی اقدامات سامنے آئیں گے۔ اس موقع پر پی ایچ ای ایس ڈی او عبدالخالق آرائیں بھی موجود تھے۔

کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض نے خسرہ، روبیلا اور پولیو مہم کا افتتاح کردیا

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض نے خسرہ، روبیلا اور پولیو مہم کا باضابطہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی، محکمہ صحت کے افسران، عالمی ادارہ صحت (WHO) اور یونیسیف کے نمائندگان بھی موجود تھے۔ اس موقع پر محکمہ صحت کے حکام نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ خسرہ، روبیلا اور پولیو کے خلاف یہ مشترکہ مہم 17 سے 29 نومبر تک جاری رہے گی، جس کے دوران گھر گھر جا کر بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگائے جائیں گے تاکہ بیماریوں کے پھیلاؤ کو مؤثر انداز میں روکا جاسکے۔ کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض نے کہا کہ بچوں کی صحت کے تحفظ کے لیے یہ مہم نہایت اہم ہے۔ انہوں نے محکمہ صحت کی ٹیموں کو ہدایت کی کہ وہ مہم کو منظم، مؤثر اور سو فیصد کوریج کے ساتھ مکمل کریں۔ ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو لازمی ٹیکے لگوائیں تاکہ خطے کو بیماریوں سے محفوظ بنایا جاسکے۔

اسلامی شعائر کے تحفظ کے بغیر کوئی فیصلہ قابل قبول نہیں، سید محمد آغا

سرانان (یو این اے) جمعیت علماء اسلام ضلع پشین کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ اسلامی شعائر اور اقدار کے تحفظ کے بغیر کوئی فیصلہ یا پالیسی عوام اور علمائے کرام کے جذبات کے مطابق نہیں ہو سکتی۔ بیان میں جنرل سیکرٹری مفتی سید محمد آغا، تحصیل سرانان کے امیر مولانا سید محمد رفیق آغا، جنرل سیکرٹری مولوی نجیب اللہ آغا، سینئر نائب امیر چیئرمین مولانا محمد صادق اور سیکرٹری اطلاعات قاری عطاء اللہ شاہ نے کہا کہ پاکستان ایک نظریاتی ریاست ہے جو اسلامی اصولوں اور عقائد کے تحفظ کے لیے وجود میں آئی، اس لیے اس کے تشخص، آئینی حدود اور دینی سرحدات کا دفاع ہر شہری اور ہر طبقے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ رہنماؤں نے واضح کیا کہ اسلامی اقدار پر کسی قسم کی مداخلت یا کمزوری قبول نہیں ہوگی اور معاشرتی اور مذہبی روایات کی حفاظت ملک کے استحکام کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ علما ہمیشہ امن، یکجہتی اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے کردار ادا کرتے آئے ہیں اور آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ بیان میں زور دیا گیا کہ عوامی اور دینی حساسیت کو نظرانداز کرنے والے اقدامات معاشرتی بے چینی پیدا کر سکتے ہیں

گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول نوکنڈی میں تربیتی سیشن کا انعقاد

ریکوڈک مائننگ کمپنی، کمیونٹی انویسٹمنٹ افسران، طلباء، اساتذہ موجود تھے

نوکنڈی (این این آئی) ریکوڈک مائننگ کمپنی کی جانب سے ضلع چاغی کے ہونہار طلباء و طالبات کے لیے اسکالرشپ پروگرام کے حوالے سے گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول نوکنڈی میں ایک تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ریکوڈک مائننگ کمپنی کے کمیونٹی انویسٹمنٹ افسران، طلباء، اساتذہ کرام کے علاوہ آئی بی اے سکھر یونیورسٹی اسکالرشپ پروگرام کے افسران بھی موجود تھے۔ ڈائریکٹر اسکالرشپ آئی بی اے یونیورسٹی سکھر، عطاء اللہ جتوئی اور سینیئر سوشل امپیکٹ (Impact) افسر نب نذیر و دیگر نے شرکاء سے کہا کہ ریکوڈک مائننگ کمپنی کی کمیونٹی ڈویلپمنٹ کمیٹی (CDC) کی تجویز پر ضلع چاغی کے طلباء و طالبات کے لیے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے مکمل فنڈڈ اسکالرشپ فراہم کی جا رہی ہے۔ اس اسکالرشپ سے ہونہار طلباء اپنے تعلیمی خوابوں کو حقیقت میں بدل سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ یہ اسکالرشپ 2024 اور 2025 میں ایف ایس سی مکمل کرنے والے طلباء کے لیے ہے، جو ٹیسٹ پاس کرنے کے بعد سکھر آئی بی اے یونیورسٹی میں چھ ماہ کا تربیتی کورس کریں گے، جس کی مکمل فنڈنگ ریکوڈک کمیونٹی ڈویلپمنٹ کمیٹی کی ذمہ داری ہوگی۔ ڈائریکٹر اسکالرشپ اور سینیئر سوشل امپیکٹ (Impact) افسر نے طلباء و طالبات پر زور دیا کہ وہ اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے اپنے ملک کا نام روشن کریں۔

سبی میلے کا فروری کے پہلے ہفتے میں باقاعدہ اعلان کی جائے گی، الیاس کبزئی

میلے کو بھرپور اور منظم انداز میں منعقد کرنے کیلئے تمام اداروں کو فعال کردار ادا کرنا ہوگا

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیر صدارت سبی میلہ مویشیاں و اسپاں 2026 کی تیاریوں اور انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کرنل ملتان، ونگ کمانڈر میجر فارس، ایس ایس پی سبی شاہنواز، اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ، اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد میر بہادر خان منگلوی، چیئرمین میونسپل کمیٹی سردار محمد خان تنگک سمیت تمام محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس میں تمام محکموں سے میلے کو نئے اور بہتر انداز میں منعقد کرنے سے متعلق تجاویز طلب کیں۔ انہوں نے کہا کہ سبی میلہ مویشیاں و اسپاں تاریخی و ثقافتی شناخت رکھتا ہے اور سارا سال عوام سمیت مالدار طبقہ اس کا بے چینی سے انتظار کرتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ میلے کی تاریخ جنوری کے آخری ہفتے یا فروری کے پہلے ہفتے میں باقاعدہ اعلان کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ میلے کو بھرپور اور منظم انداز میں منعقد کرنے کے لیے تمام اداروں کو فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس میلے میں محکمہ امور حیوانات کا خصوصی کردار ہے کیونکہ میلہ مویشیاں دراصل مالداروں اور جانوروں کے کاروبار سے وابستہ افراد کا سالانہ بڑا اجتماع ہے، جس میں لوگ سالوں کی محنت سے تیار کیے گئے جانور فروخت کرتے ہیں۔ سیکیورٹی کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ شہر بھر میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جائیں گے اور جدید نگرانی کا مؤثر نظام قائم کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں تمام سیکیورٹی اداروں کے اشتراک سے شہر کا تفصیلی سروے مکمل کیا جائے گا تاکہ حساس مقامات کی نشاندہی ہو سکے اور مؤثر نگرانی و عوامی تحفظ کے لیے درکار تمام انتظامات بروقت یقینی بنائے جاسکیں۔ اختتامی گفتگو میں ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ سبی میلہ نہ صرف خطے کی روایت ہے بلکہ معاشی سرگرمیوں، ثقافتی میل جول اور عوامی تفریح کا بڑا ذریعہ بھی ہے

بقیہ سیکورٹی فورسز 1

ہوئے ہلاک ہوگیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق یہ واقعہ خوارج کی بڑھتی ہوئی مایوسی کی عکاسی کرتا ہے، جو سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مسلسل اور مؤثر دباؤ کے باعث اب آسان اہداف کے خلاف بزدلانہ کارروائیوں کی طرف مائل ہو رہے ہیں۔ان کی ناکام کوششیں جاری انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں کے مقابلے میں ان کی کم ہوتی صلاحیت اور بڑھتی ہوئی جھنجھلاہٹ کی نشاندہی کرتی ہیں۔آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں موجود کسی بھی دیگر بھارتی سرپرستی یافتہ خارجی کو ختم کرنے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔

بقیہ اقوام متحدہ 2

منظور کرلی قرارداد کے حق میں 14 ووٹ آئے جبکہ مخالفت میں کوئی ووٹ نہیں آیا، روس اور چین نے ووٹنگ کے عمل میں حصہ نہیں لیا۔ برطانوی نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق سلامتی کونسل میں منظور کردہ قرارداد میں غزہ میں مختلف ممالک کی افواج پر مشتمل بین الاقوامی استحکام فورس کا قیام بھی شامل ہے۔ اس فورس میں جن ممالک کی افواج شامل ہوں گی، ان کے نام سامنے نہیں آئے ہیں۔سلامتی کونسل میں پیش کردہ اس قرارداد کے حق میں برطانیہ اور فرانس سمیت 13 ممالک نے ووٹ دیا جبکہ روس اور چین نے رائے شماری میں حصہ نہیں لیا۔ پاکستان نے بھی حق میں ووٹ دیا۔اس موقع پر اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتیرس نے کہا کہ یہ قرارداد جنگ بندی کو برقرار رکھنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔غزہ میں قیام امن کیلئے دیگر مسودوں کے مقابلے میں اقوام متحدہ کی قرارداد میں فلسطین کی ریاستی حیثیت تسلیم کرنے اور حق خود ارادیت کے حوالے سے ایک مصدقہ حوالہ ہے۔کئی اہم عرب ممالک نے قرارداد کے مسودے پر فلسطینی عوام کے حق خود ارادیت کو متن میں شامل کرنے کیلئے دباؤ ڈالا تھا۔اسرائیل فلسطینی ریاست کے قیام کی سختی سے مخالفت کرتا ہے جو فلسطین کی ریاستی حیثیت کی راہ میں ایک اہم رکاوٹ ہے۔اقوام متحدہ کی قرارداد کے مطابق بین الاقوامی استحکام فورس اسرائیل، مصر اور نئی تربیت یافتہ مگر تصدیق شدہ فلسطینی پولیس فورس سرحدی علاقوں کی سیکورٹی اور حماس سمیت ریاست مخالف گروہوں کو غیر مسلح کرنے میں مدد کرے گی۔اقوام متحدہ میں امریکہ کے سفیر مائیک والٹز نے سیکورٹی کونسل کو بتایا کہ بین الاقوامی فورس کے اہداف یہ ہوں گے کہ وہ علاقے کو محفوظ بنائیں، غزہ میں غیر عسکری کارروائیوں کی حمایت کریں، دہشت گردوں کا نیٹ ورک ختم کریں، اسلحہ ختم کریں اور فلسطینی شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنائے گی۔امریکی مندوب نے سلامتی کونسل میں پاکستان، مصر، قطر، اردن، سعودی عرب، یو اے ای، ترکیے اور انڈونیشیا سے تشکر کا اظہار کیا۔امریکی مندوب نے کہا کہ ہم سب اکٹھے ہوئے، صورتحال کی سنگینی کا ادراک کیا اور اقدامات کیے،غزہ کے استحکام کیلئے قرارداد اہم ہے، آج تاریخی اور تعمیری قرارداد منظور ہوئی ہے۔سیکورٹی کونسل نے اپنی قرارداد میں غزہ میں بورڈ آف پیس (امن) کے نام سے عبوری حکومت کے قیام کی منظوری دی ہے، جس کا کام فلسطینی ٹیکنوکریٹک پر مشتمل غیر سیاسی کمیٹی کی گورننس کی نگرانی کرنا اور غزہ کی تعمیر نو اور انسانی امداد کی فراہمی پر نظر رکھنا ہے۔غزہ میں دو سال تک جاری رہنے والی جنگ کے بعد تعمیر نو کے لئے معاشی معاونت، عالمی بینک کی حمایت سے بننے والے ٹرسٹ فنڈ سے کی جائے گی۔قرارداد میں کہا گیا ہے کہ بین الاقوامی استحکام فورس اور بورڈ آف پیس، فلسطینی کمیٹی اور پولیس فورس کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔حماس نے اقوام متحدہ کی قرارداد کو مسترد کردیا ہے۔دوسری جانب حماس اور دیگر فلسطینی مزاحمتی گروہوں نے سلامتی کونسل کی قرارداد کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ قرارداد فلسطینی عوام کے حقوق اور مطالبات کو پورا نہیں کرسکتی ہے۔حماس نے ٹیلی گرام پر جاری پیغام میں کہا کہ غزہ میں بین الاقوامی سرپرستی کا جو نظام مسلط کیا جارہا ہے اسے ہمارے عوام اور مختلف گروہوں نے مسترد کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ غزہ میں بین الاقوامی فورس کو دیے گئے اہداف اور کردار، جیسے مزاحمت کو غیر مسلح کرنا وغیرہ، یہ فورس کی غیر جانبداری کو ختم کر کے علاقے پر اپنا تسلط جمانے کی اس لڑائی میں فریق بناتی ہے۔تاہم فلسطین اتھارٹی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ قرارداد پر جلد عمل درآمد کرنے کی ضرورت ہے۔ادھر امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سلامتی کونسل کی قرارداد کو تاریخی قرار دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ وہ طریقہ ہے جس کے ذریعے بورڈ آف پیس) یا امن بورڈ (کی توثیق ہوئی اور اسے تسلیم کیا گیا ہے اور جلد اس بورڈ کی رکنیت کا اعلان کیا جائے گا۔توقع ہے کہ غزہ میں قیام امن کے لیے قائم ہونے والے اس بورڈ آف پیس کی سربراہی امریکی صدر ٹرمپ خود کریں گے۔سوشل میڈیا پلیٹ فورم ٹرتھ سوشل پر اپنے بیان میں امریکی صدر ٹرمپ نے کہا کہ یہ اقوام متحدہ کی تاریخ میں بہت بڑی منظوری ہوئی جس سے دنیا بھر میں مزید امن آئے گا اور یہ تاریخی لحاظ سے اہم لمحہ ہے۔روس اور چین نے سلامتی کونسل کی اس قرارداد پر رائے شماری میں حصہ نہیں لیا لیکن انہوں نے اس قرارداد کو ویٹو نہیں کیا بلکہ مسلمان اور عرب ممالک کی حمایت یافتہ اس قرارداد کو منظور ہونے دیا۔لیکن ماسکو اور بیجنگ نے اس قرارداد پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ قیام امن کیلئے جو طریقہ کار مرتب کیا گیا ہے اس میں اقوام متحدہ کو شامل نہیں کیا گیا ہے اور یہ قرارداد دو ریاستی حل کیلئے پختہ عزم کا اعادہ نہیں کررہی ہے۔

بقیہ وزیر اعلیٰ 3

دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت شفاف طرز حکمرانی، بہتر سروس ڈیلیوری اور عوامی مسائل کے حل کے لیے ہمہ وقت سرگرم ہے۔انہوں نے کہا کہ اراکین اسمبلی عوام کے حقیقی نمائندے ہیں،ان کی تجاویز اور آراء صوبائی پالیسیوں کی بہتری میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔حکومت تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر اجتماعی مفاد میں فیصلے کررہی ہے تاکہ ترقی و امن کا عمل مزید مضبوط ہو وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی و خوشحالی ہماری اولین ترجیح ہے اس کے لیے سرمایہ کاری کے فروغ، نوجوانوں کے لیے روزگار کے بہتر مواقع اور بنیادی ڈھانچے کی مضبوطی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کو فعال بنادیا گیا ہے تاکہ کاروباری ماحول بہتر ہو، سرمایہ کاروں کو سہولتیں ملیں اور معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہو انہوں نے اس موقع پر اراکین اسمبلی کو یقین دہانی کرائی کہ ان کے حلقہ انتخاب کے عوام کی فلاح سے متعلق تمام منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت سیاسی ہم آہنگی، ترقیاتی تسلسل اور عوامی مفاد کے ایجنڈے پر ثابت قدمی سے آگے بڑھ رہی ہے۔

بقیہ وزیر داخلہ 4

سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگرد عدالت کو نشانہ بنانا چاہتا تھا۔سیکیورٹی کی وجہ سے اندر نہ جاسکا، حملے سے جڑے تمام کردار ٹریس کیے جاچکے ہیں جبکہ سہولت کار بھی گرفتار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افسوسناک واقعہ کی ہر پہلو سے تحقیقات جاری ہیں۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ مذاکرات اور دہشتگردانہ حملے ایک ساتھ نہیں چل سکتے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور امریکہ کے تعلقات دوستی اور باہمی اعتماد پر مبنی ہیں۔قائم مقام

امریکی سفیر نٹالی بیکر نے پاکستان کی انسداد دہشتگردی کوششوں کو سراہا۔آئی جی اسلام آباد پولیس اور دیگر حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ وزیر دفاع 5

ممالک چاہتے ہیں پاکستان میں دراندازی ختم ہو، افغانستان دہشت گردوں کی آماجگاہ بن چکا ہے۔وزیر دفاع نے کہا کہ بھارت نہیں چاہتا پاکستان اور افغانستان کے معاملات بہتر ہوں، پاکستان 2 محاذوں پر انگیج ہوگا تو اس صورتحال میں ہوسکتا ہے بھارت ہمارے ساتھ لڑائی کا رسک نہ لے، بھارت کو ہر کوئی یاد کروا رہا ہے کہ انہیں ہزیمت اٹھانا پڑی۔انہوں نے کہا کہ بھارتی آرمی چیف کے بیان کو نظر انداز نہیں کرسکتے۔ہم بھارت پر کسی صورت اعتماد نہیں کرسکتے، بھارت سرحد پر بھی حملہ کرسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ غزہ سے متعلق پاکستان کو بین الاقوامی فورسز کا حصہ بننا چاہیے، پاکستان ابراہم اکارڈ میں جانے کا نہیں سوچ رہا،ابراہم اکارڈ سے متعلق پاکستان کا موقف بالکل واضح ہے،دو ریاستی حل تک پاکستان کے موقف میں تبدیلی نہیں ہوسکتی۔خواجہ آصف نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ میں صوبوں کا حصہ کم نہیں کریں گے، صوبوں کو کہیں گے دفاع اور قرضے میں اپنا حصہ ڈالیں۔وزیر دفاع نے کہا کہ فیملی پلاننگ اہم مسئلہ ہے،آبادی بڑھنا ایک بم کی طرح ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے 18 ویں ترمیم کے ساتھ بددیانتی کی ہوئی ہے،اختیارات پر چاروں صوبوں کے دارالخلافہ کے سیاستدانوں نے قبضہ کیا ہوا، پاکستان میں سب سے زیادہ طاقت بیوروکریسی کے پاس ہے،جب تک بیوروکریسی کی طاقت سیاستدانوں یا منتخب لوگوں کو نہیں ملے گی،کوئی مسئلہ حل نہیں ہوگا۔فیض حمید کے ٹرائل کے حوالے سے مجھے کوئی علم نہیں۔

بقیہ جعفرخان مندوخیل 6

سال 2025 میں ہی تمام سرکاری یونیورسٹیوں میں سینیٹ اور سنڈیکیٹ اجلاسوں کے انعقاد کو عملی طور پر ممکن بنایا۔اس شاندار کارنامے کے قابل ذکر نتائج بھی برآمد ہو چکے ہیں تقریباً تمام یونیورسٹیوں کی رینکنگ ڈبل ہو چکی ہے جو ہماری کوالٹی ایجوکیشن، مضبوط ایڈمنسٹریشن اور مؤثر مانیٹرنگ میکنزم کا ثبوت ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ میرے آنے سے پہلے بعض یونیورسٹیوں نے دو دو تین تین سال تک اجلاس منعقد نہیں کرایا تھا۔اعلیٰ تعلیمی اداروں میں طویل عرصے تک سینیٹ اور سنڈیکیٹ کے اجلاس نہ بلائے جانے سے یونیورسٹیوں کے مجموعی معاملات بری طرح متاثر ہوئے تھے لیکن اب قابل ذکر بات یہ ہے کہ گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے ذاتی دلچسپی لیتے ہیں اور ہر یونیورسٹی کے سینیٹ اجلاس کی بذات خود صدارت کی جو یونیورسٹیز کی ترقی کو یقینی بنانے کیلئے باقاعدہ مسلسل سات سے آٹھ گھنٹے وقف کرتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ وژنری قیادت کا متحرک کردار کسی بھی اعلیٰ تعلیمی ادارے کی اجتماعی صلاحیت میں اضافہ کرتا ہے،ایک ایسے تعلیمی ماحول کو فروغ دیتا ہے جہاں ٹیم کے ہر رکن کی پوشیدہ صلاحیتوں میں ایک نیا نکھار پیدا ہو جاتا ہے اور اسطرح سب ملکر اپنی کارکردگی میں بہتری لانے کے ذریعے پستی سے بلندی کی جانب گامزن ہو جاتے ہیں۔ ایک وژنری لیڈر ادارے کے تمام ذمہ داروں میں بحران سے نکلنے کا جذبہ ہی چنگاری کو بھڑکاتا ہے اور ترقی کی نئی منازل طے کرنے کا حوصلہ دیتا ہے۔ وژنری لیڈر کے کردار کو ترجیح دیتے ہوئے،ہم ٹیم کی کارکردگی اور حقیقی کامیابی پر ان کے وژن، رہنمائی اور بااختیار بنانے کے گہرے اثرات کو نظر انداز نہیں کر سکتے گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ گڈ گورننس کے حوالے سے یونیورسٹی میں سینیٹ اور سنڈیکیٹ کے باقاعدہ اجلاسوں کا ادارے کی کارکردگی اور ترقی کو یقینی بنانے میں کلیدی کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ طویل جدوجہد اور بھرپور توجہ سے تعلیمی، انتظامی اور مالی معاملات میں نئی سمتیں متعین ہوئیں۔ ہمیں فخر ہے کہ ہم ایک سال کے اندر بلوچستان کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے اجلاس منعقد کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ ہمیں فخر ہے کہ ہماری انتھک کوششوں سے تمام گیارہ پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے اندر فیصلہ سازی بجٹ سازی اور پالیسی سازی پر مثبت اور تعمیری اثرات مرتب ہوئے ہیں۔

بقیہ صدری کی ملاقات 7

کے صدر جسدیپ سنگھ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے منگل کو یہاں ان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر قانون وانصاف اعظم نذیر تارڑ اور پاکستانی نژاد امریکی کاروباری شخصیت ساجد تارڑ بھی موجود تھے۔وزیراعظم نے پاکستان آمد پر جسدیپ سنگھ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں سکھوں کے بہت سے مقدس مذہبی مقامات موجود ہیں،دنیا بھر سے سکھ برادری کے افراد مذہبی رسومات کی ادائیگی کے لئے آتے ہیں اور پاکستان ان کی مہمان نوازی کرتا ہے۔

بقیہ دہشتگرد ہلاک 8

ڈی نصب کرتے وقت ہی پھٹ گیا جس کے نتیجے میں دہشت گرد بھی ہلاک ہوگیا۔ ہوں ڈسٹرکٹ پولیس آفس کے ترجمان عامر خان نے بتایا کہ دو دہشت گرد وگھوڑا پل کو دھماکے سے اڑانے کا ارادہ رکھتے تھے،اس مقصد کیلئے انہوں نے پل پر آئی ای ڈی نصب کرنے کی کوشش کی۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ آئی ای ڈی وقت سے پہلے ہی پھٹ گیا جس سے دہشت گرد موقع پر ہی ہلاک ہوگیا ، دوسرا دہشتگرد زخمی حالت میں موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ ترجمان کے مطابق پولیس موقع پر پہنچ گئی ہے اور شواہد اکٹھے کیے جارہے ہیں،ساتھ ہی ہلاک دہشت گرد کی شناخت کا عمل بھی شروع کر دیا گیا ہے،دوسرے دہشتگرد کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن شروع کردیا گیا۔

بقیہ بلوچستان اسمبلی 9

،اجلاس میں بلوچستان سیف اینڈ انوائرمینٹل ساؤنڈری سائیکلنگ آف شپس ، بلوچستان جوڈیشل اکیڈمی (ترمیمی) بلوچستان انسداد گداگری کے قوانین پیش کیے جائیں گے۔اجلاس میں محکمہ کیو ڈی اے اور محکمہ محنت وافرادی قوت سے متعلق سوالات جوابات کا سیشن بھی ہوگا۔

بقیہ بیرسٹر گوہر 10

بشریٰ بی بی اور بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے بعد جو بھی قانونی کارروائی کرنی ہوگی ہم کریں گے، بشریٰ بی بی پاپردہ خاتون اور سیاست میں نہیں ہیں، فیصل واوڈا کی بشریٰ بی بی سے متعلق گفتگو انتہائی غلط ہے۔انہوں نے کہا کہ 27 ویں ترمیم سے توجہ ہٹانے کیلئے حکومت 28 ویں ترمیم کی بازگشت کررہی ہے، یہ اپنے آپ کو قانون سے بالاتر سمجھتے ہیں، لوگوں کی نظروں میں گر چکے ہیں، عدلیہ، جمہوریت کی مضبوطی کے لیے ہوتی ہے، اسے نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ عدالتوں کے فیصلوں پر عمل درآمد نہ ہو تو یہ جمہوریت نہیں، کوئی جج سیاسی نہیں ہوتا، استعفیٰ ذاتی فیصلہ ہے، اچھے جج کو عدلیہ میں رہنا چاہیے، مستعفی نہیں ہونا چاہیے۔

بقیہ محمود خان 11

رہنما محمود خان اچکزئی نے کہا کہ جمعہ کو پورے پاکستان میں یوم سیاہ منایا جائے گا، جمعہ کی نماز میں ہم سب اس ترمیم کی مذمت کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ہمارا قانون ہر اس چیز کی مخالفت کرتا ہے جو اسلام کے خلاف ہو اور 27 ویں ترمیم نے قانون کو غیر مؤثر کردیا۔محمود اچکزئی نے بتایا کہ ہم ایک بڑی اپوزیشن اتحاد کا کانفرنس بلا رہے ہیں جس میں ہر طبقے کے لوگ شامل ہوں گے، بدتمیزی نہیں ہوگی اور پر امن احتجاج ہوگا۔ اس موقع پر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ آج ہم نے پارلیمنٹ سے سپریم کورٹ تک واک کی، پاکستان میں عوام کے لیے انصاف کے تمام راستے بند ہوگئے، اب ظلم کا راستہ ہمارے سسٹم میں کوئی نہیں روک سکتا۔انہوں نے کہا کہ۔

27ویں آئینی ترمیم کے بعد 3 اہم آئینی و عدالتی اداروں کی تشکیل نو

سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل کو سپریم جوڈیشل کونسل اور پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی کا رکن نامزد کردیا گیا

سپریم جوڈیشل کونسل کی سربراہی چیف جسٹس آف پاکستان یا وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس میں سے سینئر ترین جج کرے گا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) 27ویں آئینی ترمیم کی منظوری کے بعد اہم آئینی اور عدالتی اداروں کی تشکیل نو کردی گئی ہے، ان تبدیلیوں کے تحت سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل کو سپریم جوڈیشل کونسل (ایس جے سی) اور پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی کا رکن بنایا گیا ہے جبکہ وفاقی آئینی عدالت (ایف سی سی) کے جج جسٹس عامر فاروق کو جوڈیشل کمیشن آف پاکستان (جے سی پی) میں شامل کرلیا گیا ہے، تین اہم قانونی اداروں میں سپریم جوڈیشل کونسل ججوں کے احتساب کا سب سے بڑا فورم ہے، پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی بنچ بنانے ا.......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل قائمقام چیف جسٹس کامران خان ملاخیل سے حلف لے رہے ہیں

کوئٹہ جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری، اسلحہ برآمد

سینکڑوں گرفتار، 1 کلوگرام ہیروئن، 36 بوتلیں شراب، 18 کین بیئر بھی قبضے میں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پولیس نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں میں بڑے پیمانے پر منشیات، اسلحہ اور مسروقہ موٹر سائیکلیں و دیگر برآمد کرکے درجنوں ملزمان کو دھرلیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ماہ نومبر کے دوران صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 21 ملزمان.......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

محمد عثمان پرکانی کی جانب سے دائر الیکشن پٹیشن خارج

درخواست پی بی 45 کوئٹہ VIII کے 15 متنازعہ پولنگ اسٹیشنز میں دھاندلی کے الزام کی بنیاد پر دائر کی گئی تھی

کوئٹہ (آن لائن) جسٹس محمد عامر نواز رانا پر مشتمل الیکشن ٹریبونل نے میر محمد عثمان پرکانی کی جانب سے دائر کی گئی الیکشن پٹیشن خارج کردی۔ یہ پٹیشن حلقہ پی بی 45 کوئٹہ VIII کے 15 متنازعہ پولنگ اسٹیشنز میں مبینہ دھاندلی کے الزام کی بنیاد پر دائر کی گئی تھی۔ الیکشن ٹریبونل نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ پٹیشنر مذکورہ 15 پولنگ اسٹیشنز پر دھاندلی.......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں

کالعدم تحریک لبیک پر پابندی لگانے کا وزارت داخلہ کا نوٹیفکیشن چیلنج

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) کالعدم تحریک لبیک پاکستان (ٹی ایل پی) نے گزشتہ ماہ عائد کی جانے والی پابندی کے خلاف نظر ثانی کی درخواست جمع کرادی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ٹی ایل پی نے وزارت داخلہ کے 24 اکتوبر کے اس نوٹیفکیشن کو چیلنج کیا ہے، جس کے تحت پنجاب حکومت کی سفارش کی وفاقی کابینہ سے منظوری کے ایک روز بعد جماعت کو انسداد دہشت گردی ایکٹ (اے ٹی اے) 1997 کے تحت کالعدم تنظیموں کی شیڈول ون میں شامل کیا گیا تھا

کوہلو سبی روڈ پر مسلح افراد کی فائرنگ 2 افراد زخمی، ملزم گرفتار

کوہلو (نمائندہ مشرق) کوہلو سبی روڈ سوخری کے مقام پر مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاڑا اور محمد دین زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق فائرنگ کرنے والے اور زخمی افراد جرواڑ مری قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں اور واقعہ پرانے تنازعے کا نتیجہ معلوم ہوتا ہے۔ زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال کوہلو منتقل کردیا گیا جبکہ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے مزید تحقیقات شروع کردی۔

شاہ محمود قریشی 2 برس سے بے گناہ قید کا سامنا کررہے ہیں، اسد قیصر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین مخدوم شاہ محمود قریشی کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعاگو ہوں۔ اللہ تعالی انہیں شفائے کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا شاہ محمود قریشی گزشتہ 2 برس سے عمران خان کے نظریے کے ساتھ وفاداری اور ثابت قدمی کے باعث بے گناہ قید کا سامنا کررہے ہیں۔ انہوں نے جس جوانمردی، صبر، استقلال اور حوصلے کے ساتھ اس آزمائش کو برداشت کیا ہے

صوبے کے عوام بدترین معاشی بحران کا شکار ہیں' بی این پی

حکومتی پالیسیوں نے صوبے میں پسماندگی اور مشکلات میں اضافہ کیا' آغا حسن ایڈووکیٹ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن ایڈووکیٹ نے بلوچستان کی موجودہ صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کے عوام بدترین معاشی بحران، بے روزگاری اور بنیادی سہولیات کی کمی کا شکار ہیں۔ آغا حسن نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ بلوچستان کی سرحدی اور دور دراز.......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

حقوق پر کبھی بھی سودے بازی نہیں کی' پشتونخوامیپ

حقوق کو مال غنیمت سمجھنے والوں کا احتساب عوام ضرور کریں گے' سید شراف آغا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پشتونخوامیپ نے عوام کے حقوق کی دفاع کی ہے اور کبھی بھی اس پر سودا بازی نہیں کی، عوام کے حقوق کو مال غنیمت سمجھ کر غصب کرنیوالوں کا احتساب عوام ضرور کریں گے ملک کی سیاسی، جمہوری جماعتیں و قوتیں اور جمہوری عوام خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی، محمود خان اچکزئی اور پشتونخو.......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

جوائنٹ روڈ وملحقہ علاقوں میں بجلی وگیس غائب، عوام پریشان

شدید سردی میں بھی بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سمجھ سے بالاتر ہے، کوئی پرسان حال نہیں

بجلی وگیس کی لوڈشیڈنگ بند کی جائے، بصورت دیگر احتجاج کیا جائیگا، ارشد یوسفزئی

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) جوائنٹ روڈ، ریلوے کالونی، بابو محلہ اور گردونواح میں شدید سرد موسم میں بجلی کی طویل و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور گیس پریشر میں کمی نے شہریوں کی چیخیں نکال دیں، بار بار توجہ دلانے کے باوجود مسائل جوں کے توں ہیں جبکہ علاقے سے جماعت اسلامی کے نامزد امیدوار برائے یوسی 14 وارڈ نو، صدر نیشنل لیبر فیڈریشن ارشد یوسفزئی.......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

ترقی کا انحصار امن و استحکام پر، خطے کی خوشحالی مشترکہ ہدف ہے، اسحاق ڈار

شنگھائی تعاون تنظیم علاقائی تعاون کو فروغ دینے کیلئے اچھی پوزیشن میں ہے، ایس سی او نے خطے میں معاشی خوشحال کی بنیاد رکھی

ایس سی او رکن ممالک کے درمیان منظم روابط انتہائی اہم ہیں، پاکستان معاشی روابط کو عملی شکل دینے کے لیے پرعزم ہے، وزیر خارجہ

ماسکو (م ڈ) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے انسانی شعبے میں علاقائی تعاون کو فروغ دینے کے لیے اچھی پوزیشن میں ہے۔ یہ بات انھوں نے ماسکو میں شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ایس سی او اپنی کونسل آف ہیڈز آف گورنمنٹ کا اجلاس ماسکو میں 17 سے 18 نومبر تک منعقد کررہی ہے، روس کی زیر صدارت ہونے والا یہ اعلی سطح کا اجلاس تین ماہ قبل منعقد ہونے والی اہم تیانجن سربراہی ملاقات کے بعد ہو رہا ہے اور بدلتی ہوئی.......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایم پی اے انجینئر زمرک خان اچکزئی ملاقات کررہے ہیں

الیکشن کمیشن نے اسلام آباد بلدیاتی الیکشن کے انعقاد کا اعلان کردیا

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کا اعلان کردیا۔ کمیشن کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا کہ اسلام آباد کی لوکل گورنمنٹ کی معیاد 14 فروری 2021 کو ختم ہوئی، مگر انتخابات بار بار موخر ہوتے رہے۔ آئین کے آرٹیکلز 140-A، 219 اور 218(3) کے تحت انتخابات کرانا لازم تھا۔ کمیشن نے 5 بار حلقہ بندیاں اور 3 بار الیکشن شیڈول جاری کیا، مگر عمل مکمل نہ ہوسکا، 13 نومبر 2025 کو سماعت ہوئی اور 17 نومبر 2025 کو انتخابات کرانے کا فیصلہ دیا

خراب صورتحال کے باعث بزنس مین بیرون صوبہ منتقل ہوچکے' ایوان صنعت وتجارت

حکمران صورتحال سے متعلق تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیکر اقدامات اٹھائیں' ایوب مریانی

کوئٹہ (آئی این پی) ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی، سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ، نائب صدر انجینئر میر وائس خان کاکڑ و دیگر نے بارڈر ٹریڈ اور انٹرنیٹ بندش امن وامان کی خراب صورتحال، چیک پوسٹوں پر بلاوجہ تنگ کرنے کے جاری سلسلے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خراب صورتحال کے باعث بزا.......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ' حماد خان کے قتل میں اہلیہ ملوث' قاتل سمیت گرفتار

سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کی کامیاب کارروائی' مقتول کی اہلیہ سماء (ع) نے اعتراف جرم کرلیا

کوئٹہ (یو این اے) سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کی کارروائی نامعلوم افراد کی فائرنگ سے حماد خان کی ہلاکت کے بعد اس کے بھائی زرک خان نے پولیس میں رپورٹ درج کرائی کہ حماد اپنی اہلیہ کے ہمراہ رشتہ داروں کی شادی سے واپس آرہے تھے کہ نامعلو.......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پیپلز پارٹی کے رہنما نورالدین کاکڑ، نصراللہ خان اچکزئی، جہانزیب خان کاکڑ و دیگر کا بلدیاتی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی جمع کرانے کے موقع پر گروپ فوٹو

نایاب رولیکس گھڑی ایک ارب 34 کروڑ روپے میں فروخت

دبئی (م ڈ) گھڑی ساز سوئس کمپنی رولیکس کی جانب سے 85 سال قبل 1940 میں بنائی گئی نایاب گھڑی ریکارڈ قیمت 47 لاکھ 17 ہزار امریکی ڈالر میں فروخت ہوگئی۔ خلیجی اخبار گلف نیوز کے مطابق دبئی میں سنگاپور کی کمپنی فیوچر گرائل نے نایاب گھڑی کی نیلامی کا میلہ منعقد کیا، جس میں گھڑی کو ریکارڈ قیمت پر خرید لیا گیا۔ رولیکس نے 1940 کی دہائی میں 'رولیکس 4113' ماڈل کی صرف 12 گھڑیاں ہی بنائی تھیں جن میں سے اب صرف 9 گھڑیاں ہی دنیا میں موجود ہیں

دفاعی شعبے کے منصوبوں کیلئے 50 ارب روپے کا ریلیف پیکیج منظور

اقتصادی کمیٹی نے وفاقی سول آرمڈ فورسز کے دفاعی آلات کی مرمت کیلئے 10 کروڑ 3 لاکھ روپے کی منظوری دیدی

پاسکو کے خاتمے اور اس کیلئے خصوصی ادارہ قائم کرنیکی منظوری ایس پی وی کا ابتدائی ادا شدہ سرمایہ 10 لاکھ روپے مقرر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں وفاقی سول آرمڈ فورسز کے دفاعی آلات کی مرمت اور سول آرمڈ فورسز کو مزید رقم دینے کے علاوہ دفاعی خدمات کے منصوبوں کے لیے سپلیمنٹری گرانٹ منظور کرلی۔ وزیر خزانہ اورنگزیب کی زیر صدارت کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس ہوا، وفاقی سول آرمڈ فورسز کے دفاعی آلات کی مرمت کیلئے 10 کروڑ 3 لاکھ روپے کی منظوری دیدی گئی۔ اس کے علاوہ سول آرمڈ فورسز کو مزید 84 کروڑ 15 لاکھ 60 ہزار روپے دینے کی بھی منظوری دی گئی۔ وزارت خزانہ کے جاری .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور: اے پی این ایس کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس میں سید ممتاز شاہ، مجیب الرحمن شامی، نوید چوہدری و دیگر شریک ہیں

دکی' لیویز فورس کی کارروائی 14.5 کلوگرام افیون برآمد

کارروائی ڈپٹی کمشنر محمد نعیم خان کی ہدایت پر عمل میں لائی گئی' 2 ملزمان گرفتار

دکی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر دکی محمد نعیم خان کی خصوصی ہدایت پر لیویز فورس نے منشیات فروشوں کے خلاف ایک موثر کارروائی کرتے ہوئے 14.5 کلوگرام افیون برآمد کرلی، جبکہ دو ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ رسالدار لیویز نصیب اللہ ترین نے رسالدار.......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

میر علی مدد جتک کے حق میں عدالتی فیصلہ انصاف کی فتح ہے' عوامی حلقے

فیصلے نے نہ صرف عوامی مینڈیٹ کا احترام بلکہ ترقی اور عوامی خدمت کے جاری سلسلے کو بھی مضبوط کیا' علاقہ معتبرین

حاجی علی مدد جتک نے اپنے عملی اقدامات سے عوام کے مسائل دہلیز پر حل کئے' عوامی نمائندوں کا شانہ بشانہ کھڑے رہنے کا عزم

کوئٹہ (پ ر) حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے علاقائی معتبرین، پارٹی ورکرز اور عوامی نمائندوں نے حاجی علی مدد جتک کی کامیابی کو برقرار رکھنے اور مخالف امیدوار کی اپیل کو مسترد کیے جانے کو علاقے کیلئے نہایت مثبت اور خوش آئند فیصلہ قرار دیا ہے ان کا کہنا ہے کہ اس فیصلے نے نہ صرف عوامی مینڈیٹ کا احترام کیا ہے بلکہ ترقی اور عوامی خدمت کے جاری سلسلے کو بھی مضبوط کیا ہے معتبرین کا کہنا تھا کہ حاجی علی مدد جتک نے اپنے عملی اقدامات، عوامی رابطوں، اور عوام کی دہلیز پر مسائل کے حل کی مسلسل جدوجہد کے ذریعے لوگوں کے دلوں میں اپنی جگہ بنائی.......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی سے پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ زرین خان مگسی ملاقات کررہے ہیں

صوبے میں شاہراہوں اور انٹرنیٹ کی بندش قابل مذمت ہے' اے این پی

انٹرنیٹ کی بندش سے تعلیمی وکاروباری سرگرمیاں شدید' صوبائی ترجمان ولی داد میانی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان ولی داد میانی نے اپنے جاری کردہ بیان میں صوبہ بھر بالخصوص کوئٹہ شہر کی صورت حال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکیورٹی خدشات کے نام پر صوبائی دارالحکومت اور بین الصوبا.......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور' خشک سالی کے باعث دریائے رخشاں و کاریزات خشک

کرپشن و محکمہ کی بے توجہی کے باعث عوام پانی کی بوند بوند کیلئے ترس گئے

پنجگور (یو این اے) پنجگور میں گزشتہ دو سے تین سالوں سے بارش نہ ہونے کے باعث خشک سالی شدت اختیار کرگئی ہے۔ دریائے رخشاں خشک ہو چکا ہے اور آبپاشی کے لئے دریائے رخشاں سے نکالی جانے والی چھوٹی نہریں بھی خشک ہوگئیں طویل خشک سالی کے سبب کاریزات اور عام کنویں بھی خشک ہوگئے ہیں، جس کے نتیجے میں عوام پانی کے حصول.......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ' مرغی اور انڈے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

انتظامیہ مکمل خاموش' گرانفروش سرگرم مہنگائی نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت میں مہنگائی کا نیا طوفان نے عوام کی زندگی اجیرن کردی جہاں مرغی اور انڈے کی قیمتوں میں ریکارڈ اضافہ ہو چکا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ چکن کی قیمت میں 200 روپے فی کلو تک کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ انڈہ 35 روپے فی عدد کے حساب سے فروخت ہو رہا ہے، جس سے گھریلو بجٹ شدید متاثر ہو چکا ہے۔ حال.......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کو نظر انداز کرنا ترقی کے راستے میں رکاوٹ ہے' کہدہ بابر

سی پیک کے باوجود صوبے پر ایک روپیہ بھی خرچ نہیں کیا گیا' رہنما بی اے پی کی جی ٹی وی سے گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما سینیٹر کہدہ بابر نے کہا ہے کہ بلوچستان کو مسلسل نظر انداز کرنا قومی ترقی کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ جی ٹی وی سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ گوادر پورٹ کو وہ توجہ نہیں دی گئی جس کا یہ قومی اثاثہ حقدار تھا، اگر سنجیدگی سے کام کیا جاتا تو بلوچستان کے مقامی لوگ اور پورا پاکستان اقتصادی سرگرمیوں سے مستفید ہو رہا ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر مالک کے دور حکومت میں سی پیک منصوبہ آیا، لیکن پانچ.......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار، ایف سی سکاؤٹس نے غیر قانونی سمگل شدہ سامان نذر آتش کردیا

خفیہ اطلاعات پر کارروائی کرتے ہوئے یہ غیر قانونی سامان قبضے میں لیا گیا' حکام

خضدار (این این آئی) ایف سی قلات اسکاؤٹس نے ضلع خضدار میں غیر قانونی سمگلنگ کے خلاف ایک کامیاب آپریشن کرتے ہوئے بڑی مقدار میں چھالیہ، گٹکا اور دیگر ممنوعہ اشیاء برآمد کرلیں، جن کی مالیت لاکھوں روپے بتائی جا رہی ہے۔ ایف سی حکام کے مطابق خفیہ اطلاعات پر کارروائی کرتے ہوئے بیٹنگل ہائی وے سے یہ غیر قانونی سامان قبضے میں لیا گیا جو سرحدی علاقوں سے سمگل کرکے بڑے شہروں میں منتقل کیا جا رہا تھا۔ برآمد ہونے والی اشیاء.......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلی و عدالتی احکامات، گیس فراہمی کے دورانیے میں مزید 2 گھنٹے کا اضافہ کردیا' جنرل منیجر

دورانیہ بڑھا کر رات 10 بجے کی بجائے 12 بجے کردی' گیس فراہمی ممکن بنانے کیلئے ہمیں لوڈشیڈنگ کا سہارا لینا پڑتا ہے' شاہد شیخ

کمپنی مختلف شعبوں میں عوام کی فلاح و بہبود کو مدنظر رکھ کر کام کرتی ہے' کوئٹہ پریس کلب کے صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست میں گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سوئی سدرن گیس کمپنی کے گروپ جنرل منیجر شاہد شیخ اور ڈپٹی جنرل منیجر سلمان صدیقی نے کہا ہے کہ کمپنی نے بلوچستان کے عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے آج سے گیس کی لوڈشیڈنگ رات 10 بجے کی بجائے 12 بجے کردی ہے اور 2 گھنٹے گیس کی فراہمی کا دورانیہ بڑھا دیا گیا ہے عوام سے درخواست ہے کہ وہ گیس جیسی نعمت کو ضائع نہ کریں اور سردیوں میں کھانا پکانے اور دیگر ضروریات پوری کرنے کے بعد سونے سے قبل گیس ہیٹر اور چولہوں کو اچھی طرح مین وال سے بند کریں تاکہ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آسکے.......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی سے انکے دفتر میں مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ بلدیاتی انتخابات، 3121 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرادیئے

چلتن ٹاؤن کے دونوں حلقوں سے 1619، سریاب ٹاؤن سے 562 اور تکتو ٹاؤن سے 940 امیدوار نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے ہیں

الیکشن کمیشن نے ابتدائی فہرست شائع کردی، کاغذات کی جانچ پڑتال 19 تا 24 نومبر جاری رہیگی، حتمی فہرست 5 دسمبر کو جاری کی جائیگی

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں انتخابی سرگرمیاں تیز ہوگئیں، ریٹرننگ افسران کے مطابق مختلف ٹاؤنز سے مجموعی طور پر 3121 کاغذات نامزدگی جمع کرائے گئے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق امیدواروں کی ابتدائی فہرست شائع کردی گئی ہے۔ چلتن ٹاؤن سے 918 اور چلتن ٹاؤن ہی کے دوسرے حلقوں سے 701 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے، جبکہ سریاب ٹاؤن سے 562 اور تکتو ٹاؤن سے 940 امیدوار میدان میں آئے ہیں۔ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 19 سے 24 نومبر تک جاری رہے گی۔ ریٹر.......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی قائمہ کمیٹی برائے قواعد وانضباط کار کا اجلاس

قوانین کو وقت کے تقاضوں کے مطابق بہتر بنانے کیلئے سفارشات اسمبلی میں پیش کی جائیں گی' کمیٹی

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے قواعد وانضباط کار کا اجلاس چیئرمین میر اسد اللہ بلوچ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی، میر یونس عزیز زہری، خیر جان بلوچ، شاہدہ رؤف، زرین خان مگسی، اصغر علی ترین، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، اسپیشل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمن اور ایڈیشنل سیکرٹری.......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

گیس کی مسلسل بندش ولوڈشیڈنگ سراسر ظلم ہے' قاری مہر اللہ

حکومت بے حس' عوام کو احتجاج پر مجبور کررہی ہے' رہنما، جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ' جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی' مولانا نیاز محمد، مولانا غذائے نظر، آغا ابراہیم شاہ مولانا رحمت اللہ حقانی، مولانا محمد ابراہیم حاجی نادر خان اچکزئی نے کہا کہ گیس کی مسلسل کئی روز سے بندش، لوڈشیڈنگ سراسر ظلم ہے بنیادی ضروریات سے محرومی عوام کو زندہ در گور کرنے کے.......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

مسلم لیگ (ن) بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی' جمال شاہ کاکڑ

شہر کی ترقی کیلئے موثر کردار ادا کرنے کیلئے پرعزم ہیں' رکن قومی اسمبلی

مسلم لیگ (ن) اپنی شاندار کامیابی بھی یقینی بنائے گی' کارکنان سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ کی کوئٹہ آمد کے بعد شہر میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق سیاسی سرگرمیوں میں نمایاں تیزی دیکھنے میں آئی ہے۔ جمال شاہ کاکڑ نے پارٹی کی تنظیمی حکمت عملی اور آئندہ بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں کے حوالے سے شہر کے مختلف علاقوں میں مسلم لیگ (ن) کے.......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

ایم پی اے حاجی علی مدد جتک کو آغا شکیل درانی اور میر ساجد دشتی مٹھائی کھلا رہے ہیں

کلاؤڈ فلیئر میں تکنیکی خرابی سے انٹرنیٹ سروسز متاثر

لندن (م ڈ) انٹرنیٹ کی انفرااسٹرکچر کلاؤڈ فلیئر میں تکنیکی خرابی پیدا ہوگئی۔ برطانوی میڈیا کے مطابق کہ کلاؤڈ فلیئر میں تکنیکی خرابی سے انٹرنیٹ سروسز متاثر ہوگئی ہے، تکنیکی خرابی سے سوشل میڈیا ایپس، انٹرنیٹ کی رفتار مانیٹر کرنے والی ویب سائٹ بھی متاثر ہوئی ہے، انٹرنیٹ براؤزنگ کرنے پر انٹرنل سرور ایرر آن کلاؤڈ فلیئر نیٹ ورک کا میسج سامنے آرہا ہے۔ ذرائع کے مطابق تکنیکی خرابی کے باعث متاثر ہونے والی ویب سائٹس میں اوپن اے آئی، چیٹ جی پی ٹی اور کمپنی ایکس بھی شامل ہیں

عمران خان سے ملاقات کیلئے اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی نے بانی چیئرمین سے ملاقات کیلئے اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ چیلنج کردیا۔ تحریک انصاف نے سپریم کورٹ میں اپیل دائر کردی۔ سلمان اکرم راجا نے سپریم کورٹ سے اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دینے کی استدعا کی ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ لارجر بنچ نے ملاقات کا فیصلہ دیا، بانی سے ملاقات نہ ہونے پر توہین عدالت کی درخواست دائر کی۔

پاکستان اور امریکی نجی کمپنیز کے مابین قیمتی دھاتوں پر بڑا معاہدہ

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان کی پہلی نجی کمپنی ہیمالین ارتھ ایکسپلوریشن نے امریکی کمپنی نووا منرلز کے ساتھ ریئر ارتھ منرلز اور قیمتی دھاتوں پر معاہدہ کرلیا ہے۔ معاہدے کے تحت پاکستانی نوجوانوں کو امریکا میں بھیج کر معدنیات کے شعبے میں تربیت بھی دی جائے گی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ہیمالین ارتھ ایکسپلوریشن کے چیئرمین حنیف گوہر نے بتایا کہ امریکی کمپنی پاکستان معدنی شعبے میں 500 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گی

تنظیم کے ٹھکانوں سے جدید اسلحہ برآمد، کالعدم ٹی ایل پی کے 23 ارب 40 کروڑ کے اثاثے منجمد

انتہا پسند جماعت کے عہدے داروں کے 92 بینک اکاؤنٹس اور جاز کیش سمیت تمام ڈیجیٹل اکاؤنٹس بھی منجمد

پنجاب حکومت کا باقی صوبوں میں بھی انتہا پسند جماعت کیخلاف کارروائی کیلئے وفاقی حکومت سے درخواست کا فیصلہ

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف نے دورہ برازیل سے واپسی پر امن وامان کے لیے مزید ہائی الرٹ رہنے کا حکم دے دیا۔ دہشت گرد، انتہا پسند اور نفرت کے نیٹ ورک پنجاب میں بے بس دکھائی دیے۔ پنجاب حکومت نے انتہا پسندوں اور دہشتگرد کے نیٹ ورک کے مالیاتی اور جنگی انفرا اسٹرکچر کو اکھاڑ پھینکا ہے۔ ٹی ایل پی کے ٹھکانوں سے جدید ترین اسلحہ، ہزاروں گولیاں، بلٹ پروف جیکٹس اور جنگی ساز وسامان برآمد ہوئے۔ پنجاب حکومت نے احتجاج کے نام پر نفرت فتنہ پھیلانے والی فنڈنگ روک دی۔ کالعدم انتہا پسند.......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

ایس سی او کو نظریاتی نہیں، عملی فورم بنانے کی ضرورت ہے' محمد عبدالقادر

اجلاس میں علاقائی سلامتی، اور رابطہ کاری کے فروغ پر تفصیلی غور کیا جارہا ہے' سینیٹر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ ایس سی او اجلاس ماسکو میں شروع ہو چکا ہے جس میں علاقائی تعاون کیلئے عملی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا جانا چاہیے ماسکو میں تاریخی ایس سی او کانفرنس کے موقع پر رکن ممالک کا مشترکہ چیلنجز کے حل پر اتفاق ہونا اس فورم کو معاشی خیز بنادے گا ایس سی او کو نظریاتی.......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی کیس، سابق گورنر پنجاب عمر چیمہ کی ضمانت منظور

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کی انسداد دہشتگردی عدالت (اے ٹی سی) نے 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں سابق گورنر پنجاب عمر سرفراز چیمہ کی ضمانت منظور کرلی۔ انسداد دہشت گردی عدالت لاہور میں پی ٹی آئی رہنما عمر چیمہ کی 9 مئی جلاؤ گھیرا کے مقدمے میں درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی۔ اے ٹی سی لاہور نے مظلپورہ میں جلاؤ گھیراؤ اور تشدد کے مقدمے میں سابق گورنر پنجاب کی ضمانت منظور کرلی

بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر ترمیمی بل 2025ء پر کابینہ کی کمیٹی کا اجلاس

ترمیمی بل کی منظوری سنگ میل ثابت ہوگی' صوبائی وزیر منصوبہ بندی ظہور احمد بلیدی

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی کی صدارت میں بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر ترمیمی بل 2025ء پر کابینہ کی ذیلی کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پیش کیا گیا نظر ثانی شدہ مسودہ صوبے کے ماہی گیری کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے جامع اصلاحات پر مشتمل ہے۔ یہ مسودہ وسیع.......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

سریاب میں گیس بجلی کی لوڈشیڈنگ، شہری اذیت میں مبتلا

سردی میں بچے اور بزرگ بیمار ہونے لگے، حکام نوٹس لیں، حاجی بشیر احمد رند

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) سریاب روڈ کے اطراف کے گنجان آباد علاقوں میں گیس بجلی غائب، علاقے میں پانی کی شدید قلت، سردی میں گیس نہ ہونے کی وجہ سے شہری ٹھٹھر کر رہ گئے، تفصیلات کے مطابق بولان کے علاقے میں گیس پائپ لائن میں شگاف کے بعد مسلسل چار روز سے سریاب کلی کمالوں، دیگر گنجان آباد علاقوں میں گیس مکمل طور پر غائب ہے، علاقے کے مکینوں کی جانب سے بار بار اعلی حکام کو آگاہ کرنے کے باوجود گیس پریشر کا مسئلہ حل ہوا نہ ہی بجلی کی.......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے' علماء کرام

قیام پاکستان کے بعد قادیانیوں نے ایک سازش کے تحت بلوچستان کو قادیانی اسٹیٹ بنانے کیلئے مہم شروع کی' مولانا اللہ وسایا

عقیدہ ختم نبوت مسلمانوں کی وحدت کا مرکز ہے' مولانا قاضی احسان احمد' مولانا انوار الحق حقانی، مولانا عبدالرحمان رفیق و دیگر

کوئٹہ (پ ر) علمائے کرام و مذہبی رہنماؤں نے قادیانیوں کو دعوت اسلام دیتے ہوئے کہا ہے کہ عقیدہ ختم نبوت مسلمانوں کی وحدت کا مرکز اور دین متین کا بنیادی عقیدہ ہے اس کے تحفظ کیلئے مسلمان کسی قسم کی قربانی دینے سے دریغ نہیں کرینگے قادیانی مملکت پاکستان کے وفادار نہیں ان کو اہم اور کلیدی عہدوں سے ہٹایا جائے۔ قیام پاکستان کے بعد قادیانیوں نے ایک سازش کے تحت بلوچستان کو قادیانی اسٹیٹ بنانے کیلئے مہم شروع کی لیکن امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری اور ان کی جانثاران ختم نبوت نے سرزمین بلوچستان میں قادیا.......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

علاقے کے عوام کی خدمت کیلئے حاضر ہیں، سردار زادہ فیصل جمالی

عوام کی طاقت سے کامیابی حاصل ہوئی' صوبائی وزیر لائیو سٹاک

اوستہ محمد (نامہ نگار) ہم ہر وقت علاقے کے عوام کی خدمت کے لئے حاضر ہیں عوام کی طاقت سے کامیابی حاصل ہوئی دن رات خدمت کیلئے تیار ہیں' تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کے بھتیجے نوجوان قیادت میر ضرار ناصر خان جمالی اور بیٹے میر کلیم اللہ خان جمالی کی بہترین حکمت عملی سے گوٹھ جانن جمالی.......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

اوگرا نے ایل پی جی کی مقررہ قیمتوں سے زائد فروخت کا نوٹس لے لیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی نے ایل پی جی کی مقررہ قیمتوں سے زائد فروخت کا نوٹس لے لیا۔ ترجمان اوگرا کے مطابق اوگرا انفورسمنٹ ٹیم نے راولپنڈی اور اسلام آباد کے علاقوں فتح جنگ روڈ، ترنول کے قریبی علاقوں میں اوور چارجنگ پر 3 ایل پی جی پلانٹس سیل کیے ہیں۔ ترجمان کے مطابق مقررہ قیمتوں سے زائد چارج کرنے والے ایل پی جی پلانٹس کے خلاف کارروائی ہوگی۔

عوام کو سہولیات سے محروم کرنا سمجھ سے بالاتر ہے' مولانا عبدالرحمان رفیق

مواصلاتی ذرائع کا معطل ہونا عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے' عین اللہ شمس

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، مولانا محمد سلیمان، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی ولی محمد بڑیچ، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی.......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

اے این پی نے پشتونوں کے حقوق کیلئے قربانیاں دی ہے' زمرک اچکزئی

شہداء کی قربانیوں کی بدولت باچا خان کی صد سالہ فکر عدم تشدد کو آج بھی دوام حاصل ہے

23 نومبر کو جلسہ عام میں پشتون عوام بھرپور انداز میں شرکت کریں' مرکزی رہنماء

کوئٹہ (اے این این) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء اور پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے عوامی نیشنل پارٹی شہداء کی جماعت ہے اور اے این پی نے پشتونوں کے حقوق کے لئے بہت بڑی قربانیاں دی ہے شہدائے وطن شہید خان جیلانی خان اچکزئی شہید اسد خان اچکزئی کی برسی کے موقع پر 23 نومبر کو چکلاک ہائی سکول گراؤنڈ میں منعقد.......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی محتسب اعلی علی احمد لہڑی اور اے ٹی سی تربت کے جج نثار احمد علیزئی ملاقات کررہے ہیں

امریکہ خطے میں خطرناک کھیل کھیلنے جارہا ہے' جمعیت نظریاتی

ٹرمپ کسی کا مستقبل دوست نہیں وہ مفادات کی خاطر با آسانی دوست کو دشمن اور دشمن کو دوست بنانے میں ماہر ہے' مولانا عبدالقادر لونی

اجتماعی مسائل کے حل کیلئے مسلم ممالک کے مابین اتحاد اور بہتر تعلقات ناگزیر ہیں' مولانا محمود الحسن قاسمی' سید عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مولانا سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ بھارت سے امریکی دفاعی معاہدوں اور ٹرمپ کی جانب سے مزید قربتوں کے بعد پاکستان اور اسلامی دنیا حکمرانوں کی آنکھیں کھلنی چاہیئں امریکہ کسی ملک کا مستقل دوست نہیں ہوسکتا وہ اپنے مفادات کی خاطر دوست کو دشمن بنانے دشمن کو دوست میں دیر کرتا.......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

مسائل کے حل کیلئے مذاکرات کو ترجیح دی جائے' مولانا ہدایت الرحمن

صوبے کے عوام پریشان' معدنیات سے مالا مال بلوچستان کی اکثر آبادی غربت و پسماندگی کا شکار ہے' امیر جماعت اسلامی

تین روزہ اجتماع بلوچستان کے مسائل اجاگر، حقیقی تبدیلی اور اسلامی انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوگا' کوئٹہ میں مختلف تقاریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی کا تین روزہ کل پاکستان اجتماع عام 21 سے 23 نومبر مینار پاکستان بلوچستان کے مسائل اجاگر و حل کی راہ ہموار کرنے کیساتھ حقیقی تبدیلی اور اسلامی انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوگا جماعت اسلامی اس عظیم اجتماع کے ذریعے بلوچستان کے دیرینہ اور سلگتے ہوئے اجتماعی مسائل کی طرف پوری قوم اور مقتدر حلقوں کی توجہ مبذول کرانا چاہتی ہے آج بلوچستان جام، عوام نان شبینہ کے محتاج آمدورفت، تجارت، بارڈر، شاہراہیں، انٹرنیٹ او.......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: چیف آف سراوان نواب اسلم رئیسانی ٹکری محمد اعظم زنگیزئی رئیسانی کی دستار بندی کررہے ہیں